چنبیلی کے پتے ابال لیں اور ہر صبح اس پانی سے کلیاں کریں تو دانتوں پر پڑے سیاہ نشان ختم ہو جائیں گے۔

نکسیر پھوٹنا

ناک سے خون آنے پر پکی ہوئی پھلی شکر ملے دودھ کے ساتھ کھانے سے فائدہ ہو گا۔

دل کے امراض

دل کے مقام پر درد ہو تو دو کیلے اور ایک تولہ شہد کھانا مفید ہے۔

چہرے سے بال ختم کرنا

بیسن پانی میں گھول کر چہرے پر لگائیں۔ جب ہلکا خشک ہو جائے تو رگڑ کر اتار لیں اس سے بال جڑ سے نکل جائیں گے۔

بلغمی کھانسی

ادرک کا رس آدھی چمچی میں ایک چمچ شہد ملا کر چاٹ لیں۔ دن میں تین بار کسی بھی وقت اس ٹوٹکے کو دہرائیں۔ ایک دن کے استعمال سے ہی بلغم اور کھانسی ختم ہو جائے گی اور آپ پر سکون محسوس کریں گے۔

اُبلے چاولوں کو نکھارنے کے لئے

آسان گھریلو ٹوٹکہ

- چاول ابالنے کے بعد اس میں ایک چمچہ گھی ڈالنے سے چاول الگ ہو جائیں گے۔
- چاولوں میں مناسب مقدار میں لیموں کا رس ڈالنے سے چاول سفید اور خوش ذائقہ ہو جائیں گے۔
- اگر کبھی بے احتیاطی سے چاول زیادہ ابل کر نرم ہو جائیں تو گرم پانی نچوڑنے کے بعد ان پر ٹھنڈا پانی ڈال کر نچوڑنے سے چاول سخت ہو جائیں گے۔

پکوان



ماقوتی کھیر

اجزاء:

دودھ ایک لیٹر

مونگ کی دھلی دال تین چوتھائی پیالی

چینی ڈیڑھ پیالی

کھویا ایک پیالی

چھوٹی الائچی تین سے چار عدد

بادام آدھی پیالی

پستے آدھی پیالی

کیوڑہ ایک چائے کا چمچ

ترکیب:

دال کو بھگو کر آدھے گھنٹے کے لیے رکھ دیں۔ پھر اسے ابال کر اچھی طرح گلا لیں اور بلینڈ کر لیں۔ بادام اور پستے کا گرم پانی میں بھگو کر چھلکا اتار لیں۔ اور کھوئے کا چورا کر کے رکھ لیں۔

دودھ کو ابال آنے لگے تو اس میں بادام اور پستے ڈال کر ابالنے کے لئے رکھ دیں۔ پندرہ سے بیس منٹ بعد اس میں دال ڈال دیں۔ اب اسے مزید پکنے دیں اور پھر چینی ڈال دیں۔

جب کھیر گاڑھی ہونے لگے تو اس میں کھویا ڈال دیں۔ دس منٹ پکنے دیں پھر کیوڑہ ڈال کر اسے چولہے سے اتار لیں۔

کھیر کو پیالے میں نکال کر اس کے اوپر بادام، پستے اور چاندی کا ورق لگا کر ٹھنڈا ہونے کے لیے رکھ دیں۔

مزیدار ماقوتی کھیر تیار ہے۔

کوکونٹ بالز

اجزاء:

پسا کھوپرا ڈیڑھ کپ

کھویا آدھا کپ

پسی الائچی ا چائے کا چمچہ

روز ایسنس چند قطرے

کنڈیسنڈ ملک حسب ضرورت

ترکیب:

ڈیڑھ پیالی پسا کھوپرا، آدھی پیالی کھویا، ایک چائے کا چمچہ پسی الائچی اور چند قطرے روز ایسنس کو اچھی طرح مکس کر لیں۔

اب اس میں حسب ضرورت کنڈیسنڈ ملک ڈالتے ہوئے ڈو بنا لیں۔

پھر اس کی چھوٹی بالز بنا لیں۔

ان بالز کو پسے ہوئے کھوپرا میں لپیٹ کر سرو کریں۔

طنز و مزاح — آلو چھیلنے کی ترکیب

سامان: آلو، چھری، پلیٹ، ناول، ڈیٹول، پٹی

آلو لیجئے۔ اسے چھری سے چھیلئے۔ جن صاحبوں کو گھاس چھیلنے کا تجربہ ہے ان کے لئے یہ کچھ مشکل نہیں۔ چھلے ہوئے آلو ایک الگ پلیٹ میں رکھتے جایئے۔ بعض صورتوں میں جہاں چھیلنے والا ناخواندہ ہو، یہ عمل بلعموم یہیں ختم ہو جاتا ہے۔ لیکن مریم میگزین کی اکثر قارئین پڑھی لکھی ہیں لہٰذا آلو چھیلنے میں ابن صفی کے ناول یا فلمی پرچے ضرور پڑھتی ہوں گی۔ ڈیٹول انہی کے لئے ہے۔ جہاں چرکا لگا، ڈیٹول میں انگلی ڈبوئی اور پٹی باندھ لی۔ ہمارے تجربہ کے مطابق ڈیٹول کی ایک چھوٹی شیشی میں آدھ سیر آلو چھیلے جا سکتے ہیں۔ بعض جزرس اور سلیقہ مند خواتین سیر بھر بھی چھیل لیتی ہیں۔ جن بہنوں کو ڈیٹول پسند نہ ہو وہ سیولان یا ایسی ہی کوئی اور دوا استعمال کر سکتی ہیں۔ نتیجہ یکساں رہے گا۔

بزمِ خواتین

طنز و مزاح

سُنا ہے کہ شائستہ آدمی کی یہ پہچان ہے کہ اگر آپ اس سے کہیں کہ مجھے فلاں بیماری ہے تو وہ کوئی آزمودہ دوا نہ بتائے۔ شائستگی کا یہ سخت معیار صحیح تسلیم کر لیا جائے تو ہمارے ملک میں سوائے ڈاکٹروں کے کوئی اللہ کا بندہ شائستہ کہلانے کا مستحق نہ نکلے۔ یقین نہ آئے تو جھوٹ موٹ کسی سے کہہ دیجیے کہ مجھے زکام ہو گیا ہے۔ پھر دیکھیے کیسے کیسے مجرب نسخے، خاندانی چٹکلے اور فقیری ٹوٹکے آپ کو بتائے جاتے ہیں۔ میں آج تک یہ فیصلہ نہ کر سکا کہ اس کی اصل وجہ طبی معلومات کی زیادتی ہے یا مذاق سلیم کی کمی۔ بہر حال بیمار کو مشورہ دینا ہر تندرست آدمی اپنا خوشگوار فرض سمجھتا ہے اور انصاف کی بات یہ ہے کی ہمارے ہاں ننانوے فیصد لوگ ایک دوسرے کو مشورے کے علاوہ اور دے بھی کیا سکتے ہیں؟

مشتاق احمد یوسفی، چراغ تلے، صفحہ ۱۲

بچوں پر شفقت کی ایک حسین مثال

محترمہ برکت بی بی صاحبہ اہلیہ حضرت میاں فضل محمد صاحبؓ ہریساں والے بیان کرتی ہیں کہ آپ جب حضرت مسیح موعود علیہ السلام کے یہاں تشریف لاتیں تو بڑی بچی رحیم بی بی کو بھی ساتھ لے آتیں۔ ایک بے حد دلچسپ واقعہ اس بچی کی بھولپن کی فرمائش کا محترمہ اہلیہ حضرت مولوی غلام نبی مصری صاحب نے سنایا۔ واقعہ یوں ہوا کہ حضرت مسیح موعود علیہ السلام کسی تصنیف میں مصروف تھے۔ بچی حضرت صاحب کو پنکھا کر رہی تھی خدا جانے اس بچی کے دل میں کیا آیا کہ وہ ایک کھڑکی پر چڑھ کر بیٹھ گئی اور کہنے لگی۔

" حضرت جی آپ یہاں آجائیں تو میں آپ کو پنکھا کروں۔"

اور حضرت اقدس اپنا کام چھوڑ کر بچی کی دلجوئی کی خاطر اٹھ کر کھڑکی کے پاس تشریف لے آئے۔

(بحوالہ کتاب "زندہ درخت" صفحہ ۶۴۔۶۵)

نماز ہی پڑھ رہا تھا لاحول تو نہیں

ایک روز مشہور شاعر مرزا داغ نماز پڑھ رہے تھے کہ ایک صاحب ان سے ملاقات کے لئے آئے۔ اور انہیں نماز میں مصروف دیکھ کر الٹے پیروں لوٹ گئے۔ داغ نے چونکہ ان کی آہٹ سن لی تھی اس لئے سلام پھیر کر ملازم کو ان کے پیچھے دوڑایا کہ دیکھو بھاگ کر جاؤ اور انہیں واپس لاؤ۔ ملازم بھاگا بھاگا گیا اور ان صاحب کو روک کر اپنے ساتھ لے آیا۔ داغ نے کہا حضرت آپ آئے اور چلے بھی گئے آخر کیوں؟ ان صاحب نے اپنی فطری سادگی کے تحت جواب دیا چونکہ آپ نماز پڑھ رہے تھے اس لئے چلا گیا۔ داغ نے بے ساختہ کہا صاحب میں نماز ہی پڑھ رہا تھا لاحول تو نہیں۔

دوسری شادی

دوسری شادی کیلئے بیوی کی اجازت ضروری ہے۔ لیکن کئی لوگ اسی شش و پنج میں ہیں کہ اجازت کیسے مانگی جائے۔ جو لوگ یہ کوشش کر چکے ہیں ان میں سے اکثریت کی ہڈیوں پر ابھی تک پلستر چڑھا ہوا ہے۔ تاہم رشید صاحب کی ہمت کی داد دینا پڑتی ہے جنہوں نے دھڑلے سے اپنی بیگم کے سامنے کہہ دیا کہ:

" میں دوسری شادی کرنا چاہتا ہوں۔ مجھے اجازت دو۔"

ایسی مردانگی کا مظاہرہ بھلا کون کر سکتا ہے؟ اللہ تعالیٰ ان کی قبر کو اپنی رحمت سے منور فرمائے۔ آمین۔

خطوط

مکرمہ محترمہ نیشنل سیکریٹری اشاعت لجنہ اماءاللہ آئرلینڈ

السلام علیکم ورحمۃ اللہ برکاتہ

آج آپ کی طرف سے مرسلہ رسالہ مریم کا تازہ شمارہ موصول ہوا۔ ٹائیٹل کی دو تصاویر کو دیکھ کر دل باغ باغ ہو گیا۔ یہ نظارہ دنیا میں احمدیوں کے سوا کسی کو نصیب نہیں۔ خلافت کی نعمت اور خلیفہء وقت کے دستِ مبارک پر بیعت کی سعادت ایک روحانی تجربہ ہے جس کو لفظوں میں بیان کرنا مشکل ہے۔

دس شرائطِ بیعت کے موضوع پر تازہ شمارہ بہت ہی محنت اور لگن سے تیار کیا گیا ہے۔ ٹھوس مضامین کے علاوہ متفرق اقتباسات بھی بہت قرینہ سے پیش کیئے گئے ہیں۔ بہت ٹھوس معلومات پر مشتمل یہ شمارہ ایک مستند دستاویز کی حیثیت رکھتا ہے۔

اللہ تعالیٰ اس رسالہ کی اشاعت میں تعاون کرنے والی سب معاونات اور سارے شعبہء اشاعت کو جزائے خیر عطا فرمائے۔ آمین

خاکسار عطاالمجیب راشد

امام مسجد فضل لندن ونائب امیر برطانیہ

نحمدہٗ ونصلی علیٰ رسولہ الکریم وعلیٰ عبدہ المسیح الموعود

مکرمہ محترمہ صدر لجنہ اماءاللہ و نیشنل سیکریٹری اشاعت آئرلینڈ

السلام وعلیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہٗ

امید ہے آپ بفضلِ خدا بخیریت ہوں گی اور خدمتِ دین میں مصروف۔ خدا تعالیٰ آپ کی دینی مساعی میں بے انداز برکت ڈالے اور مقبول خدمت کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین

آپکی جانب سے ارسال کردہ لجنہ اماء اللہ آئرلینڈ کا علمی و ادبی مجلہ مریم کا دس شرائطِ بیعت نمبر موصول ہوا۔ جزاک اللہ

ماشاءاللہ بہت مفید اور معلوماتی رسالہ ہے۔ قرآن مجید و احادیث مبارکہ اور ارشاداتِ حضرت مسیح موعود علیہ السلام سے مزین تمام مضامین عمدہ ادبی کاوش ہیں۔ لجنہ وناصرات کے صفحات بھی تمام تر دلچسپیاں اور معلومات لئے ہوئے ہیں۔ دعا ہے کہ خدا تعالیٰ اس رسالے کو لجنہ آئرلینڈ کی تعلیمی، اخلاقی اور روحانی تربیت کا ذریعہ بنائے اور علمی وادبی استعداد میں اضافہ فرمائے۔ آمین

لجنہ کینڈا کو بھی اپنی دعاؤں میں یاد رکھیں، ہم سب کی طرف سے تمام بہنوں اور ناصرات کو محبت بھرا اسلام۔

والسلام

خاکسار امتہ السلام ملک

صدر لجنہ اماء اللہ کینڈا

۲۷ فروری۔۲۰۱۸ء

محترمہ صدر صاحبہ لجنہ اماءاللہ آئرلینڈ

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

آپ کی طرف سے لجنہ میگزین مریم کا شمارہ نمبر ۹، ۲۰۱۷ موصول ہوا۔ جزاکم اللہ تعالیٰ

بیعت کے موضوع پر شائع کردہ مجلہ عمدہ کاوش ہے۔ الحمدللہ۔ معیاری مضامین اردو وانگریزی میں شامل کئے گئے ہیں۔ اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ لجنہ وناصرات ممبرات کے لئے مریم علم میں اضافہ کا باعث ہو گا۔

اللہ تعالیٰ سب قارئین کو اس سے مستفیذ ہونے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین

سب لجنہ بہنوں وناصرات کی بچیوں کو میرا السلام علیکم دے دیں۔

والسلام

خاکسار ریحانہ احمد

(انچارج لجنہ سیکشن)

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کا پُر شفقت جوابی مکتوب بر وفات

محترم صاحبزادہ مرزا خورشید احمد صاحب اور محترم صاحبزادہ مرزا غلام احمد صاحب

بسم اللہ الرحمن الرحیم

نَحْمَدُہٗ وَنُصَلِّی عَلٰی رَسُوْلِہِ الْکَرِیْمِ وَ عَلٰی عَبْدِہِ الْمَسِیْحِ الْمَوْعُوْدِ

خدا کے فضل اور رحم کے ساتھ

ھوالنّاصر

وَاجْعَلْ لِّیْ مِنْ لَّدُنْکَ سُلْطٰنًا نَّصِیْرًا

رَبِّ اَنِّیْ مَغْلُوْبٌ فَانْتَصِرْ

اِنَّ اللّٰہَ مَعَکُمْ وَلَنْ یَّتِرَکُمْ اَعْمَالَکُمْ

امام جماعت احمدیہ

Z-14-03-2018

عزیز ممبرات نیشنل عاملہ لجنہ اماء اللہ آئرلینڈ

السلام علیکم ورحمہ اللہ وبرکاتہ

آپ کی طرف سے محترم صاحبزادہ مرزا خورشید احمد صاحب اور محترم صاحبزادہ مرزا غلام احمد صاحب کی وفات پر قرارداد تعزیت موصول ہوئی۔ جزاکم اللہ احسن الجزاء۔ اللہ تعالیٰ انہیں اپنے پیاروں کے قدموں میں جگہ دے اور درجات بلند فرمائے۔ ان دونوں بزرگوں نے بڑی وفا کے ساتھ اپنا وقف نبھایا اور خلافت کے ساتھ کامل اطاعت دکھاتے ہوئے ہمیشہ ہر کام انجام دیا اور کامل وفا کا مظاہرہ کرتے ہوئے ہمیشہ خلیفۂ وقت کے ہر حکم کی اوّلین ترجیح کے ساتھ تعمیل کی۔ اللہ تعالیٰ اپنے فضل سے جماعت کو ان کے نعم البدل عطا کرے اور ہمیشہ جماعت کو ان جیسے کامل وفا والے خدمت گار آئندہ بھی ملتے رہیں۔ آمین

اللہ تعالیٰ آپ سب ک اپنی ذمہ داریاں دیانت داری اور اخلاص کے ساتھ ادا کرنے کی توفیق عطا فرماتا رہے اور ہر آن حامی وناصر ہو۔ آمین

والسلام

خاکسار

خلیفۃ المسیح الخامس

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کے ساتھ اظہارِ تعزیت بر وفات محترم صاحبزادہ مرزا خورشید احمد صاحب اور محترم صاحبزادہ مرزا غلام احمد صاحب

مؤرخہ 6 فروری 2018

سیدنا و امامنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدکم اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ وہ حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ کو صحت و سلامتی والی لمبی اور فعال عمر عطاء فرمائے۔ اور جماعت احمدیہ عالمگیر کو آپ کی بابرکت قیادت میں ترقیات سے نوازتا چلا جائے۔ آمین یارب العالمین۔

پیارے آقا! امسال یکے بعد دیگرے بزرگان سلسلہ اور احمدیت کے سلطان نصیر ہم سے رخصت ہو رہے ہیں سلسلہ کے ایک اور عظیم بزرگ اور آپ کے بہنوئی مکرم و محترم صاحبزادہ مرزا غلام احمد کل اپنے خالق حقیقی سے جا ملے ہیں۔ اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْنَ اللہ ان سے رحمت و مغفرت کا سلوک فرمائے اور اپنے جوار رحمت میں جگہ عطا فرمائے آمین۔ اور حضور اقدس اور پسماندگان کو صبر جمیل عطا فرمائے۔ آمین ثم آمین

پیارے آقا! نیشنل عاملہ لجنہ اماء اللہ آئرلینڈ، اس غم کی گھڑی میں اپنے پیارے خدا سے دعا گو ہے کہ اللہ تعالیٰ پیارے آقا کو ان پے در پے صدمات کو برداشت کرنے کی توفیق عطا فرمائے اور ان بزرگان سلسلہ کے نمونوں پر چلنے والے مزید سلطان نصیر عطا فرماتا چلا جائے، آمین یارب العالمین۔

اللہ تعالیٰ ہر دم آپ کا حامی و ناصر ہو۔ آمین۔

والسلام

نیشنل صدر و مجلسِ عاملہ لجنہ اماء اللہ آئرلینڈ

اور خود بچوں کے لئے نمونہ بنیں۔ اس سے متعلقہ ٹاپکس کو آنے والے سلیبس میں شامل کیا جائے۔

5۔ مربیان کیساتھ سال میں دو مرتبہ سٹوڈنٹ لجنہ اور ناصرات کی ریجنل لیول پہ محفل سوال وجواب منعقد کروائی جائیں۔

سفارشات کمیٹی برائے مال

1۔ ناصرات کا چندہ پانچ یورو بڑھایا دیا گیا ہے کیونکہ ان کا اجتماع علیحدہ ہونے کی وجہ سے اخراجات میں اضافہ ہوا ہے۔

2۔ اور لجنہ کا چندہ تین یورو بڑھایا دیا گیا ہے۔ یہ اس لیے ہے کہ ابھی مرکز کا شیر بھی ہمارے پاس ہے لیکن اگر وہ نہ ہوا تو اس کمی کو پورا کرنے کے لیے ایسا کیا جا رہا ہے۔

3۔ ۲۰۱۸ کا بجٹ بھی متفقہ طور پہ منظور کیا گیا

مندرجہ بالا تمام تجاویز مع سفارشات حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی خدمت اقدس میں بغرض منظوری ارسال کی گئیں۔ جنہیں حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے ازراہ شفقت منظور فرمایا۔ خدا تعالیٰ کے فضل سے نہایت کامیابی سے ان تجاویز پہ آئرلینڈ کے تمام ریجنز میں عمل درآمد ہو رہا ہے۔ الحمد للہ

نصائح حضرت ڈاکٹر محمد اسماعیل صاحب

آپ اپنی بیٹی حضرت مریم صدیقہ (چھوٹی آپا) کی شادی پر نصائح کرتے ہوئے فرماتے ہیں۔

❖ بیوی کا پہلا فرض ہے کہ جب وہ خاوند کے گھر جائے تو اُس کی مرضی پہچاننے کی کوشش کرے اور اُس کی طبیعت اور مزاج کا علم حاصل کرے۔ پھر اگلا مرحلہ یعنی خاوند کو راضی رکھنا بہت آسان ہو جاتا ہے مگر بعض باتیں ایسی ہیں جو عموماً خاوند کی تکلیف کا باعث بنتی ہیں اُن سے خاص کر احتراز کرنا چاہیے وہ باتیں یہ ہیں۔

❖ ایک بات یہ ہے کہ بیوی اکثر خرچ کے لئے تقاضا کرتی ہے۔ خرچ حکمت سے لینا چاہیے نہ کہ تقاضا اور تنگ کر کے اور جب خاوند کے پاس روپیہ موجود نہ ہو اُس وقت مطالبہ کرنا اُس کو تکلیف دینا ہے۔

❖ ایک بات یہ کہ بیوی اکثر اوقات بدمزاج یا خاموش رہے اور جب خاوند گھر آئے تو اُسے سچے دل سے خوش آمدید نہ کہے یا اُس کی بات کاٹے یا ایسے الفاظ لوگوں کے سامنے کہے جس میں خاوند کی کسی قسم کی تحقیر ہو یا بہت نخرے کرے اور ناز برداری کی خواہش رکھے اُس کی خیر خواہی کی بات نہ مانے مثلاً اگر وہ کہے کہ میرے ساتھ کھانا کھاؤ تو جواب دے کہ مجھے بھوک نہیں وہ کوئی دوا تجویز کرے تو کہے یہ مجھے مفید نہیں ہوگی۔ میں اسے استعمال نہ کروں گی۔ وہ کوئی کپڑا یا تحفہ لائے تو اُسے حقارت سے دیکھے۔ غرض ایسی بیسیوں چھوٹی چھوٹی باتیں ہیں جن میں بیبیاں اکثر فیل ہو جاتی ہیں اور اپنی زندگی کو تلخ کر لیتی ہیں۔

❖ بحث کرنا اور مخالف جواب دینا یہ خاوند کے دل سے بیوی کی محبت کو اس طرح اُڑا دیتا ہے جس طرح ربڑ پنسل کے لکھے کو۔ اور یہ عادت آج کل کی تعلیم یافتہ لڑکیوں میں بہت ہے۔ مریم صدیقہ! صبح کی نماز کے بعد قرآن مجید کی تلاوت اگر ہمیشہ کرتی رہو گی تو تمہارے دل میں ایک نور پیدا ہو گا۔

❖ جس بی بی کو گھر کی صفائی، پکانا، سینا، اور خانہ داری آتی ہے وہ خاوند کو زیادہ خوش رکھ سکتی ہے بہ نسبت اُس کے جو نکمی ناولیں یا قصے ہی پڑھتی رہتی ہے یا اپنے بناؤ سنگھار میں لگی رہتی ہے۔

بے قراری کا اظہار ایک معیوب بات ہے صبر ایک اعلیٰ خُلق ہے۔ خصوصاً عورتوں کے لئے اور بھوک، بیماری، درد اور اذیت پر صبر کرنا صدق، تقویٰ اور ایمان کی علامت ہے۔"

(مصباح جولائی 2004 صفحہ 16-15)

میں کم از کم ایک مرتبہ سیمینار یا ورکشاپ کا اہتمام کیا جائے۔

5۔ نمازوں سے متعلق حضرت مسیح موعود علیہ السلام اور آپکے خلفاء کرام کے ارشادات / ویڈیو، آڈیو کلپس وقتاً فوقتاً جماعتی سوشل میڈیا کے ذریعہ لجنہ و ناصرات کے ساتھ شیئر کیئے جائیں۔

6۔ نیشنل سیکریٹری ناصرات پنجوقتہ نمازوں پہ مبنی ایک چارٹ بنا کر ہر ریجن میں بھجوائیں، جس میں لوکل سیکریٹری ناصرات ہر ماہ نمازوں کی رپورٹ تمام ناصرات سے لے کر نیشنل سیکریٹری کو بھجوائیں۔ ان پورٹس کی بنیاد پہ ناصرات کے اجتماع پہ انعامات دیئے جائیں۔

7۔ مربیان اور ریجنل جماعت صدور سے درخواست کی جائے کہ سہ ماہی بنیادوں پہ تمام افراد جماعت کے لئے نماز سیمینار منعقد کروائیں۔

8۔ مریم میگزین اور دیگر آئرلینڈ کے جماعتی رسائل میں نمازوں کی اہمیت پر مضامین شائع کئے جائیں۔

9۔ لوکل صدر لجنہ لوکل جماعت انتظامیہ سے درخواست کی جائے کہ وقتاً فوقتاً با جماعت نمازوں کی اہمیت سے متعلق خطباتِ جمعہ کا اہتمام کریں

سفارشات تربیت کمیٹی نمبر2

تجویز:

"حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہِ العزیز کے حالیہ خطبہ ء جمعہ بیان فرمودہ 22 ستمبر 2017 کی روشنی میں مجلس شوریٰ ایسا پلان مرتب کرے جس سے لجنہ کو مجالس کیآداب سے روشناس کرایا جاسکے۔"

اس ضمن میں کمیٹی نے درج ذیل سفارشات پیش کیں۔

ا۔ نیشنل سیکریٹری صاحبہ تربیت کی طرف سے مجالس کے آداب کے متعلق ایک کتابچہ مرتب کر کے تمام گھروں میں بھجوایا جائے نیز ہر نیشنل پروگرام سے قبل ایک سرکلر بھیج کر بھی لجنہ و ناصرات کو یاد دہانی کروائی جائے۔

۲۔ لجنہ و ناصرات کو اسلامی تعلیمات کی روشنی میں، لوکل اجلاسات اور جماعتی سوشل میڈیا گروپس کے زریعہ مجالس کے آداب سے روشناس کروایا جائے۔

۳۔ لوکل صدر لجنہ لوکل صدر صاحب سے درخواست کریں کہ جنرل میٹنگز میں مجالس کے آداب کے موضوع کو شامل کیا جائے۔

۴۔ لوکل سیکریٹری تربیت کی جانب سے لجنہ و ناصرات کو ہر ماہ ایک موضوع مجالس کے آداب سے منتخب کر کے دیا جائے جس کو جماعتی شوریٰ کی سفارشات کے تحت منعقد ہونے والی فیملی کلاسز میں شامل کیا جائے۔

۵۔ لوکل سطح پر سال میں ایک سیمینار مجالس کے آداب کے بارے میں سٹوڈنٹ لجنہ سے مرتب کروایا جائے اور اس میں ناصرات کو بھی شامل کیا جائے۔

۶۔ نیشنل تربیت کلاس لجنہ کے موقع پر مجلس کے آداب کے موضوع پر ایک سیشن کیا جائے۔

سفارشات تربیت کمیٹی نمبر3

تجویز:

"مجلس شوریٰ ایسے امور زیرِ بحث لائے جن سے لجنہ و ناصرات کو معاشرے کے بد اثرات سے بچاؤ اور سوشل میڈیا کے ذمہ دارانہ استعمال سے آگاہی دلائی جائے۔"

اس ضمن میں کمیٹی نے درج ذیل سفارشات پیش کیں۔

1۔ ہر ریجن میں تربیت گروپ کے تحت میٹنگز اور اجلاسات میں ناصرات اور سٹوڈنٹ لجنہ کو سوشل میڈیا پہ پریزنٹیشن تیار کرنے کو کہا جائے۔

2۔ ریجنل لیول پہ ماؤں اور بچیوں کے لئے سوشل میڈیا کی ذمہ دارانہ استعمال سے آگاہی دلانے کے لئے سیمینار منعقد کرائے جائیں۔

3۔ بچیوں کو جماعت سے قریب کرنے کے لئے سہ ماہی بنیادوں پہ ہر ریجن دلچسپ گروپ ٹرپس کا انتظام کرے۔

4۔ والدین کو بتایا جائے کہ بچوں کیساتھ صبر و اعتماد کا رشتہ قائم کریں

رپورٹ مجلس شوریٰ لجنہ اماء اللہ آئرلینڈ

منعقدہ 26 نومبر 2017۔ ڈبلن

اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم کیساتھ حضور انور کی منظوری سے مورخہ 26 نومبر 2017 کو لجنہ اماء اللہ کو اپنی تیسری کامیاب شوریٰ کے انعقاد کی توفیق ملی فالحمدللہ علیٰ ذٰلک۔ رجسٹریشن کا آغاز صبح نو بج کر تیس منٹ پہ ہوا جب کہ اجلاس کا باقاعدہ آغاز صبح دس بجے تلاوت قرآن کریم سے ہوا اور حدیث پڑھی گئی جس کے بعد مرکز (لندن) سے آئی ہوئیں حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی نمائندہ کی زیر صدارت نیشنل صدر لجنہ اماء اللہ آئرلینڈ کے انتخاب کی کاروائی عمل میں آئی۔ بعد ازاں سیکریٹری مجلس نے شوریٰ کے قواعد و ضوابط سے شوریٰ ممبرات کو آگاہ کیا جس کے بعد اجتماعی دعا سے اجلاس کے پہلے سیشن کا آغاز ہوا۔ سیکریٹری تربیت نے شوریٰ سال 2016-2017 کی تنفیذ پہ مبنی رپورٹ مجلس شوریٰ میں پڑھ کے سنائی۔ بعد ازاں سیکریٹری شوریٰ نے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز سے منظور شدہ تجاویز پڑھ کے سنائی گئیں۔ جس کے بعد چار کمیٹیاں تشکیل دی گئیں۔

۱۔ تربیت کمیٹی نمبر 1

۲۔ تربیت کمیٹی نمبر 2

۴۔ تربیت کمیٹی نمبر 3

۳۔ کمیٹی برائے مال

بعد ازاں ان کمیٹیوں کے چیئر پرسن کا انتخاب عمل میں آیا۔ نماز ظہر و عصر کی ادائیگی کے بعد تمام کمیٹیوں کو ان کے مقرر کردہ کمروں میں بھیج دیا گیا اور کمیٹیوں نے ایک بج کے پندرہ منٹ پہ اپنی کاروائیوں کا آغاز کیا،

اجلاس کے دوسرے سیشن کی کاروائی کا آغاز چار بجے ہوا۔ اس کے بعد سب کمیٹیز کی چیئر پرسن نے اپنی اپنی کمیٹیوں کی سفارشات پہ مبنی رپورٹ پیش کی۔ جس پہ شوریٰ فلور پہ ڈسکشن کی گئی۔ جس کی تفصیل درج ذیل ہے۔

سفارشات تربیت کمیٹی نمبر 1

تجویز:

"مجلس شوریٰ ایسی تجاویز زیرِ بحث لائے کہ کس طرح لجنہ اپنی پنجوقتہ نمازوں میں باقاعدگی اختیار کریں اور مساجد / نماز سینٹرز میں باجماعت نماز کی حاضری بڑھانے کے لیئے اپنا کردار ادا کریں۔"

اس ضمن میں کمیٹی نے درج ذیل سفارشات پیش کیں۔

1۔ نیشنل سیکریٹری تربیت اذان ایپ سے تمام ریجنز کی لجنہ کو متعارف کرائیں۔

2۔ ماہانہ تربیت جائزہ رپورٹ میں درج ذیل سوالات کا اضافہ کیا جائے۔

۔ آپ کتنی نمازیں دن میں ادا کرتی ہیں؟

۔ کیا آپ اپنی اور اپنے افراد خانہ کی نمازوں کی حفاظت کے لئے دعا کرتی ہیں؟

۔ آپ کتنی نمازیں دن میں بہ امر مجبوری جمع کر کے ادا کرتی ہیں؟

۔ کیا آپکے بچے نمازوں کی ادائیگی میں باقاعدہ ہیں؟

۔ آپ کے گھر کے مرد حضرات روزانہ کتنی نمازیں مسجد میں ادا کرتے ہیں؟

3۔ نیشنل اور لوکل عاملہ میٹنگز میں نمازوں کی اہمیت کو گاہے گاہے اجاگر کیا جائے۔

4۔ لجنہ و ناصرات کے اجلاسات میں نمازوں سے متعلق ہر سہ ماہی

وہ رحمتِ عالم آتا ہے تیرا حامی ہو جاتا ہے
تو بھی انساں کہلاتی ہے سب حق تیرے دلواتا ہے

اسلام نے عورت کو گھر سے باہر کام کرنے کی اجازت دی ہے ،وہ ہر شعبہ زندگی میں کام کر سکتی ہے تاریخِ اسلام سے پتہ چلتا ہے کہ اسلام میں عورتیں جنگوں میں شرکت کرتی رہی ہیں ،نرسنگ کا کام،پانی پلانے کا کام کرتی رہیں ہیں، جنگوں کی کمانڈ بھی کی اوراساتذہ کے فرائض بھی سرانجام دیے۔

یہ بات بھی حقیقت پر مبنی ہے کہ ہر انسان ایک دوسرے کا محتاج ہے اور ہر شے ایک دوسرے کی تکمیل کرتی ہے۔اور اس طرح سب کو یکساں اہمیت حاصل ہوتی ہے۔ لیکن ساتھ ہی اس بات سے بھی انکار نہیں کیا جاسکتا کہ دنیا کا کوئی بھی تعلق ہو اس میں ایک فریق کو کچھ نہ کچھ غلبہ حاصل ہوتا ہے یہ ایک فطری اصول ہے۔اور اسی بناء پر چند چیزوں میں مرد کو عورت پر برتری اور فضیلت حاصل ہے۔ اس کی وجہ حیاتیاتی اور عضویاتی فرق بھی ہے اور فطرت کے لحاظ سے حقوق و مصالح کی رعایت بھی ہے اسی لئے قران نے مرد کو عورت پر نگران اور "قوامیت" کی فوقیت دی ہے۔ مگر دوسری جانب اسلام نے ہی عورت کو یہ عظمت بخشی ہے کہ جنت کو ماں کے قدموں تلے بتایا ہے گویا کچھ باتوں میں اگر مرد کو فوقیت حاصل ہے تو تخلیقی فرائض میں عورت کو بھی فوقیت حاصل ہے۔ فرق صرف اپنے اپنے دائرہ کار کا ہے۔

حضرت امیر المومنین خلیفۃ المسیح الرابع رحمہ اللہ نے بر موقع مجلس سوال وجواب منعقدہ ۲۱ مئی ۱۹۹۹ میں اس ضمن میں فرمایا۔

"قرآن مجید ایک حقیقت پر مبنی کتاب ہے ۔ اور خدا کے کلام کو ایسا ہی ہونا چاہئے۔ یہ کہتا ہے کہ عورتوں کے بھی ویسے ہی حقوق ہیں جیسے ان پر مردوں کے حقوق ہیں۔ حضور نے مردوں اور عورتوں میں فطری فرق کو ظاہر کرتے ہوئے فرمایا کہ مرد اپنے پیٹ میں بچے نہیں اٹھا سکتے ۔ عالمی سطح پر مردوں اور عورتوں کے کھیلوں کے مقابلے الگ الگ ہوتے ہیں۔ یہ ناانصافی نہیں بلکہ انصاف کے مطابق ہے۔اسی طرح اسلامی تعلیم عورتوں کے تقاضوں کے مطابق ان کے لئے خصوصی احکامات رکھتی ہے ۔ لیکن جہاں تک حقوق کا تعلق ہے ان کے حقوق میں برابری ہے۔

حضور مزید فرماتے ہیں کہ یورپ میں مقیم احمدی عورتوں کا آپ خود مشاہدہ کر سکتے ہیں۔ اگر وہ چاہیں تو اس آزاد ملک میں آزادانہ زندگی کی طرز عمل اختیار کر سکتی ہیں لیکن انہوں نے جو پردہ اختیار کر رکھا ہے وہ اپنی مرضی سے ہے اور وہ اس میں خوش ہیں کیونکہ اسلام ان کی اعلیٰ ترقیات میں روک نہیں بنتا۔ اگر وہ چاہیں تو سائنسدان بن سکتی ہیں، ٹیچر، ڈاکٹر، سرجن وغیرہ بن سکتی ہیں۔ زندگی ان کے لئے بہت سے مواقع مہیا کرتی ہے اور اسلام ان کے ان ارفع مقامات تک پہنچنے میں مدد ہے اور کسی صورت میں بھی روک نہیں۔

اس سے بڑھ کر عورت کا اور کیا حق ہو کہ اللہ نے جنت عورتوں (ماں) کے قدموں کے نیچے رکھی ۔بیوی کو اپنے ہاتھ سے کھانا کھلانے کا ثواب رکھا، مرد کی کمائی میں عورت کا حصہ رکھا اور عورت کی کمائی کی صرف وہ مالک ہے ، عورت کو ورثہ میں حقدار بنایا ہے اسلام نے تو عورت کو وہ مقام دیا جس کی نظیر دنیا کے کسی مذہب اور قومیت میں نہیں۔

اللہ تعالیٰ ہمیں توفیق دے کہ ہم اپنے اس مقام کو پہچان سکیں اور اسلام کی نشر واشاعت میں اہم کردار ادا کر سکیں۔

خاکسا اپنے مضمون کا اختتام اس شعر پر کرتی ہے۔

زندہ رہنے کا عورت کو حق دے دیا
اس کے الجھے مقدر کو سلجھا دیا
خُلد کو اس کے قدموں تلے کر دیا
اُس نے عورت کو بخشا نمایاں مقام
اُس پہ لاکھوں درود اُس پہ لاکھوں سلام

کرے (اور جب شادی کے قابل ہو جائیں تو ان کی شادی کر دے) تو میں اور وہ شخص جنت میں اس طرح داخل ہونگے جس طرح یہ دونوں انگلیاں ملی ہوئی ہیں۔

(ترمذی۔باب ماجاء فی النفقہ علی البنات)

ایک آدمی نبی کریم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا اور کہا:
یارسول اللہ! میری حسن سلوک کا سب سے زیادہ مستحق کون ہے؟ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا تیری ماں۔ اس نے پوچھا پھر کون؟ آنحضور ﷺ نے فرمایا تیری ماں۔ اس نے پوچھا پھر کون؟ آنحضور ﷺ نے فرمایا تیری ماں۔ اس نے پوچھا پھر کون آنحضور ﷺ نے فرمایا تیرا باپ۔

(صحیح بخاری، کتاب الأدب، باب من أحق الناس بحسن الصحبة. حدیث نمبر:5971)

اس حدیث سے ثابت ہے کہ باپ کی نسبت ماں سے حسن سلوک کی تلقین تین گنا زیادہ کی گئی ہے۔

عورت آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے لئے قابل احترام تھی۔ اس نئی شمع کی برکت سے دنیا کو وہ عقیدہ اور شعور عطا ہوا جو سراسر مکارم اخلاق اور فضائل و محاسن کا مجموعہ ہے اور عورت کو جو انسانی معاشرے میں انتہائی پستی کے مقام پر گر چکی تھی عزت و تکریم کے اعلیٰ مراتب سے ہمکنار کیا۔

آنحضور ﷺ نے حجتہ الوداع کے خطبہ میں ارشاد فرمایا۔

"عورتوں کے معاملہ میں خدا سے ڈرو تمہارا عورتوں پر حق ہے اور عورتوں کا تم پر حق ہے۔"

یہاں بھی عورت کو مرد کے برابر اہمیت دی گئی ہے اور عورتوں پر مردوں کی کسی قسم کی برتری کا ذکر نہیں ہے اس طرح تمدنی حیثیت سے عورت اور مرد دونوں اسلام کی نظر میں برابر ہیں۔ اور دونوں کو یکساں اہمیت حاصل ہے۔

ایک دفعہ ایک نوجوان عورت آنحضور ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئی اور عرض کیا کہ میرے والد نے میرا نکاح اپنے بھتیجے سے اس لئے کر دیا ہے کہ وہ اس کے ذریعے اپنی مالی تنگی دور کر سکے۔ نبی کریم ﷺ نے اس کو اختیار دیا کہ وہ اس نکاح کو باطل کر دے۔ تب اس عورت نے کہا کہ میں نکاح کو باقی رکھتی ہوں۔ اس طرح کرنے سے میری غرض یہ تھی کہ عورتوں کو بتادوں کہ شریعت نے باپ کو بالغ لڑکی پر نکاح کے معاملے میں زبردستی کا حق نہیں دیا۔ (ابن ماجہ)

معزز قارئین! تنقید کرنے والے اسلامی معاشرہ میں عورت کے فرائض کی بات تو کرتے ہیں حقوق کی نہیں۔ اسلام خواتین کو کیا حقوق دیتا ہے اس پر بات کرنے سے پہلے یہ جاننا ضروری ہے کہ لبرل مافیا جو آج خواتین کے حقوق کے نام نہاد دعویدار بنتے ہیں ان کے ہاں عورت کے حقوق کیا ہیں۔ وہاں مرد و عورت کے درمیان آزادی جنسی تعلقات کی وجہ سے، جسے فطری کہا جاتا ہے محبت ختم ہوئی، ذمہ داری ختم ہوئی، خاندان کا نظام ٹوٹ گیا، اور اب یہ معاشرہ اس پر پچھتا رہا ہے۔ عورت کے معاشی استقلال کی وجہ سے طلاق میں اضافہ ہوا، بچہ پیدا کرنا ایک بوجھ سمجھا جاتا ہے، شاید آپ بھی اس بات سے واقف ہوں کہ یہاں مغربی ممالک میں دس میں چھ یا سات خواتین ایسی ہیں جو طلاق لے چکی ہیں، اور دوسری شادی کر لیتی ہیں، بہت سی یہ درد سر پالتی ہی نہیں ہیں، جسکے باعث بے شمار نفسیاتی بیماریاں جنم لے رہی ہیں، اگر عورت، شوہر، ساس، سسر کے لیے کھانا پکائے، صفائی کرے تو اسے قید سمجھا جاتا ہے ذلت کا کام کہا جاتا ہے، اور یہ ہی کام اگر عورت غیر مردوں کے لیے کرے تو آزادی کہا جاتا ہے

پیاری بہنو! اس کے برعکس اسلام میں عورت کو کمانے اور گھر کو چلانے کے لیے معاشی تگ و دو، بچوں کو پالنے حتیٰ کہ اپنی ذات کے لیے بھی روٹی، کپڑا، مکان جیسی بنیادی ضروریات کے لیے جہد و جہد نہیں کرنی پڑتی یہ سب مرد کے ذمہ ہے۔ رحمت اللعالمین ﷺ کے عورت کی ہستی پر گراں بار احسان کی یاددہانی اس شعر سے ہوتی ہے۔

گویا تو کنکر پتھر تھی احساس نہ تھا جذبات نہ تھے
توہین وہ اپنی یاد تو کر! ترکہ میں بانٹی جاتی تھی

اسلام میں عورت کا مقام

شمیفہ ظہیر صاحبہ ایسٹ جماعت

(۲۰۱۷ کے مقابلہ مضمون نویسی میں اوّل آنے والے مضمون کو ہدیہ قارئین کیا جارہا ہے)

اسلامی معاشرے میں عورت کو بہت عزت کا مقام دیا گیا ہے، عورت کا ہر روپ خواہ ماں کی صورت میں ہو یا بہن، بیوی اور بیٹی کے روپ میں ، انتہائی خوبصورت اور قابلِ احترام ہے۔ اسلام نے عورت کو اعلیٰ مقام اور مرد کے برابر حقوق چودہ سو سال قبل اس وقت دیئے تھے۔ جب عورت کے حقوق کا تصور ابھی دنیا کے کسی بھی معاشرہ میں پیدا نہیں ہوا تھا، زمانہ جاہلیت میں عورت کے لئے کوئی قابل ذکر حقوق نہ تھے، عورت کی حیثیت کو ماننا تو درکنار اسکو معاشرے میں زندہ بھی رہنے کا حق تک نہ تھا، معاشرے میں عورت کا مرتبہ و مقام ناپسندیدہ تھا، وہ مظلوم اور ستائی ہوئی تھی، اور ہر قسم کی بڑائی اور فضیلت صرف مردوں کے لئے تھی۔ حتیٰ کہ عام معاملات زندگی میں بھی مرد اچھی چیزیں خود رکھ لیتے اور بے کار چیزیں عورتوں کو دیتے۔ عورت اور مرد کی مساوات کا نظریہ دنیا میں سب سے پہلے اسلام نے پیش کیا اور اس طرح عورت کو غلامی سے نجات دلائی جس میں وہ صدیوں سے جکڑی ہوئی تھی اس مساوات کی بنیاد قرآن مجید کی اس تعلیم پر ہے:

هُنَّ لِبَاسٌ لَّكُمْ وَاَنْتُمْ لِبَاسٌ لَّهُنَّ

"تم (مرد) ان کے (عورت) کے لئے لباس ہو اور وہ تمہارے لئے لباس ہیں۔" (سورہ بقرہ آیت ۱۸۸)

اس طرح گویا اللہ تعالیٰ نے مختصر ترین الفاظ اور نہایت بلیغ انداز میں عورت اور مرد کی رفاقت کو تمدن کی بنیاد قرار دیا گیا اور انہیں ایک دوسرے کے لئے ناگزیر بتاتے ہوئے عورت کو بھی تمدنی طور پر وہی مقام دیا گیا ہے جو مرد کو حاصل ہے۔

خاکسار اپنے مضمون کی عکاسی اس شعر سے کرتی ہے:

رکھ پیش نظر وہ وقت بہن جب زندہ گاڑھی جاتی تھی
گھر کی دیواریں روتی تھیں جب دنیا میں تو آتی تھی

سرور کائنات، محسن انسانیت حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جب دین کا پیغام لے کر تشریف لائے تو دنیا کے اندر نئی روشنی کا ظہور ہوا۔ اس معاشرے میں مرد اپنی بیٹیوں کو پیدائش کے وقت زندہ دفن کر دیتے تھے۔

زمانہ جاہلیت کے لوگوں کے اس طرزِ عمل کو قرآن حکیم یوں بیان کرتا ہے:

"اور جب ان میں سے کسی کو لڑکی (کی پیدائش) کی خبر سنائی جاتی ہے تو اس کا چہرہ سیاہ ہو جاتا ہے اور وہ غصہ سے بھر جاتا ہے وہ لوگوں سے چھپتا پھرتا ہے اس بری خبر کی وجہ سے جو اسے سنائی گئی ہے، (اب یہ سوچنے لگتا ہے کہ) آیا اسے ذلت و رسوائی کے ساتھ (زندہ) رکھے یا اسے مٹی میں دبا دے (یعنی زندہ در گور کر دے)، خبردار! کتنا برا فیصلہ ہے جو وہ کرتے ہیں"۔

(سورۃ النحل، 16، 58، 59)

حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے عورت کو جینے کا حق دیا۔ اور عورتوں کا تحفظ جس طرح کیا، اس کی مثال دنیا کی پوری تاریخ میں نہیں ملتی۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اسلام میں عورت کو وہ درجہ دیا جو آج کے جدید مغربی معاشرے میں بھی اسے حاصل نہیں۔

حضرت انسؓ سے روایت ہے کہ نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: جس شخص کی دو یا تین بیٹیاں ہوں اور وہ انکی اچھے انداز سے پرورش

کھڑے ہو رہے ہیں اور اسی کی آواز پر بیٹھتے ہیں۔ تنظیم چند سو یا چند لاکھ افراد کے اجتماع یا اژدہام کا نام نہیں بلکہ فکر و عمل اور سوچ و خیال و عقائد میں اشتراک اور موافقت کا نام تنظیم ہے اور یہ نعمت صرف جماعت احمدیہ کو حاصل ہے۔ اسلامی نظام موجود ہے۔ جیسے قضاء کا نظام ہے۔ بیت المال موجود ہے ۔ غرباء ، بیوگان ، مستحق، یتامیٰ کی دیکھ بھال۔ مریضوں کی امداد اور طلبہ میں وظائف کا مستقل مضبوط نظام موجود ہے اور ما انا علیہ واصحابی کے مصداق مخلص دوست تمام دنیا میں پھیلے مالی، قالی، حالی، جانی خدمات کر رہے ہیں۔ جبکہ اس کے مقابل پر غیروں میں محض حسرت ،افسوس ، نا امیدی کا اظہار اور خلافت کی ضرورت پر زور دیا جاتا ہے۔

اطاعت کے مفہوم کو سمجھنے کے لئے ایمان کے اصطلاحی معنوں کو سمجھنا ضروری ہے۔ ایمان نام ہے بعض خلاف طبیعت باتیں ماننے اور بعض خلاف طبیعت باتیں چھوڑنے کا۔ ایمان کی اسی تعریف کے تناظر میں حضرت مصلح موعود نوراللہ مرقدہ نے اطاعت کی تعریف میں لکھا ہے کہ

”اطاعت صرف ذوق کے مطابق احکام پر عمل کرنے کا نام نہیں بلکہ خدا تعالیٰ کے ہر حکم پر عمل کرنے کا نام ہے خواہ وہ کسی کی عادت یا مزاج کے خلاف ہی کیوں نہ ہو۔“ (تفسیر کبیر جلد ۲ صفحہ ۱۵)

اللہ تعالیٰ ہمیں کامل اطاعت کرنے کی توفیق عطا فرمائے (آمین)

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم ایسے لوگوں کے پاس سے گزرے جو پتھر اٹھا رہے تھے۔ آپ صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے فرمایا:
یہ لوگ کیا کرتے ہیں؟ لوگوں نے کہا کہ یہ اپنے جسموں کو مضبوط کرنے کے لئے پتھر اٹھاتے ہیں۔ آپ نے فرمایا کیا میں تمھیں ایسا شخص نہ بتاؤں جو ان سے بھی زیادہ مضبوط ہے؟ وہ شخص جو غصے کے وقت اپنے نفس پر کنٹرول رکھتا ہے۔“

(مسند البزار و سلسلہ الاحادیث صحیحہ: 43)

رسومات کے متعلق اسلامی تعلیم

حضرت مسیح موعود علیہ السلام کی بعث کے غرض احیاء شریعت اور ایک نئی زمین اور نئے آسمان کا قائم کرنا تھا۔ وہ دنیا آسمان اور نئی زمین اسی وقت تعمیر ہو سکتے ہیں جب پُرانی زمین اور پُرانے آسمان سے منہ موڑتے ہوئے موجودہ تہذیب کی دھجیاں اُڑاتے ہوئے ہم اس تہذیب کو اپنائیں جو محمد رسول ﷺ کی قائم کردہ ہے اور حقیقی تقویٰ پر قائم ہو جائیں۔

- ہم قربانی دیں جذبات کی۔
- قربانی دیں اپنی دیرینہ عادات کی۔
- قربانی دیں اپنی برادری کی روایات کی۔
- دُنیا کی محبت دل سے نکل جائے۔
- اللہ کی خاطر تلخی کی زندگی کو قبول کریں۔

جیسا کہ خود حضرت مسیح موعود السلام فرماتے ہیں۔

تقویٰ یہی ہے یارو کہ نخوت کو چھوڑ دو
کبر و غرور و بُخل کی عادت کو چھوڑ دو
اس بے ثبات گھر کی محبت کو چھوڑ دو
اُس یار کے لئے رہِ عشرت کو چھوڑ دو
لعنت کی ہے یہ راہ سو لعنت کو چھوڑ دو
ورنہ خیال حضرتِ عزت کو چھوڑ دو

(رسومات کے متعلق اسلامی تعلیم صفحہ ۳۸)

نماز اصل میں دعا ہے

حضرت مسیح موعودؑ فرماتے ہیں:

نماز اصل میں دعا ہے۔ نماز کا ایک ایک لفظ جو بولتا ہے وہ نشانہ دعا کا ہوتا ہے۔ اگر نماز میں دل نہ لگے تو پھر عذاب کے لئے تیار رہے، کیونکہ جو شخص دعا نہیں کرتا وہ سوائے اس کے کہ ہلاکت کے نزدیک خود جاتا ہے اور کیا ہے۔ (بسلسلہ فیصلہ جات مجلس شوریٰ ۲۰۱۶

مرسلہ: نظارت اصلاح وارشاد مرکزیہ)

نظام جماعت سے وابستگی اور اطاعت عہدیداران

(دروس رمضان المبارک از این اے ظفر مربی سلسلہ)

یٰۤاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْۤا اَطِیْعُوا اللّٰهَ وَ اَطِیْعُوا الرَّسُوْلَ وَ اُولِی الْاَمْرِ مِنْكُمْ (النساء:۶۰)

اے وہ لوگو جو ایمان لائے ہو! اللہ کی اطاعت کرو اور رسول کی اطاعت کرو اور اپنے حکام کی بھی۔

حضرت عبادہ بن صامتؓ روایت کرتے ہیں کہ ہم نے حضرت رسول اللہ ﷺ کی بیعت اس شرط پر کی کہ ہم سنیں گے اور اطاعت کریں گے۔ آسانی میں بھی اور تنگی میں بھی، خوشی میں بھی اور رنج میں بھی اور ہم اُولوالامر سے نہیں جھگڑیں گے۔ اور جہاں کہیں بھی ہم ہوں گے حق پر قائم رہیں گے اور کسی ملامت کرنے والے سے نہیں ڈریں گے۔

(مسلم کتاب الامارۃ، باب وجوب طاعۃ الامراء)

آنحضور ﷺ نے متعدد بار صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کو جماعت کے ساتھ رہنے کی تلقین فرمائی اور مختلف انداز میں مثالیں دے کر اس مضمون کو سمجھایا ہے۔ جیسے ریوڑ کی مثال دی کہ ریوڑ سے الگ ہونے والے بھیڑ کو بھیڑیا اچک کر لے جاتا ہے۔ اس طرح آدمی کا بھیڑیا شیطان ہے جو اُسے بہکا لے جائے گا جب وہ جماعت سے الگ ہوا۔ جسم کی مثال دے کر بھی سمجھایا اور ایک دفعہ مضبوط عمارت سے مثال دی کہ مومن دوسرے مومن کے لئے مضبوط عمارت کی طرح ہے جس کا ایک حصہ دوسرے کو تقویت دیتا ہے۔ آپؐ نے اس مفہوم کو واضح کرنے کے لئے ہاتھوں کی کنگھی بنائی۔

(بخاری کتاب الصلاۃ باب تشبیک الاصابع فی المسجد)

ایک روایت میں ہے کہ مسلمان پر اپنے افسروں کی ہر بات سننا اور ماننا فرض ہے۔ خواہ اسے ان کا حکم اچھا لگے یا نہ۔

(مسلم کتاب الامارۃ باب وجوب طاعۃ الامراء)

اس حدیث میں اور دیگر احادیث میں اسمع والطاعۃ کے الفاظ ہیں۔ جس میں یہ اشارہ ہے کہ ہر مسلمان نے صرف اس حکم کی اطاعت نہیں کرنی جو خود بخود یا کسی کے ذریعے پہنچے بلکہ خدا، اس کے رسول اور حکامِ بالا کے احکام پر کان لگائے رکھنے ہیں اور خود سن کر اطاعت کرنی ہے۔ اس میں کوشش کر کے اجلاسات اور درسوں پر حاضر ہو کر سننا بھی مراد ہے۔ حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ کے خطبات کو اطاعت کی نیت کرتے ہوئے سننا بھی مراد ہے۔

سیدنا حضرت محمد ﷺ نے حکام اور امراء کی اطاعت کو اپنی اور خدا تعالیٰ کی اطاعت قرار دے کر عہدیداران کی اطاعت کے مضمون کو اجاگر کیا۔ فرمایا جس نے میری اطاعت کی اس نے اللہ کی اطاعت کی جس نے میری نافرمانی کی اس نے اللہ کی نافرمانی کی جس نے امیر یا حاکمِ وقت کی اطاعت کی اس نے میری اطاعت کی اور جو امیر، حاکمِ وقت اور عہدیداران کا نافرمان ہے وہ میرا نافرمان ہے۔

(مسلم کتاب الامارۃ باب وجوب طاعۃ الامراء)

امیر یا حکام کی طاعت کے بارے آنحضور ﷺ کے بہت واضح ارشادات ہیں جیسے حبشی غلام جس کا سر انگور کے خشک دانے کی طرح ہو اُس کی بھی اطاعت کرنی ہو گی۔

(بخاری کتاب الاحکام باب السمع والطاعۃ)

تمام کرہ ارض پر صرف ایک ہی فرقہ ایسا ہے جو جماعت کہلانے کا مستحق ہے وہ جماعت احمدیہ ہے۔ جس کا ایک واجب الاطاعت امام موجود ہے۔ اس کے مبارک منہ سے نکلے ہوئے الفاظ پر دُنیا بھر میں پھیلے احمدی احباب لبیک یا سیدی کہتے ہوئے آگے بڑھتے ہیں۔ حقیقی تنظیم، اتحاد و یگانگت اور جماعت کا نقشہ صرف جماعت احمدیہ میں ملتا ہے۔ جو ساری دنیا میں موجود احباب ایک وجود کی آواز پر

صاحب بتاتے ہیں کہ یہ خدا نے ہمارے روحانی پیشوا کی دعائیں سنی ہیں تو ڈاکٹرز سر ہلا کر کہتے معجزہ ہے معجزہ ہے۔"

(خلفائے احمدیت کی قبولیت دعا کے واقعات صفحہ 351/352)

حضرت خلیفۃ المسیح الخامس کی دعاؤں سے گھانا کی زمین سے تیل کا نکلنا:۔

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز جب ۲۰۰۴ میں گھانا تشریف لے گئے تو سفر میں ایک موقعے پر حضور نے اہلِ گھانا کو بشارت دی کہ غانا کی سرزمین میں تیل نکلے گا۔ چنانچہ جب ۲۰۰۸ میں حضور انور خلافت جوبلی کے موقعے پر دوبارہ گھانا تشریف لے گئے تو گھانا کے صدرِ مملکت نے ملاقات کے دوران حضور سے کہا کہ

" حضور کی ہمارے ملک کے لئے دعائیں قبول ہو رہی ہیں حضور نے اپنے گزشتہ دورہ کے دوران فرمایا تھا کہ گھانا کی زمین میں تیل ہے اور یہاں سے تیل نکلے گا۔ اور حضور کی یہ دعا بڑی شان سے پوری ہوئی اور گذشتہ سال گھانا سے تیل نکل آیا۔"

چنانچہ اس حوالے سے گھانا کے مشہور نیشنل اخبار Daily Graphic نے اپنے ۱۷ اپریل ۲۰۰۸ کے شمارے میں پہلے صفحے پر حضور انور اور صدر گھانا کی ملاقات کی رپورٹ شائع کرتے ہوئے لکھا کہ " خلیفۃ المسیح نے اپنے دورۂ گھانا ۲۰۰۴ کے دوران گھانا میں تیل کی دریافت پر بڑے پرزور طریق سے اپنے یقین کا اظہار کیا تھا۔ اور یہی یقین گزشتہ سال حقیقت میں بدل گیا۔ اور گھانا کی سرزمین سے تیل نکل آیا۔

(حضرت مسیح موعودؑ اور خلفائے کرام کے تعلق باللہ کے واقعات، صفحہ 117)

اللہ تعالیٰ ہمارے لئے حضرت مسیح موعودؑ اور خلفائے کرام کے مذکورہ ایمان افروز واقعات کو ہمارے لئے ازدیادِ ایمان کا باعث بنائے۔ ہمارا بھی اللہ تعالیٰ کی پاک ذات سے زندہ تعلق استوار ہو اور یہ تعلق ہمیشہ مضبوط ہوتا چلا جائے۔ اللہ تعالیٰ ہمیں اور ہماری نسلوں کو ہمیشہ نظامِ خلافت سے وابستہ رکھتے ہوئے اپنی رضا حاصل کرنے کی توفیق عطاء فرماتا چلا جائے۔ آمین

آنکھوں کی حفاظت

آنکھوں کی بہتری کے لئے ہمیں مندرجہ ذیل باتوں کا خیال رکھنا چاہیے:

- پڑھتے وقت کافی احتیاط برتنی چاہیے اور کبھی بھی کم روشنی میں پڑھنا نہیں چاہیے۔ پڑھتے وقت کتاب پر روشنی پڑنی چاہیے تاکہ آنکھوں پر زور نہ پڑے اور وہ متاثر نہ ہو۔
- کتاب اور آنکھوں میں کم از کم ایک سوا فٹ کا فاصلہ ہو۔ لیٹ کر یا جھک کر کبھی نہ پڑھیں۔ یہ طریق آنکھوں کو تھکا دیتا ہے اور تکلیف کا باعث بنتا ہے۔ اکثر بچے جھک کر یا لیٹ کر پڑھتے ہیں یہ طریق ان کے لئے بہت نقصان دہ ہے۔ اس سے ان کی آنکھیں خراب ہوں گی۔ اور عینک کا نمبر بڑھ جائے گا۔
- چلتی گاڑی میں پڑھنا بھی آنکھوں کے لئے نقصان دہ ہے۔ جب آپ پڑھنے بیٹھیں تو لگاتار نہ پڑھیں بلکہ ہر آدھ گھنٹہ بعد پڑھنا چھوڑ دیں اور آنکھوں کو بند کر کے آرام دیں اس سے آپ کی آنکھوں کی تھکاوٹ دور ہو گی۔
- خواتین جب بھی باریک کام کریں مثلاً سلائی وغیرہ تو اس دوران بھی اپنی آنکھوں کو ضرور آرام دیں۔
- اگر آپ کو کام کرتے ہوئے یا پڑھتے ہوئے آنکھوں میں جلن ہو، آنکھیں سرخ ہو جائیں، سر میں درد ہو اور دھندلا نظر آئے۔ سستی محسوس ہو یا نیند آئے تو فوراً آنکھوں کے ڈاکٹر سے رجوع کریں۔ ہو سکتا ہے کہ آپ کو عینک لگے۔ اپنے بچوں کا بھی خیال رکھیں کیا ان کی نظر ٹھیک ہے تاکہ ان کا علاج بھی بروقت ہو سکے۔

جس نے مجھے بالکل نڈھال اور مردے کی مانند کر دیا۔ تھوڑے تھوڑے دنوں کے بعد پیٹ میں اتنا شدید درد اٹھتا کہ میں بے ہوش ہو جاتا۔ تقریباً دو سال میں نے ہر طرح کے علاج کئے۔ لیکن حالت خراب ہو گئی۔ آخر تنگ آکر میں نے امرتسر کے سرکاری ہسپتال میں داخلہ لے لیا۔ وہاں ٹیسٹ ہوئے اور فیصلہ ہوا کہ میرا پتّہ اور اپنڈکس ہر دو کا آپریشن ہو گا۔ اس سے مجھے گھبراہٹ پیدا ہوئی اور میں ایک دن بِلا اجازت ہسپتال سے چلا گیا اور قادیان پہنچا اور حضور (حضرت خلیفۃ المسیح الثانیؓ) کی خدمت میں حاضر ہو کر تمام ماجرا عرض کیا حضور نے توجہ سے سن کر فرمایا کہ "آپ کو اپنڈے سائٹس تو قطعاً نہیں ہاں پِتّہ میں نقص ہے۔ آپ علاج کروائیں میں دعا کروں گا۔ انشاء اللہ آرام آجائے گا۔" اس کے بعد مجھے یقین ہو گیا ہے میں ٹھیک ہو جاؤں گا۔ چنانچہ میں اپنی ملازمت پر واپس چلا آیا اور ملتان کے ایک حکیم صاحب سے معمولی ادویات لے کر استعمال کرنی شروع کی۔ تین چار ماہ بعد بیماری کا نام ونشان نہ رہا۔ حالانکہ اس سے پہلے دو سال یونانی اور انگریزی ادویات استعمال کر چکا تھا۔ یہ صرف حضور کی معجزانہ دعا کا نتیجہ تھا۔ جس نے میرے جیسے مردہ کی مانند مریض کو شفایاب کر دیا۔ اسکے بعد خدا کے فضل سے آج تک مجھے پیٹ کی تکلیف نہیں ہوئی حالانکہ غذا کے معاملے میں سخت بدپرہیزی کرتا رہا ہوں۔"

(خلفائے احمدیت کی قبولیت دعا کے واقعات صفحہ 345/344)

حضرت خلیفۃ المسیح الثالثؒ کے قبولیتِ دعا کا واقعہ:۔

مکرم چوہدری بشیر احمد صاحب لکھتے ہیں،

" فروری ۱۹۷۰ کی بات ہے کہ عاجز کی اہلیہ بس کے ایک حادثے میں زخمی ہو گئیں خصوصاً سر کی چوٹ کے باعث بیہوشی طاری تھی۔ خون بے حساب بہہ چکا تھا۔ فضلِ عمر ہسپتال میں مرہم پٹی ہوئی۔ سر کے زخم کے ٹانکے لگے۔ مکرم ڈاکٹر قریشی لطیف احمد صاحب اور مکرم عبدالجبار صاحب Attend کر رہے تھے۔ بے ہوشی کے باعث جو کہ چھتیس گھنٹے رہی، بے حد تشویش تھی۔ الحمد اللہ حضور پُر نور (حضرت خلیفۃ المسیح الثالثؒ) کی دعائے مستجاب میسر آگئی۔ حضور انور (حضرت خلیفۃ المسیح الثالثؒ) کی خدمت میں تحریراً تفصیل عرض کی گئی جس پر حضور انور کے اپنے دستِ مبارک سے لکھے ہوئے یہ الفاظ دل کی ڈھارس کا موجب بنے اور شفا کے بارے میں یقین کا مقام پہنچا گئے۔ حضور نے فرمایا "اللہ اپنے فضل سے شفا دے اور خیریت سے رکھے۔" چھتیس گھنٹے کے بعد جب اہلیہ ہوش میں آئیں پھر کامل شفا کے لئے حضور انور (حضرت خلیفۃ المسیح الثالثؒ) سے مزید دعا کی درخواست کی گئی۔ اِس پر حضور نے اپنے دستِ مبارک سے تحریر فرمایا کہ:

" الحمد للہ، اللہ تعالیٰ صحتِ کاملہ عاجلہ عطا کرے۔"

خدا تعالیٰ نے معجزانہ طور پر میری اہلیہ کو صحت عطا فرمائی اور وہ اڑتالیس گھنٹے بعد یعنی حادثے کے تیسرے روز ہسپتال سے فارغ ہو کر گھر پہنچ گئیں (الحمد اللہ علیٰ ذلک)۔"

(خلفائے احمدیت کی قبولیت دعا کے واقعات صفحہ 349/350)

حضرت خلیفۃ المسیح الرابعؒ کی دعاؤں کا نشان:۔

" ڈاکٹر سید برکات احمد صاحب انڈین فارن سروس میں رہے۔ کئی کتب لکھیں۔ حضور (حضرت خلیفۃ المسیح الرابعؒ) کی کتاب "مذہب کے نام پر خون" کا انگریزی ترجمہ کیا۔ آپ مثانہ کے کینسر سے بیمار تھے۔ جس کا امریکا میں آٹھ گھنٹے کا ناکام آپریشن ہوا اور ڈاکٹروں نے چار سے چھ ہفتے کی زندگی بتائی حضور (حضرت خلیفۃ المسیح الرابعؒ) کی خدمت میں دعا کی درخواست کی گئی تو جواب آیا:

"دعا کی تحریک پر مشتمل آپ کے پر سوز وگداز خط نے خوب ہی اثر دکھایا آپ کے لئے نہایت عاجزانہ فقیرانہ دعا کی توفیق ملی اور ایک وقت اِس دعا کے دوران ایسا آیا کہ میرے جسم پر لرزہ طاری ہو گیا۔ میں رحمتِ باری سے امید لگائے بیٹھا ہوں کہ یہ قبولیت کا نشان تھا۔" چنانچہ حضور کی دعا کی قبولیت کے نتیجہ میں خدا کے فضل سے انہوں نے چار سال تک فعال علمی اور تحقیقی زندگی گزاری۔ اور ڈاکٹرز بھی ان کی علمی اور تحقیقی زندگی پر حیرت زدہ تھے۔ اور برکات

خلفائے احمدیت کی قبولیتِ دعا کے چند ایمان افروز واقعات

عائشہ ملک صاحبہ ایسٹ جماعت

خدا تعالیٰ کا ہم پہ سب سے بڑا احسان یہ ہے کہ اس نے ہمیں خلافت جیسی نعمت عظمیٰ سے نوازا ہوا ہے۔ خلیفہ وقت کا وجود ہمارے لئے ایک شفیق باپ جیسا ہے، جو ہر غمی خوشی میں ہمارے لئے دعاؤں کا سائبان ہے ان دعاؤں کی قبولیت سے تقریباً ہر احمدی فیضیاب ہوا ہو گا۔

حضرت خلیفہ المسیح الثالثؒ فرماتے ہیں:

" تو میں آپ کو وضاحت کے ساتھ بتانا چاہتا ہوں کہ جس شخص کو بھی خدا تعالیٰ آپ کا خلیفہ بنائے گا اِس کے دل میں آپ کے لئے بے انتہا محبت پیدا کر دے گا اور اِسکو یہ توفیق دے گا کہ وہ آپ کے لئے اتنی دعائیں کرے کہ دعا کرنے والے ماں باپ نے بھی آپ کے لئے اتنی دعائیں نہ کی ہوں گی۔"

(خطباتِ ناصر جلد ا صفحہ ۴۹۴ خطبہ جمعہ ۱۸ نومبر ۱۹۶۶)

ان قبولیت دعا کے واقعات کا شمار کرنا کسی بھی احمدی کے لئے ناممکن ہے مگر آج میں خلفائے احمدیت کی قبولیتِ دعا کے صرف چند واقعات ازدیادِ ایمان کے لئے آپ کے سامنے لا رہی ہوں۔

حضرت خلیفۃ المسیح الاوّل کی قبولیتِ دعا کا واقعہ:۔

مکرم قاضی صاحب اِس سلسلہ میں حضورؓ کی قبولیتِ دعا کا ایک عجیب واقعہ بیان کرتے ہیں۔ آپ لکھتے ہیں:

" میں دفتر 'بدر' میں حسبِ معمول ایک دن چارپائی پر لیٹے ہوئے بستر کو تکیہ بنائے اور آگے میز رکھے دفتر ایڈیٹر و مینجر کا فرض بجا رہا تھا تو مجھے خلیفۃ المسیح اوّل کی ایک چِٹ ملی جس پر مرقوم تھا:

وَلَمْ اَکُنْ بِدُعَائِکَ رَبِّ شَقِیًّا۔

" میں نے آپ کے لئے بہت دعا کی ہے۔ اللہ تعالیٰ نعم البدل عطاء کرے گا۔"

میں کچھ حیرت زدہ ہوا کیونکہ میرے دو لڑکے یکے بعد دیگرے چالیس دن کے اندر گولیکی (ضلع گجرات) میں فوت ہو چکے تھے، جمشید ۷ اکتوبر ۱۹۰۸ کو ساڑھے نو ماہ اور خورشید پلوٹھا ۱۱ نومبر ۱۹۰۸ کو بمعر پانچ سال آٹھ ماہ مگر میں نے حضور اقدس (خلیفۃ المسیح اوّل) کی خدمت میں دعا کی کوئی تحریک نہیں کی۔ آخر معلوم ہوا کہ میری ایک نظم والدہ عبد السلام مرحوم حضرت اماں جی نے گھر میں ترنم سے پڑھی جس کا پہلا شعر یہ تھا کہ

عارضی رنگِ بقا تھا مجھے معلوم نہ تھا
سرمۂ چشم فنا تھا مجھے معلوم نہ تھا

اماں جی نے حضور کو بتایا کہ یہ نظم اکمل صاحب کی ہے اور اِن کے دو بیٹے یکے بعد دیگرے فوت ہو چکے ہیں۔ حضرت خلیفۃ المسیح الاوّل کے دل پر ایسا اثر ہوا کہ آپ کی توجہ دعا کی طرف پھر گئی اور اِسکے بعد حضور نے وہ رقعہ مجھے لکھا جسکا ذکر اوپر کیا جا چکا ہے۔ اِس کے بعد ۱۹۱۰ء میں خدا تعالیٰ کے فضل سے میرے گھر لڑکا تولد ہوا جس کا نام حضور نے عبد الرحمٰن رکھا اور پونے تین سال بعد ۱۹۱۳ میں دوسرا لڑکا تولد ہوا جس کا نام حضور نے عبد الرحیم رکھا۔ اس طرح آپ کی دعا کی قبولیت کا ہم نے نظارہ دیکھا۔ فالحمد اللہ علیٰ ذلک۔"

(خلفائے احمدیت کی قبولیت دعا کے واقعات صفحہ 339/340)

حضرت خلیفۃ المسیح الثانی کی دعا کا معجزانہ اثر:۔

مکرم ملک حبیب اللہ صاحب ریٹائرڈ ڈپٹی انسپکٹرز آف اسکولز لکھتے ہیں:

" شجاع آباد کے قیام کے دوران مجھے ایک ایسا مرض لاحق ہو گیا

پھیلاتا ہے اور معاشرے میں انتشار اور بے چینی کی فضاء پیدا کرتا ہے اور اس کا شکار ہونے والوں نے خودکشیاں بھی کی ہیں۔

اس کے علاوہ Hacking ایک ٹرم استعمال ہوتی ہے۔اس کا مطلب یہ ہے کے آپ کی کوئی بھی پرسنل انفارمیشن یا پرسنل ڈیٹا Hack کر کے انٹرنیٹ پر شیئر کیا جا سکتا ہے۔اور بالکل اسی طرح آپ کے بینک اکاؤنٹس کی ڈیٹیلز کو Hack کر کے آپ کو مالی نقصان پہنچایا جا سکتا ہے۔اور ماضی میں کچھ فیس بک اور ٹوئیٹر اکائونٹس کو Hack کر کے پرسنل ڈیٹا کو پوسٹ کیا گیا جس کی وجہ سے لوگوں کی ذاتی زندگیوں کو بہت نقصان پہنچا اور یہ سب سے خطرناک چیز ہے۔

اس کے علاوہ آن لائن فراڈ اور سیکیورٹی کے بھی کافی سارے مسائل ہیں، سوشل میڈیا پر کسی بھی کمیونٹی یا کسی خاص فرد کے حوالے سے کوئی بھی نازیبا اور گھٹیا بات شیئر کر سکتا ہے جو اسکے کردار اور ساکھ کو تباہ کر سکتی ہے۔اور سوشل میڈیا کی اندھی تقلید سے بہت سارے لوگ اپنی زندگیوں سے ہاتھ دھو لیتے ہیں جیسے پچھلے دنوں پاکستان میں ایک بلیو وہیل گیم تھی جس کی وجہ سے بہت سے لوگوں نے خودکشی کی۔

اور سوشل میڈیا پر ہر چیز کو بہت Glamorized کر کے پیش کیا جاتا ہے اور سادہ ذہن لوگ اسی کو کاپی کرنے کی کوشش میں بہت نقصان اٹھا لیتے ہیں۔

گویا سوشل میڈیا کے فائدے کم اور نقصانات بہت زیادہ ہیں، ہمیں چاہیے کہ زیادہ سے زیادہ باہمی تعلقات اور محبت پر زور دیں اور سوشل میڈیا کو محض رابطے اور مثبت استعمال کا ذریعہ رکھیں۔

Tab، موبائل کمپیوٹر یا پلے سٹیشن
اپنی سمجھ سے باہر ہے یہ انٹرنیٹ جنریشن
LOL ہے ان کا ہاسا اور OMG ہے رونا
پہلے Status چیک کرنا ہے منہ ہاتھ بعد میں دھونا۔

اپنی اولاد میں انسانیت پیدا کرو

حضرت مصلح موعودؓ فرماتے ہیں:

عام طور پر انسان اولاد کو خوب کھلاتا پلاتا اور اس کی خاطر کرتا ہے۔ جتنی زیادہ ناجائز محبت کرنے والے ماں باپ ہوتے ہیں، اتنی ہی زیادہ انہیں یہ فکر ہوتی ہے کہ ان کے بچے خوب کھائیں پئیں۔ مگر یہ حیوانوں والی زندگی ہوتی ہے اس طرح وہ گویا اولاد نہیں پالتے بلکہ دنبہ پالتے ہیں۔ کیونکہ دنبہ کے لئے صرف کھانے پینے اور رہائش ہی کی فکر کرنی پڑتی ہے اور بہت لوگ اپنی اولاد کی بھی اتنی ہی فکر کرتے ہیں کہ اسے اچھا کھلائیں، اچھا پلائیں، اچھی رہائش ہو، اچھا کپڑا پہنائیں۔۔۔۔پس اگر تم بھی چاہتے ہو کہ اللہ تعالیٰ کے فیوض تم پر اور تمہاری اولاد پر ہمیشہ نازل ہوتے رہیں تو اپنی اولاد کو دنبہ کی طرح نہ پالو بلکہ اس کی روحانی اصلاح کی فکر کرو۔ خدا تعالیٰ کی محبت اس کے دل میں پیدا کرو۔ خدا تعالیٰ کا قرب حاصل کرنے کی تڑپ اس میں پیدا کرو اگر تم اولاد کی اصلاح کی طرف اس طرح توجہ کرو گے اور حیوانوں کی طرح اس کی پرورش نہ کرو گے بلکہ انسانوں کی طرح کرو گے تو انسانیت اس میں مذہب کے طور پر قائم ہو جائے گی اور جب یہ قائم ہو جائے گی تو خدا تعالیٰ کے فضل بھی نازل ہوں گے۔ (خطبات محمود جلد ۲ صفحہ ۱۱۴-۱۱۶)

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے فرمایا:

”ایمان کے لحاظ سے مکمل مومن وہ ہیں، جو لوگوں میں اخلاق کے اعتبار سے بہت اچھے ہیں۔ اور بے شک ’اچھے اخلاق‘ صوم وصلاۃ کے درجہ تک پہنچ جاتے ہیں۔“

(سلسلہ احادیث صحیحہ 55. مسند البزار)

ہجر کی تنہائی کچھ یوں گزار لیتے ہیں
مختلف زاویوں سے سیلفی اتار لیتے ہیں

مسرت النساء صاحبہ ایسٹ جماعت

آج کے اس مصروف دور میں جو انسان سوشل میڈیا کے استعمال سے بے خبر ہے۔ اسے جاہل مطلق سمجھا جانے لگا ہے اوول آفس سے لے کر پشاور کے چائے خانہ تک میں ہونے والی سرگرمیاں پلک جھپکتے دنیا کے ہر کونے میں پھیل جاتی ہیں۔

فیس بک، ٹویٹر، واٹس ایپ ہر انسان کی زندگی کی بنیادی ضرورت بن چکے ہیں، آج دنیا بھر میں واحد ذریعہ رابطے کا سوشل میڈیا بن چکا ہے جس کے استعمال کے بغیر انسان خود اپنے گھر سے کٹ کے رہ گیا ہے کیونکہ آج کل ماں باپ بھی بچوں کی خیریت ان کے فیس بک سٹیٹس سے ہی معلوم کرتے ہیں، اور کسی سانحے اور خوشی کی خبر بھی سوشل میڈیا پر ہی شیئر کی جاتی ہے اور وہیں پر سب مبارکباد اور افسوس کا اظہار کر لیتے ہیں گویا اس سوشل میڈیا کے بغیر جینے کا تصور ہی ممکن نہیں، نہ اس کے ساتھ گزارہ ہے نہ اسے چھوڑ کر۔

گویا غالب نے اس سوشل میڈیا کی آتش کے بارے میں ہی کہا ہو گا،

کہ لگائے نہ لگے اور بجھائے نہ بنے

سوشل میڈیا پچھلے کچھ سالوں سے ہماری زندگی میں اتنی تیزی سے شامل ہوا ہے کہ اب اس کے وجود سے انکار ممکن ہی نہیں رہا۔ میں اپنے آرٹیکل میں جہاں اس کے کچھ فائدے آپ کے سامنے رکھوں گی وہیں پر اس کے نقصانات سے آگاہ کرنے کی بھی کوشش کروں گی۔

سوشل میڈیا کا جو سب سے زیادہ اور بنیادی فائدہ روابط میں آسانی ہے۔ دنیا کے کسی کونے میں بھی آپ رہتے ہوں آپ رابطہ کر سکتے ہیں online Discussion میں اپنے خیالات کا اظہار کر سکتے ہیں اپنی رائے دے سکتے ہیں۔

اس کے علاوہ سوشل میڈیا کی وجہ سے ٹیچرز اور سٹوڈینٹس کے لیے بہت ساری آسانیاں پیدا ہو گئی ہیں بغیر کسی پریشانی کے آپ دنیا کے کسی کونے سے بھی جو پروفیشنل اور ماہر تعلیم ہوتے ہیں ان کی ریسرچ سے مستفید ہو سکتے ہیں۔

سوشل میڈیا کے ذریعے آپ تازہ ترین معلومات آسانی سے حاصل کر سکتے ہیں جن کے بارے میں ٹیلی وژن اور پرنٹ میڈیا اتنی بات نہیں کرتا اور اسی سوشل میڈیا کے ذریعے آجکل آپ پوری دنیا میں بہت سارے لوگوں کے ساتھ اپنے بزنس کو متعارف کروا سکتے ہیں چاہے آپ آن لائن بزنس یا آف لائن بزنس کر رہے ہوں۔

جہاں اس کے فوائد ہیں وہاں اس کے نقصانات بھی ہماری زندگیوں پر کیسے اثر انداز ہو رہے ہیں۔

Addiction بھی سوشل میڈیا کا ایک بڑا نقصان ہے کہ نوجوان نسل اپنا نہایت قیمتی وقت نیٹ استعمال کرنے میں گزار دیتے ہیں۔ جس کی وجہ سے ان کی پڑھائی بہت متاثر ہوتی ہے۔ اور اسی طرح اگر گھر کے بڑے اس کو استعمال کرتے ہیں تو ان کی ذاتی زندگی متاثر ہوتی ہے کیونکہ جو ٹائم انہوں نے اپنے بیوی بچوں اور گھر والوں کے ساتھ گزارنا ہوتا ہے اسمیں بھی وہ سوشل میڈیا پر مصروف ہوتے ہیں۔

سب سے پہلے تو آج کے دور میں Cyberbullying بہت مسئلہ بنا ہوا ہے جس کا شکار بچے ہو رہے ہیں۔ سائبر بلنگ میں ہوتا یہ ہے کہ کوئی بھی شیطانی ذہن انسان اپنا ایک فرضی جھوٹا اکاؤنٹ بناتا ہے نا کہ اس کو کوئی پکڑ نہ سکے تو وہ کسی انسان گروہ یا کمپنی کی کوئی بھی جھوٹی من گھڑت کہانی بنا کر سوشل میڈیا پر خبر کی صورت میں

فیس بُک

ارشاد عرشی ملک صاحبہ

چل پڑی ہے جب سے دُنیا میں ہوائے فیس بُک
مرد و زن چھوٹے بڑے سب ہیں فدائے فیس بُک

بن گئی ہے ایک آندھی اب صبائے فیس بُک
خشک پتے کی طرح سب کو اُڑائے فیس بُک

کیوں نہ تصویروں سے ہر بندہ سجائے فیس بُک
دیکھتے ہیں آج کل اپنے پرائے فیس بُک

گھر کے دروازوں کو چوپٹ کھول دینے کا ہے نام
ہر کسی کو حُسن کے جلوے کرائے فیس بُک

جلوہ گر لڑکے بھی ہیں اب لڑکیوں کے بھیس میں
آجکل شیطان نے اوڑھی ردائے فیس بُک

اس کے جُنگل میں پھنسے دیکھے ہیں پختہ عمر بھی
چُلبُلے پن سے بہت سوں کو لُبھائے فیس بُک

بھیڑیئے بھی آگئے، بھیڑوں کی کھالیں اوڑھ کر
لُقمۂ تر سادہ لوحوں کو بنائے فیس بُک

اب تو اپنوں سے محبت اِک کہانی بن گئی
ایرے غیروں سے مگر پینگیں بڑھائے فیس بُک

دوستی کی بھوک نے ہر اِک کو پاگل کر دیا
اس لئے بڑھتی ہی جاتی ہے صدائے فیس بُک

اب تو گھر والوں کی صحبت میں بھی دل لگتا نہیں
ہر گھڑی حیلے بہانوں سے بُلائے فیس بُک

لوگ "پردیسی" تھے پہلے آج "فیسی" ہو گئے
ہر کسی کے زیبِ تن ہے اب قبائے فیس بُک

کس کو دوں الزام دل لُٹنے کا برقی پیج پر
وہ مری اپنی خطا تھی یا خطائے فیس بُک

اوڑھ کر آیا ہے شیطاں اِک سجیلی اوڑھنی
اوڑھنی کی اوٹ سے بجلی گرائے فیس بُک

کتنے ہی اچھے بھلے لیلیٰ و مجنوں بن گئے
دن چڑھے تک سوئیں، راتوں کو جگائے فیس بُک

مندمل کیونکر کرے زخموں کو بے چہرہ ہجوم
گھاؤ کر دیتی ہے زخموں کو دوائے فیس بُک

آن لائین کون ہے اور آف لائین کون ہے
بس انہیں سوچوں میں گم ہیں مبتلائے فیس بُک

ڈال دے کشکول میں الفاظ کے سکے کوئی
منتظر رہتے ہیں روز و شب گدائے فیس بُک

"ایڈ" کرنے اور ہونے کی طلب ہے رات دن
یہ گنوائیں وقت اور ڈالر کمائے فیس بُک

مانگتے ہیں جس کی بدبُو سے پنہ چھوٹے بڑے
بیشتر اوقات ایسے گُل کھلائے فیس بُک

فیس بُک گر بین ہو جائے تو ماتم ہو بپا
پیٹ کر سینے کو سب چلائیں ہائے فیس بُک

جو ہیں مہدی کی جماعت، اُن کا مقصد اور ہے
زیر کر سکتی نہیں اُن کو ادائے فیس بُک

جس مسیح کے وقت کی اللہ کو بھی قدر تھی
وقت اُس کے عاشقوں کا کیوں گنوائے فیس بُک

دوستو، دعوت الی اللہ کے لئے بر تو اسے
تا تمہارا وقت نہ ہرگز چُرائے فیس بُک

لکھ دیا عرشی نے، جو اللہ نے توفیق دی
اپنے پیاروں کے لئے کچھ ماجرائے فیس بُک

ساتھ ماپ اور تول پورے پورے دو۔ یہاں اب عمومی طور پر اپنے کاروباروں کو انصاف اور ایمانداری کے تقاضے پورے کرتے ہوئے ادا کرنے کا حکم ہے۔ ایک حدیث میں آتا ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اگر خرید و فروخت کرنے والے سچ بولیں اور مال میں اگر کوئی عیب یا نقص ہے اُسے بیان کر دیں تو اللہ تعالیٰ اُن کے سودے میں برکت دے گا۔ اور اگر وہ دونوں جھوٹ سے کام لیں، خریدنے والا اور بیچنے والا کسی عیب کو چھپائیں گے یا ہیرا پھیری سے کام لیں گے تو اس سودے میں برکت چلی جائے گی۔

حضور انور نے فرمایا کہ ہم میں سے ہر ایک کو اپنے جائزے لینے چاہئیں کہ کیا ہم بھی اپنوں میں کمزوروں کے حقوق ادا کر رہے ہیں؟ کیا ہم اپنے کاروباروں میں انصاف اور دیانتداری سے کام لے رہے ہیں؟ کیا ہم اپنے معاشرے کے ہر طبقے کے حقوق ادا کرنے والے ہیں؟ کیا ہم اپنے آپ کو برائیوں سے بچانے والے ہیں؟ اللہ تعالیٰ کرے کہ ہم میں سے ہر ایک ہر قسم کی ان برائیوں سے جن سے اللہ تعالیٰ نے روکا ہے، اُن سے رکنے والے ہوں۔ (آمین)

(الفضل انٹرنیشنل 23 اگست 2013 تا 29 اگست 2013)

کیا آپ حقیقی جنت حاصل کرنا چاہتے ہیں

حضرت مسیح موعود علیہ السلام نے اللہ تعالیٰ کے حکم کے ماتحت اعلان فرمایا کہ ”اس زمانہ میں خدا تعالیٰ نے ان لوگوں کے لئے جو حقیقی جنت حاصل کرنا چاہتے ہیں یہ انتظام فرمایا ہے کہ وہ اپنی خوشی سے اپنے مال کے کم سے کم دسویں حصہ کی وصیت کر دیں اور زیادہ سے زیادہ تیسرے حصّہ کی وصیت کر دیں۔ آپؑ فرماتے ہیں کہ ان وصایا سے جو آمد ہو گی وہ ترقی اسلام اور اشاعت علم قرآن و کتب دینیہ اور اس سلسلہ کے واعظوں کے لئے خرچ ہو گی۔ ان اموال میں سے ان یتیموں اور مسکینوں کا بھی حق ہو گا جو کافی طور پر وجوہ معاش نہیں رکھتے۔“ (نظام نو صفحہ 106 تا 108)

حضرت مسیح موعودؑ ایک جگہ فرماتے ہیں کہ:

”ہر شخص کو چاہیے کہ اللہ تعالیٰ کا خوف کرے اور اللہ تعالیٰ کا خوف اُس کو بہت سی نیکیوں کا وارث بنائے گا۔“ پھر فرمایا کہ ”اصل بات یہ ہے کہ اچھا اور نیک تو وہی ہے جو اللہ تعالیٰ کی پرکھ سے اچھا نکلے۔ بہت لوگ ہیں جو اپنے آپ کو دھوکہ دیتے ہیں اور سمجھ لیتے ہیں کہ ہم متقی ہیں مگر اصل میں متقی وہ ہے جس کا نام اللہ تعالیٰ کے دفتر میں متقی ہو۔“

(ملفوظات جلد ۳ صفحہ ۶۳۰-۶۲۹۔ ایڈیشن ۲۰۰۳ مطبوعہ ربوہ)

حضرت خلیفہ اوّلؓ کی پُر حکمت باتیں

- میں اپنے ماں باپ کے لئے دعا مانگنے سے تھکتا نہیں۔ میں نے اب تک کوئی ایسا جنازہ نہیں پڑھا جس میں اُن کے لئے دعا نہ مانگی ہو۔
- میں نے دیکھا ہے کہ خدا تعالیٰ سے دعائیں مانگنے والے مباحثات میں کبھی عاجز نہیں ہوتے۔
- میں نے جب سے شادیاں کی ہیں آج تک اپنی کسی بیوی کا صندوق کبھی ایک مرتبہ بھی کھول کر نہیں دیکھا۔
- میں نے بڑی تحقیقات کی ہیں۔ رسول کریم ﷺ کے اصحاب میں سے کوئی ایک بھی بہرا نہ تھا۔ یہ بڑا ہی معرفت کا نکتہ ہے۔
- میرے بچے جب مَرے تو میرے دل میں یہی ڈالا گیا کہ اگر تم مرتے تب بھی یہ تم سے جُدا ہو جاتے۔
- میں نے بہت روپیہ، محنت، وقت خرچ کر کے احادیث کو پڑھا ہے اور اس قدر پڑھا ہے کہ اگر بیان کروں تو تم کو حیرت ہو۔ ابھی میرے سامنے کوئی کلمہ حدیث کا، ایک قرآن کریم کا، ایک کسی اور شخص کا پیش کرو میں بتا دوں گا کہ یہ قرآن کا ہے یہ حدیث کا اور یہ کسی معمولی انسان کا۔

(الفضل انٹرنیشنل 27 جولائی 2012)



ہر قسم کی فحشاء سے بچنے، یتامیٰ کے اموال کی حفاظت، ماپ تول میں انصاف سے متعلق حضرت اقدس مسیح موعود علیہ السلام کے ارشادات کی روشنی میں اہم نصائح

خلاصہ خطبہ جمعہ ۲/ اگست ۲۰۱۳ء بمطابق ۲/ ظہور ۱۳۹۲ ہجری شمسی بمقام مسجد بیت الفتوح۔ لندن

حضور انور نے تشہد، تعوذ اور سورۃ فاتحہ کی تلاوت کے بعد فرمایا کہ گزشتہ جمعہ کے خطبہ میں سورۃ الانعام کی آیات ۱۵۲ اور ۱۵۳ کے حوالے سے تین امور یعنی شرک سے بچنے، والدین سے حسن سلوک اور والدین کے لئے اولاد کی تربیت کی اہمیت کے بارے میں بیان ہوا تھا۔ باقی احکامات کے بارے میں کچھ ذکر کروں گا جو ان آیات میں بیان کئے گئے ہیں۔

حضور انور نے فرمایا کہ چوتھی بات یہ ہے کہ فحشاء کے قریب بھی نہ جاؤ۔ نہ ظاہری فحشاء اور بے حیائیوں کے، نہ چھپی ہوئی بے حیائیوں کے۔ اس ایک حکم میں مختلف قسم کی بے حیائیوں اور برائیوں سے روکا گیا ہے۔ اس حکم میں ذاتی اور معاشرتی برائیوں کا قلع قمع کیا گیا ہے یا وہ باتیں جن سے گھر، ماحول اور معاشرے میں بے حیائیاں پھیلتی ہیں اُن کا سدباب کیا گیا ہے۔

حضور انور نے فرمایا کہ جس تیزی سے دنیا میں فحاشی پھیلائی جارہی ہے، ایک احمدی کا کام ہے کہ اُس سے بڑھ کر اپنے خدا سے تعلق پیدا کر کے اپنے آپ کو اور دنیا کو اس تباہی کے خوفناک انجام سے بچانے کی کوشش کرے۔ دنیادار اپنے سیاسی مقاصد کے لئے پوری دنیا کو فحشاء میں مبتلا کرنے کی کوشش کر رہے ہیں جس کا انجام پھر تباہی ہے۔ ان لوگوں کی ہمدردی کے لئے ہمیں انہیں بتانے کی ضرورت ہے کہ اللہ تعالیٰ بہت رحم کرنے والا اور گناہ معاف کرنے والا بھی ہے، اُس نے مغفرت کا راستہ کھلا رکھا ہے۔ فحشاء پر اگر اصرار نہ ہو اور اللہ تعالیٰ کا خوف ہو تو خدا تعالیٰ بخش دیتا ہے۔ پس ہر قسم کے فحشاء سے خود بھی بچنے اور بچنے کے راستے دکھانے کی ہر احمدی کو کوشش کرنی چاہئے اور اُس کی ذمہ داری ہے۔

حضور انور نے فرمایا کہ اگلا حکم خدا تعالیٰ نے ان آیات میں یہ دیا ہے کہ اور کسی جان کو جسے اللہ تعالیٰ نے حرمت بخشی ہے، قتل نہ کرو۔ یہ حکم اس طرف توجہ دلاتا ہے کہ معاشرے کے حقوق ادا کرو۔ قتل صرف جان کا قتل نہیں ہے بلکہ تعلقات کو توڑنا، ناانصافی سے دوسروں کے حقوق پامال کرنا، دوسروں کو جذباتی طور پر مجروح کرنا، کسی کی عزت نفس کو برباد کر دینا یہ بھی قتل ہے۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ یہ سب قتل ہیں جن سے خدا تعالیٰ تمہیں منع کرتا ہے۔ ہر قتل کا آخری نتیجہ معاشرے میں فتنہ وفساد اور محرومیاں ہیں اور یہ چیزیں خدا تعالیٰ کو انتہائی ناپسند ہیں۔ اگلا حکم اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ اور یتیم کے مال کے قریب بھی نہ جاؤ سوائے اُس طریق کے جو اچھا ہے۔ یہاں خدا تعالیٰ معاشرے کے کمزور ترین طبقہ کے حق کی حفاظت کی طرف توجہ دلا رہا ہے۔ یہ لازمی حکم ہے کہ یتیم کے مال کی حفاظت کا انتظام تم نے کرنا ہے۔ ایک امین کی حیثیت سے یتیم کے مال کی حفاظت کرنی ہے۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ اگر تم یہ ذمہ داری ادا نہیں کرتے اور بہانے بہانے سے یتیم کے مال کو کھانے کی کوشش کرتے ہو تو اس کی بڑی سخت سزا ہے۔ فرمایا اور جو لوگ ظلم سے یتیموں کے مال کھاتے ہیں وہ یقیناً اپنے پیٹوں میں آگ بھرتے ہیں۔ اور وہ یقیناً شعلہ زن آگ میں داخل ہوں گے۔

حضور انور نے فرمایا کہ پھر خدا تعالیٰ یہ حکم فرماتا ہے کہ اور انصاف

کہ جسمانی اعضاء کا روح پر بہت قوی اثر ہے۔"

(اسلامی اصولوں کی فلاسفی ص۱۸۔۱۹)

ایک دفعہ اَصحاب نے حضورؐ کی خدمت میں عرض کیا ہم کھانے پر بیٹھتے ہیں تو سیر نہیں ہوتے۔ فرمایا شاید تم الگ الگ بیٹھتے ہو۔ عرض کیا ہاں۔ فرمایا۔ مل کر کھانا کھاؤ اور خدا کا نام لو۔ اللہ تعالیٰ تمہیں برکت دیگا۔

(ریاض الصالحین ۴۹۹)

حضور ﷺ نے یہ بھی ارشاد فرمایا کہ تمہیں نہیں معلوم کہ تمہارے کھانے کے کس حصہ میں برکت زیادہ ہے۔ اس لئے تمہیں چاہیے کہ کھاتے وقت برتن کو صاف کیا کرو۔

(ریاض الصالحین ص ۴۵۳)

آخر میں یہ امر بھی قابل ذکر ہے کہ صحت و تندرستی کے لئے جہاں کھانا سادہ ہونا چاہیے، وہاں کھانے کے برتنوں میں بھی تکلف نہیں ہونا چاہئے۔ اس ضمن میں حضور ﷺ نے سونے چاندی کے برتنوں میں کھانے کی خاص طور پر ممانعت فرمائی ہے۔ چنانچہ حضرت ام سلمہؓ بیان کرتی ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ جو شخص چاندی کے برتن میں پینے کی چیز پیتا ہے تو اس کا پینا اس کے پیٹ میں دوزخ کی آگ بھڑکائے گا۔

(صحیح مسلم بحوالہ ریاض الصالحین)

(از لباس التقویٰ ص32)

کھانے کے آداب از نصاب وقف نو

☆ ہاتھ دھو کر صاف کر کے کھانے کے لئے آئیں۔ اگر کھانے کے رومال موجود ہوں تو مناسب طریقے پر جھولی میں پھیلا لیں تا کہ شوربے کے ممکنہ قطرے یا کوئی اور کھانے کی چیز آپکے کپڑوں پر نہ گرے۔

☆ کھانا شروع کرنے سے پہلے بِسۡمِ اللّٰہِ عَلٰی بَرَکَۃِ اللّٰہِ (اللہ تعالیٰ کے نام اور اس کی برکت کے ساتھ شروع کرتا ہوں) پڑھیں۔

☆ دائیں ہاتھ سے کھانا شروع کریں اور پورا ہاتھ کھانے میں نہ ڈالیں۔

☆ کھانے کا نوالہ چھوٹا لیں۔ منہ بند رکھ کر آہستہ آہستہ مگر اچھی طرح چبا کر کھائیں اور کھانا چبانے کی آواز پیدا نہ ہو۔

☆ منہ میں نوالہ ڈالتے ہوئے منہ بہت زیادہ نہ کھولیں۔

☆ پلیٹ میں کھانا ڈالتے ہوئے اپنے سامنے سے ہی اپنی پلیٹ میں ڈالیں نہ کہ اپنی پسند کی چیز مثلاً بوٹیاں وغیرہ چن چن کر ڈالنا شروع کر دیں۔

☆ ابتدا میں تھوڑا کھانا پلیٹ میں ڈالیں۔ پلیٹ کو بھر نہ لیں۔ اگر ضرورت ہو تو مزید لے سکتے ہیں۔

☆ پلیٹ میں کھانا اتنا ہی ڈالیں جتنا آپ کھا سکتے ہیں۔ پلیٹ میں کھانا باقی نہ بچائیں بلکہ پلیٹ صاف کریں۔

☆ اگر کھانا مقدار میں کم ہو تو دوسروں کا خیال رکھتے ہوئے مناسب مقدار میں کھا لیں۔ (از نصاب وقف نو ص 81)

جو شخص مسجد میں جا سکتا ہے مگر نہیں جاتا اور گھر میں نماز پڑھ لیتا ہے اس کی نماز نہیں ہوتی۔ وہ قیامت کے دن جا کر دیکھے گا کہ کوئی نماز اسے نہیں ملے گی اور کوئی ملے گی۔ وہ حیران ہو کر کہے گا کہ میری باقی نمازیں کہاں گئیں؟ مگر اسے کہا جائے گا کہ باقی نمازیں تم نے پڑھیں کب تھیں؟ تو ایسے لوگ اس وقت حیران ہوں گے۔

(اصلاح نفس۔ انوار العلوم جلد ۵ ص ۴۴۳)

اولاد کے حق میں دعائیں

کر ان کو نیک قسمت دے ان کو دین و دولت
کر ان کی خود حفاظت ہو ان پہ تیری رحمت
دے رشد اور ہدایت اور عمر اور عزت
یہ روز کر مبارک سُبۡحَانَ مَنۡ یَّرَانِیۡ

آدابِ طعام

مرسلہ عنبرین رؤف صاحبہ ایسٹ جماعت

اللہ تعالیٰ نے قرآن کریم میں مختلف مقامات پر متوازن جسمانی غذا کی تعلیم دی ہے تاکہ اس کا روحانیت پر مثبت اثر ہو۔ فرمایا۔

كُلُوْا وَاشْرَبُوْا وَلَا تُسْرِفُوْا ۚ اِنَّهٗ لَا يُحِبُّ الْمُسْرِفِيْنَ ○

(الاعراف:32)

کھاؤ اور پیو لیکن ضائع مت کرو۔ یقیناً اللہ تعالیٰ حد سے بڑھنے والوں کو پسند نہیں کرتا۔

ہمارے پیارے مذہب اسلام کی بے شمار خوبیوں میں سے ایک خوبی یہ بھی ہے کہ اس نے زندگی کے ہر پہلو پر بلا کسی جھجک روشنی ڈالی ہے۔ تاکہ انسان بالآخر انسانِ کامل کا درجہ حاصل کرلے۔ ان روز مرہ پہلوؤں میں ایک پہلو کھانا کھانے کے آداب سے بھی تعلق رکھتا ہے، جس پر کوئی خاص توجہ نہیں دی جاتی مگر یہ حقیقت ہے کہ اس غذا کا اثر ہماری روح اور عادات پر بھی پڑتا ہے۔ اسی لئے ہمارے پیارے نبی ﷺ نے ہمارے سامنے اپنے قول اور عمل سے آدابِ طعام کو بھی ملحوظ خاطر رکھنے کی نصیحت فرمائی ہے۔ جن میں سب سے اول جس بات کا خیال رکھنے کی تاکید فرمائی وہ یہ ہے کہ

اِذَا اَكَلَ اَحَدُكُمْ فَيَذْكُرِ اسْمَ اللّٰهِ تَعَالٰى فَاِنْ نَسِيَ اَنْ يَّذْكُرِ اسْمَ اللّٰهِ تَعَالٰى فِيْ اَوَّلِهٖ فَلْيَقُلْ بِسْمِ اللّٰهِ اَوَّلَهٗ وَاٰخِرَهٗ۔

(ترمذی کتاب الاطعمۃ)

جب تم میں سے کوئی شخص کھانا کھانے لگے تو پہلے اللہ تعالیٰ کا نام لے یعنی بسم اللہ پڑھے اگر شروع میں بھول جائے تو یاد آنے پر بِسْمِ اللّٰهِ اَوَّلَهٗ وَاٰخِرَهٗ پڑھ لے۔

اللہ تعالیٰ کا نام پڑھ لینے کے بعد آداب طعام سے متعلق مختلف احادیث سے جو ہمیں احکامات ملتے ہیں اُن میں سے چند ایک مندرجہ ذیل ہیں۔

۱۔ کسی چیز سے متعلق شک ہو کہ اس پر تکبیر پڑھی گئی ہے یا نہیں تو اللہ کا نام لے کر اُسے کھایا جاسکتا ہے۔

۲۔ کھانا دائیں ہاتھ سے کھایا جائے اور اپنے سامنے سے کھایا جائے۔

۳۔ کھانا اتنا ہی ڈالا جائے جتنا کھانا ہو اور بعد میں دُعا بھی پڑھی جائے۔

۴۔ کھانا کھانے سے پہلے اور بعد میں ہاتھ دھوئے جائیں۔

۵۔ پانی پیتے وقت بیٹھ جانا چاہیے اور تین سانسوں میں پینا چاہیے۔

کھانا کھاتے وقت ایک ضروری امر یہ ہے کہ ہمیں اتنا ہی نوالہ منہ میں ڈالنا چاہیے کہ ہم بات چیت کرسکیں اور دیکھنے والے کو برا نہ لگے۔ اور اس کے ساتھ ساتھ ہمیں اُس حدیث پر عمل کرنا چاہیے کہ جس میں فرمایا گیا ہے کہ کھانا کچھ بھوک رکھ کر کھانا چاہیے۔ تاکہ بعد میں چلنے پھرنے اور ہضم کرنے میں اُلجھن نہ ہو۔

اسی طرح ایک ضروری امر کھانے کا انتخاب بھی ہے۔ مثلاً صرف گوشت کھانے سے انسان کی طبیعت میں وحشت اور ہر وقت سبزیاں کھانے سے سستی اور کاہلی سرایت کرجاتی ہے۔ اس موضوع پر حضرت مسیح موعودؑ نے سیر حاصل بحث اپنی تصنیفِ لطیف ”اسلامی اصولوں کی فلاسفی“ میں بیان فرمائی ہے۔

حضرت مسیح موعودؑ جسمانی طہارتوں، جسمانی آداب اور جسمانی تعدیل کے بارہ میں فرماتے ہیں۔

”واضح ہو کہ قرآن شریف کی رو سے انسان کی طبعی حالتوں کو اس کی اخلاقی اور روحانی حالتوں سے نہایت ہی شدید تعلقات واقع ہیں۔ یہاں تک کہ انسان کے کھانے پینے کے طریقے بھی انسان کی اخلاقی اور روحانی حالتوں پر اثر کرتے ہیں۔ اسی واسطے قرآن شریف نے تمام عبادات اور اندرونی پاکیزگی کی اغراض اور خشوع و خضوع کے مقاصد میں جسمانی آداب اور جسمانی تعدیل کو بہت ملحوظ رکھا ہے اور غور کرنے کے وقت یہی فلاسفی نہایت صحیح معلوم ہوتی ہے

حضرت خلیفۃ المسیح الثانیؓ جلسہ خلافت جوبلی کی مبارک تقریب کے موقع پر 27 دسمبر 1939 کو لجنہ سے خطاب کرتے ہوئے فرماتے ہیں کہ

"ایمان کی علامت یہ ہے کہ تم توجہ سے خدا تعالیٰ کی باتیں سنو"

"پھر فرمایا مومن کی علامت یہ ہے کہ

رَبَّنَا هَبْ لَنَا مِنْ اَزْوَاجِنَا وَذُرِّيّٰتِنَا قُرَّةَ اَعْيُنٍ وَّ اجْعَلْنَا لِلْمُتَّقِيْنَ اِمَامًا ○

ہر انسان کی فطرت میں اللہ تعالیٰ نے یہ بات رکھی ہے وہ بڑائی چاہتا ہے۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہم تمہاری فطرت سے آگاہ ہیں۔ اور ہم بھی چاہتے ہیں کہ تمہیں بڑائی مل جائے مگر اس کے حصول کا ذریعہ یہ ہے کہ تم اپنے لئے امام بننے کی دعا کرو۔ اس میں بتایا کہ مومن کو چھوٹی چھوٹی باتوں پر راضی نہیں رہنا چاہئے بلکہ لیڈر اور امام بننے کی خواہش کرنی چاہئے۔ مگر کس کا امام؟ متقیوں کا امام۔ غیر متقیوں کا نہیں۔"

اس سے ہمیں پتہ چلتا ہے کہ ایک ماں اپنی اولاد کے لئے امام بن سکتی ہے۔ اور اپنی اولاد کی اعلیٰ تربیت کرے گی تو وہ امام کہلائے گی۔

تربیت اولاد کے متعلق حضرت خلیفۃ المسیح ثانیؓ نے اپنے ایک خطاب 27 دسمبر 1938 کو جلسہ سالانہ پر خواتین سے خطاب کرتے ہوئے فرمایا کہ "الغرض ماؤں کہ ذمہ داری اس قدر اہم ہے کہ اگر مخلص مرد چاہیں کہ وہ اپنی اولادوں کی تربیت کریں تو اُن میں ایسا کرنے کی طاقت نہ ہوگی۔ کیونکہ بچوں کی تربیت کرنے کی طاقت اور ملکہ عورت میں ہی ہے اس لئے تمہیں چاہئے کہ تم اپنی اس اہم ذمہ داری کو معمولی سمجھ کر نظر انداز نہ کرو بلکہ پوری توجہ سے اس فریضہ کو ادا کرو۔ تم میں سے کتنی ہیں جو چاہتی ہیں کہ تمہارا بچہ خوبصورت اور تندرست ہو۔ اگر وہ بدصورت ہوتا ہے یا کالا ہوتا ہے تو تم سارے جہاں کے پاؤڈر لگا لگا کر اسکو خوبصورت بنا کر دیکھنے کی کوشش کرتی ہو۔ لیکن اگر اس کو انسانوں والی شکل دے بھی دو مگر اسکی روح انسانوں والی نہ ہو تو کیا اسکو دیکھ کر تم خوش ہو گی؟ اگر تم اپنے بچوں کی روح کی خوبصورتی کی پرواہ نہ کرو گی تو تم اس کی سخت ترین دشمن ثابت ہو گی کیونکہ تم نے ظاہری زیبائش اور آرائش میں کوئی کمی نہ کی مگر اُس کے اندر شیطان پیدا ہو گیا۔ پس اگر آج کی عورتیں اپنے بچوں کی تربیت کا خیال چھوڑ دیں گی تو آئندہ نسل انسان نہیں بلکہ سانپ اور بچھو پیدا ہونگے۔ تو پھر کیا تم اُس وقت جب سانپ اور بچھو انسانوں کی شکل میں آجائیں تو اُن کو دیکھ کر خوش ہو گی؟ اگر تمہارے ہی بچے تمہاری تربیت کے نتیجہ میں نیک ہوں گے تو تمہارے لئے اور تمہاری روحوں کے لئے دعائیں کریں گے ورنہ وہ تم پر لعنت کے سوا اور کیا بھیجیں گے۔"

آخر میں خاکسار دعا کرتی ہے کہ خدا تعالیٰ ہمیں سیدھے راستے پر چلنے کی توفیق دے اور اپنی مومن لونڈیوں میں شامل کر لے۔ آمین

خدا تمہیں بلاتا ہے

کیا تم یہ گمان کرتے ہو کہ خدا تم سے راضی ہو جائے گا حالانکہ ابھی تم نے وہ کام نہیں کئے جو صادقوں کے کام ہیں۔ تم ہرگز نیکی کو نہیں پہنچو گے جب تک کہ وہ چیزیں خرچ نہیں کرو گے جو تمہیں پیاری ہیں۔ کیا سبب جو تم نہیں سمجھتے کیا تم ہمیشہ زندہ چھوڑے جاؤ گے اور نہیں مرو گے۔ مجھے حکم دیا گیا ہے کہ میں تمہیں متنبہ کروں، پس جان لو کہ خدا تمہارے کاموں کو دیکھ رہا ہے اور خدا تمہیں بلاتا ہے تا اپنے مالوں اور جانوں کی کوششوں کے ساتھ تم اس کی مدد کرو۔ پس کیا تم فرمانبرداری اختیار کرو گے اور جو تم میں سے خدا کی مدد کرے گا خدا اس کی مدد کرے گا۔ اور جو کچھ اس نے خدا کو دیا خدا کچھ زیادہ کے ساتھ اس کو واپس دے دے گا اور وہ سب محسنوں سے بہتر محسن ہے۔

(مجموعہ اشتہارات جلد سوم صفحہ 152 تا 153)

نہیں جاتے تو جو عورتیں اپنے بچوں کو خود مسجد لے کر جا سکتی ہیں وہ ضرور لے کر جائیں اور نماز باجماعت کی انہیں عادت ڈالیں۔

قرآن مجید میں ہے کہ

اِنَّ الصَّلٰوۃَ تَنۡہٰی عَنِ الۡفَحۡشَآءِ وَالۡمُنۡکَرِ۔

(سورۃ العنکبوت:46)

ترجمہ: ”نماز بے حیائی اور ناپسندیدہ باتوں سے روکتی ہے۔“

حضرت مسیح موعود علیہ السلام ایک جگہ فرماتے ہیں کہ:

”خدا تعالیٰ نے تمہاری پیدائش کی اصلی غرض یہ رکھی ہے کہ تم اللہ تعالیٰ کی عبادت کرو مگر جو لوگ اپنے اس اصلی اور فطری غرض کو چھوڑ کر حیوانوں کی طرح زندگی غرض کھانا پینا اور سوئے رہنا سمجھتے ہیں وہ خدا تعالیٰ کے فضل سے دور جا پڑے ہیں اور خدا تعالیٰ کی ذمہ داری اُن کے لئے نہیں رہتی۔“

(ملفوظات جلد اوّل صفحہ 182۔ ایڈیشن 1985 مطبوعہ انگلستان)

پھر قرآن مجید میں سورۃ المومنون کی آیت نمبر 4 میں ہے

ھُمۡ عَنِ اللَّغۡوِ مُعۡرِضُوۡنَ

مومنوں کی ایک نشانی یہ بتائی ہے کہ وہ لغو باتوں سے پرہیز کرتے ہیں۔ تربیت اولاد کے سلسلہ میں حضرت خلیفۃ المسیح الرابعؒ نے 6 جولائی 1991 کو کینیڈا میں جلسہ سالانہ لجنہ سے خطاب کرتے ہوئے فرمایا کہ

”جب بچے بڑے ہو جاتے ہیں اور بچیوں کی نظریں بدلنے لگتی ہیں، جب ان کے بالوں کے انداز، ان کے کپڑوں کے انداز، ان کی مسکراہٹیں، ان کی دلچسپیوں کے انداز ظاہر ہو جاتے ہیں اور آپ کو پتہ لگ جاتا ہے کہ انہوں نے اپنا رُخ بدل لیا ہے۔ اُس وقت آپ کچھ کریں تو کچھ نہیں ہو سکتا۔ دعاؤں کے نتیجہ میں کچھ نہ کچھ تو ضرور ہو سکتا ہے۔ لیکن میں نے یہ دیکھا ہے کہ ایسے بچوں کے حق میں دعائیں کم قبول ہوتی ہیں۔ اور ایسے بچوں کے حق میں زیادہ قبول ہوتی ہیں جن کی ماؤں کی دلی تمنا اُن کو نیک رکھنے کی ہو۔ چنانچہ بہت سی بچیاں مجھے ایسی دکھائی دیتی ہیں جن کو دیکھ کر مجھے خطرہ پیدا ہوتا ہے کہ ان کی اچھی تربیت نہیں ہوئی۔ اور وجہ یہ ہے کہ ماں باپ نے بچپن سے ان کو اسی ماحول میں اسی انداز میں بڑے ہوتے دیکھا ہے اور پرواہ نہیں کرتے۔ بلکہ بعض اُن میں سے اپنی جہالت کی وجہ سے فخر محسوس کرتے ہیں۔ بعض کا معاشی پس منظر کمزور ہوتا ہے اور علمی پس منظر کمزور ہوتا ہے اور اُس کی وجہ سے احساس کمتری کا شکار ہو چکے ہوتے ہیں۔ وہ جب اپنے بچوں کو نئے نخروں کے ساتھ بلند ہوتا دیکھتے ہیں اور زیادہ اچھے تلفظ سے انگریزی بولتے دیکھتے ہیں اور ایسے لباس پہنتے دیکھتے ہیں جو انہوں نے خواب و خیال میں بھی کبھی نہیں دیکھے تھے تو وہ سمجھتے ہیں کہ یہ بچے بڑے زبردست بن رہے ہیں۔ بہت ماڈرن اور عظیم الشان بچے ہیں کہ ہم تو پتہ نہیں کس گڑھے میں پڑے رہے تھے اور یہ نہیں سمجھتے کہ اس کے ساتھ ساتھ وہ اُن کے بچے نہیں رہتے بلکہ کسی اور کے بچے بن رہے ہوتے ہیں۔ اور جب ان کو احساس پیدا ہوتا ہے اُس وقت تک کسی اور کے بن چکے ہوتے ہیں۔ اور مثال ایسی ہے جیسے احمدی ماں باپ کے گھر بچے پیدا ہوں۔ اُن کے اخراجات پر تعلیم حاصل کریں اور آخر جب جوان ہوں تو غیروں کے ہو چکے ہوں۔ تو آپ یہ بچے کس کے لئے پال رہی ہیں؟ محمد مصطفیٰؐ کے لئے یا شیطانی طاقتوں کے لئے اور دنیا پرستی کے لئے۔ آپ کی تو ساری دولت ہی آپ کی اولاد ہے۔ یہی تو آپ کا مستقبل ہے۔ اگر اس کی اداؤں سے آپ واقف ہی نہیں کہ ادائیں کیسی ہیں اور کدھر لے کر جا رہی ہیں تو پھر آپ کو تربیت کا کوئی سلیقہ نہیں۔“

اسی طرح لغو باتوں میں چغلی ایک بہت بُری بُرائی ہے۔ اگر کوئی آپ کے ساتھ چغلی کرے تو اس کو روک دو یا اُس سے کہو کہ ہمیں نہ سناؤ۔ اگر سُن لو تو دوسرے کو جا کر نہ بتاؤ کیونکہ اس سے فساد کا خطرہ پیدا ہوتا ہے۔

غیبت بھی ایک بُرائی ہے۔ کسی کی غیبت کرنا ایسے ہی ہے جیسا کہ آپ اپنے مردہ بھائی کا گوشت کھا رہے ہیں۔ ہم لوگوں کو اپنے نقص تلاش کرنے کی کوشش کرنی چاہیے نہ کہ دوسروں کے نقص ہم گنوانا شروع کر دیں۔

ایک مومن عورت اور زندگی کے آداب

قانتہ نونن صاحبہ ویسٹ جماعت

اللہ تعالیٰ قرآن مجید میں فرماتا ہے کہ

قَدۡ اَفۡلَحَ الۡمُؤۡمِنُوۡنَ۔ (سورۃ المومنون:2)

ترجمہ: یقیناً مومن کامیاب ہو گئے۔

مگر خدا تعالیٰ مومنوں کی کامیابی کے لئے اگلی آیت میں فرماتا ہے کہ

الَّذِیۡنَ ہُمۡ فِیۡ صَلَاتِہِمۡ خٰشِعُوۡنَ○

(سورۃ المومنون:3)

ترجمہ: ”وہ جو اپنی نماز میں عاجزی کرنے والے ہیں۔“

خدا تعالیٰ اس کامیابی کے لئے مومنوں کو یہ بھی ہدایت کرتا ہے کہ اگر تم نے مومن بننا ہے تو پھر مومن وہ ہیں جو کہ نمازوں میں عاجزی اختیار کرنے والے ہوتے ہیں۔ جیسا کہ نماز دین کا ستون ہے اور ایک عمارت جسطرح ستونوں کے بغیر کھڑی نہیں ہو سکتی ہے اسی طرح سے نماز کے بغیر ہمارا دین نامکمل ہے اور اس کی بنیاد کھڑی نہیں رہ سکتی ہے۔

حضرت خلیفۃ المسیح الثانیؓ اپنے خطبہ فرمودہ 12 اپریل 1920 میں لجنہ سے خطاب کرتے ہوئے فرماتے ہیں کہ

” تم آئندہ کوئی نماز سوائے اُن ایام کے جن میں نہ پڑھنے کی اجازت دی گئی ہے نہیں چھوڑنی چاہئے۔ کیونکہ نماز ایسی ضروری چیز ہے کہ اگر سال میں ایک دفعہ بھی جان بوجھ کر نماز نہ پڑھی جائے تو انسان مسلمان نہیں رہتا۔ پس جب تک ہر مسلمان مرد اور عورت پانچوں وقت بلاناغہ نمازیں نہیں پڑھتے وہ مسلمان نہیں ہو سکتے۔ ہاں اگر کہو آج تک ہم نے کئی نمازیں نہیں پڑھیں تو ان کے متعلق کیا کیا جائے؟ تو اسکے متعلق یہ یاد رکھنا چاہئے کہ خدا تعالیٰ نے توبہ رکھی ہے۔ اگر آج سے پہلے تم نے جان بوجھ کر نمازیں چھوڑیں ہیں تو توبہ کرو اور عہد کر لو کہ آئندہ کوئی نماز نہ چھوڑیں گی۔ مینہ برستا ہو یا آندھی ہو یا کپڑے پاک ہوں یا ناپاک، کوئی ضروری سے ضروری کام ہو یا عدم فرصت کچھ ہو کسی صورت میں نماز نہ چھوڑنی چاہئے۔ اوّل تو ضروری ہے کپڑے پاک صاف ہوں لیکن اگر ایسی صورت ہو کہ پاک کپڑے تیار نہ ہوں یا پہنے ہوئے کپڑے اتارنے سے بیمار ہونے کا خوف ہو، تو خواہ کپڑے بچے کے پیشاب میں تر ہوں تو بھی ان کے ساتھ نماز پڑھ لینا جائز ہے۔ اس کا مطلب یہ نہیں ہے کہ بچے کو خود پیشاب کرا کے اسی طرح نماز پڑھ لینی چاہئے بلکہ یہ ہے کہ اگر پاک کپڑے مہیا ہونے کی صورت نہ ہو تو اسی کے ساتھ پڑھ لی جائے ورنہ اچھی بات یہی ہے کہ کپڑوں کو صاف کر لینا چاہئے بچے کا پیشاب ہوتا ہی کتنا ہے۔ بچہ جب تک دودھ پیتا ہے روٹی نہیں کھاتا اس وقت تک شریعت نے رکھا ہے کہ اس کے اوپر سے پانی بہا کر نچوڑ دینے سے کپڑا پاک ہو جاتا ہے۔ تو خواہ کچھ ہو نماز ضرور پڑھنی چاہئے۔ کیونکہ نماز کسی صورت معاف نہیں ہو سکتی یہ ایمان کا ستون ہے۔ جسطرح چھت ستون کے بغیر نہیں رہ سکتی اسی طرح نماز کے بغیر ایمان قائم نہیں رہ سکتا۔“

(12 اپریل 1920 خلیفۃ المسیح ثانیؓ تقریر سیالکوٹ عورتوں سے خطاب)

اسی طرح سے اللہ تعالیٰ سورۃ النساء آیت نمبر 104 میں فرماتا ہے کہ

اِنَّ الصَّلٰوۃَ کَانَتۡ عَلَی الۡمُؤۡمِنِیۡنَ کِتٰبًا مَّوۡقُوۡتًا

ترجمہ: یقیناً نماز مومنوں پر ایک وقت مقررہ کی پابندی کے ساتھ فرض ہے۔

نمازوں کو وقت پر ادا کرنا چاہئے اور باجماعت مسجد میں پڑھنے کا زیادہ ثواب ہے۔ اگر مرد مسجد میں باجماعت نماز پڑھنے نہیں جاتے ہیں تو عورتوں کو اپنے خاوندوں اور بچوں اور بیٹوں کو نصیحت کرنی چاہئے کہ وہ مسجد میں جا کر نماز باجماعت ادا کریں۔ اگر مرد نماز پڑھنے

پہنو اور خوشبو وغیرہ لگا کر جاؤ اور مساجد کے ماحول کو بھی معطر کرو۔

رسول کریم ﷺ نے فرمایا: مسجد کے دروازوں کے قریب طہارت خانے بناؤ اور جمعہ وغیرہ کے موقع پر مساجد میں خوشبو کی دھونی دیا کرو۔ (ابن ماجہ)

جمعہ اور عیدین وغیرہ کے موقع پر لوگ کثرت سے مساجد اور دیگر مقامات پر جمع ہوتے ہیں ۔ اس لئے خصوصیت سے رسول کریم ﷺ نے حکم دیا کہ جمعہ کے دن ضرور غسل کیا جائے۔ دانت صاف کئے جائیں۔ اچھے کپڑے پہنے جائیں اور خوشبو لگائی جائے۔

(بخاری کتاب)

حضرت مسیح موعود بھی بہت کثرت کے ساتھ خوشبو استعمال کرتے تھے۔ جس جگہ جمعہ کے دن حضور نماز میں سجدہ کرتے تھے وہاں سے بعد میں کئی کئی دن تک خوشبو آتی رہتی تھی۔

(سیرۃ المہدی جلد ۲ صفحہ ۲۰)

رسول کریم ﷺ نے مسجد میں آنے سے قبل ان تمام چیزوں کے استعمال سے روک دیا جو بدبو پیدا کرتی ہیں۔ حضرت جابر بیان کرتے ہیں کہ رسول کریم ﷺ نے فرمایا: جو شخص پیاز یا لہسن کھائے وہ ہمارے پاس نہ آئے اور ہمارے ساتھ نماز نہ پڑھے۔

(بخاری کتاب الاطعمہ باب مایکرہ من الثوم حدیث نمبر (۵۰۳۱)

رسول اللہ ﷺ نے ہر نماز کے ساتھ مسواک کا استعمال پسند فرمایا۔

(بخاری کتاب الجمعہ باب السواک یوم الجمعہ حدیث نمبر ۸۳۶)

مسجد کا ایک ادب دعاؤں کے ساتھ مسجد میں داخلہ اور دعاؤں کے ساتھ خروج ہے۔

اللہ تعالیٰ ہمیں ان اُمور کا خاص خیال رکھنے کی توفیق عطا فرمائے اور ہم میں سے ہر ایک مساجد کے آداب کا پورا پورا خیال رکھنے والا بن جائے آمین۔

ایک ہی صف میں کھڑے ہوتے ہیں محمود و ایاز
یہ سُلوک اور یہ مُساواتیں سکھاتی ہے نماز

علوم قرآن کے حصول کی دعا

حضرت مسیح موعود علیہ السلام کی زندگی میں دعا ایک بے نظیر حربہ ہے۔ وہ ہر کام دعا ہی سے لیتے تھے، دعا ہی کے ذریعہ سے عربی زبان کے ہزاروں الفاظ کا علم آپ کو دیا گیا۔ اکثر امراض کا ازالہ دعاؤں سے ہوا۔ دشمن کے مقابلہ میں اسی حربہ سے فتح حاصل کی۔ یہ زمانہ آپ کی جوانی کا تھا اور آپ اس زمانہ میں سیالکوٹ میں بسلسلہ ملازمت تھے۔ آپ کی عام عادت شروع سے یہ تھی کہ اپنا دروازہ بند کر کے خلوت میں رہتے تھے۔ سیالکوٹ میں یہی طریق تھا۔ بعض لوگ اسی ٹوہ میں تھے کہ یہ دروازہ بند کر کے کیا کرتے ہیں۔ آخر ایک دن انہوں نے موقعہ پالیا اور آپ کی مخفی زندگی کا ان پر انکشاف ہوا اور وہ یہ تھا کہ آپ مصلیٰ پر بیٹھے ہوئے قرآن مجید ہاتھ میں لے کر دعا کر رہے تھے کہ:

"یا اللہ تیرا کلام ہے مجھے تو تُو ہی سمجھائے
گا تو میں سمجھ سکتا ہوں"۔

(سیرت المہدی صفحہ ۵۴۵ از حضرت یعقوب علی صاحب عرفانی)

حضرت ابو سعید خدری سے مرفوعاً روایت ہے:
مومنوں میں سے ایمان کے لحاظ سے وہ مکمل ہیں جو ان میں اخلاق کے لحاظ سے بہت بہتر ہیں، جو اپنے کندھوں کو بچھا کر رکھتے ہیں. جو محبت کرتے ہیں اور ان سے محبت کی جاتی ہے اور ایسے شخص میں کوئی خیر نہیں جو نہ محبت کرے اور نہ اس سے محبت کی جائے۔" (سلسلہ احادیث صحیحہ 39 و طبرانی فی الاوسط)

حضور صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے فرمایا:
"آدمی اپنے اچھے اخلاق کی وجہ سے ان لوگوں کا رتبہ پالیتا ہے جو راتوں کو عبادت کرتے ہیں اور دن کو روزہ رکھتے ہیں۔" (مستدرک امام حاکم، کتاب الایمان)

مساجد کے آداب

(دروس رمضان المبارک از این اے ظفر مربی سلسلہ)

وَ اَنَّ الْمَسٰجِدَ لِلّٰهِ فَلَا تَدْعُوْا مَعَ اللّٰهِ اَحَدًا (الجن ۱۹)

اور یقیناً مسجدیں اللہ ہی کے لئے ہیں پس اللہ کے ساتھ کسی کو نہ پکارو۔

عن ابی ھریرہ ان رسول اللہ ﷺ قال احب البلاد الی اللہ مساجدھا وابغض البلاد الی اللہ اسواقھا

(مسلم)

حضرت ابوہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اللہ کے نزدیک شہروں کی بہترین جگہیں اس کی مسجدیں ہیں اور شہروں کی بدترین جگہیں اس کے بازار ہیں۔ پس مسجد کا سب سے پہلا ادب تو یہی ہے کہ اسے صرف ذکر الٰہی اور اعلیٰ دینی مقاصد کے لئے استعمال کیا جائے۔

رسول ﷺ نے اس بارہ میں تفصیلی ہدایت دیتے ہوئے فرمایا: اللہ کے گھروں سے دور رکھو اپنے چھوٹے بچوں کو، دیوانوں کو، اپنے خرید و فروخت کے معاملات کو، اپنے جھگڑوں کو، اپنی آواز بلند کرنے کو، اپنی حدود کی تنفیذ کو اور اپنی تلواریں کھینچنے کو۔

(سنن ابن ماجہ کتاب المساجد باب)

مسجد کا دوسرا ادب اُس کی صفائی اور نظافت ہے۔ چنانچہ اللہ تعالیٰ نے اپنے دو عظیم نبیوں حضرت ابراہیم اور حضرت اسماعیل کو فرمایا:

اَنْ طَهِّرَا بَيْتِيَ لِلطَّآئِفِيْنَ وَ الْعٰكِفِيْنَ وَ الرُّكَّعِ السُّجُوْدِ

(البقرہ:۱۲۶)

میرے گھر کو صاف رکھو طواف کرنے والوں اور اعتکاف کرنے والوں اور رکوع اور سجدہ کرنے والوں کے لئے۔

حضرت عائشہ سے روایت ہے کہ آنحضرت ﷺ نے امت مسلمہ کو گھروں اور محلوں میں مساجد تعمیر کرنے اور انہیں صاف ستھرا اور خوشبودار رکھنے کا حکم دیا۔

(ابوداؤد کتاب الصلوۃ)

حضرت ابن عمرؓ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ مسجد میں تشریف لائے۔ دیواروں پر تھوک کے دھبے تھے۔ آپؐ نے کھجور کی ٹہنی لے کر تمام دھبے اپنے ہاتھ سے مٹائے۔

(بخاری کتاب الصلوۃ)

ایک خاتون مسجد نبویؐ کی خدمت کرتی تھیں۔ ایک رات وہ فوت ہو گئیں۔ صحابہ نے رسول کریم ﷺ کی تکلیف کا خیال کر کے آپ کو اطلاع نہ دی اور انہیں دفن کر دیا۔ آنحضرت ﷺ نے چند دن اسے نہ دیکھا تو صحابہ سے اس کے متعلق دریافت کیا۔ صحابہ نے واقعہ بتایا تو آپ اس کی قبر پر تشریف لے گئے اور اس کے لئے دعا کی۔ (بخاری حدیث نمبر ۴۳۸)

ایک روایت میں ہے کہ رسول کریم ﷺ نے فرمایا: میں نے مسجد کی صفائی کی بدولت اس عورت کو جنت میں دیکھا ہے۔

(الترغیب والترعیب کتاب الصلوۃ)

آنحضور ﷺ اکثر تحریک فرماتے تھے کہ خاص طور پر اجتماعات کے مواقع پر مسجدوں کی صفائی کا خاص خیال رکھا کریں اور ان میں خوشبو جلایا کریں تاکہ ہوا صاف ہو جائے۔

(مشکوۃ کتاب الصلاۃ)

مسجد کا ایک ادب اس کی زینت کا قیام ہے۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:

يٰبَنِيْٓ اٰدَمَ خُذُوْا زِيْنَتَكُمْ عِنْدَ كُلِّ مَسْجِدٍ

(الاعراف:۳۲)

اے ابنائے آدم! ہر مسجد میں اپنی زینت ساتھ لے جایا کرو۔ زینت ساتھ لے جانے سے مراد ظاہری پاکیزگی کے علاوہ دل کا تقویٰ اور پاک خیالات بھی ہیں اور یہ بھی مراد ہے کہ صاف ستھرے کپڑے

ذکرِ خدا پہ زور دے ظلمتِ دل مٹائے جا

کلام حضرت مصلح موعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ

ذکرِ خدا پہ زور دے ظلمتِ دل مٹائے جا
گوہرِ شب چراغ بن دنیا میں جگمگائے جا

دوستوں دشمنوں میں فرق دابِ سلوک یہ نہیں
آپ بھی جامِ مے اڑا غیر کو بھی پلائے جا

خالی امید ہے فضول سعیِ عمل بھی چاہیے
ہاتھ بھی تو ہلائے جا، آس کو بھی بڑھائے جا

جو لگے تیرے ہاتھ سے زخم نہیں علاج ہے
میرا نہ کچھ خیال کر زخم یونہی لگائے جا

مانے نہ مانے اس سے کیا بات تو ہو گی دو گھڑی
قصۂ دل طویل کر بات کو تو بڑھائے جا

کشورِ دل کو چھوڑ کر جائیں گے وہ بھلا کہاں؟
آئیں گے وہ یہاں ضرور تو انہیں بس بلائے جا

منزلِ عشق ہے کٹھن راہ میں راہزن بھی ہیں
پیچھے نہ مڑ کے دیکھ تُو آگے قدم بڑھائے جا

عشق کی سوزشیں بڑھا جنگ کے شعلوں کو دبا
پانی بھی سب طرف چھڑک آگ بھی تو لگائے جا

نوٹ کر لے اور اس پر عمل کرے۔ ارشاد ہے میری طرف سے جو بات ہو اسے لکھ لیا کرو خواہ وہ چھوٹی سی بات ہی کیوں نہ ہو۔

۱۲)بارھواں ادب یہ ہے کہ جب کوئی بات پوچھنی ہو تو کھڑے ہو کر پوچھے کہ یہ بھی ایک ادب ہے۔

۱۳)تیرھواں ادب یہ ہے کہ دورانِ گفتگو نہ بولے، اٹھ کر چپ چاپ کھڑا ہو جائے۔ صدر مجلس خود مخاطب کرے گا۔

۱۴)چودھواں ادب یہ ہے کہ اگر مجلس میں کسی شخص سے کوئی ناجائز حرکت سرزد ہو جائے تو ہنسنا نہیں چاہئے۔ کیونکہ ایسی حرکت اس سے بھی ممکن ہے۔ لوگ اس پر بھی ہنسیں گے اور اسے شرمندہ ہونا پڑیگا۔ پس دوسرے کے لئے یہ وہ بات پسند نہ کرے جو اپنے لئے نہیں کرتا ہے۔ کسی کو اونگھ جانے پر یا غلط جواب دینے پر یا ہوا خارج ہونے پر ہنسنا نہیں چاہئے۔ ہو سکتا ہے کہ یہ نقص اس میں بھی پیدا ہو جائے اور اس سے بڑھ کر لوگ اس پر ہنسیں۔

۱۵)پندرھواں ادب مجلس کی کاروائی شروع ہو جائے تو کسی بڑے آدمی کے آجانے پر تعظیم کے لئے اٹھنا بھی ٹھیک نہیں کیونکہ ادب میر مجلس کا حق ہے کہ وہ تعظیم کرے یا نہ کرے۔

۱۶)سولھواں ادب یہ ہے کہ مجالس میں کوئی ایسی چیز کھا کر نہ جائے جس سے لوگوں کو تکلیف ہو۔ نہ ایسا لباس پہن کر جائے جس سے بد بو آتی ہو اور تعفن کی وجہ سے لوگ کراہت کریں۔ اس لئے مجلس میں نہا دھو کر جائے۔ اسی طرح مجلس میں تھوکنا بھی ادب کے خلاف ہے۔

۱۷)سترھواں ادب یہ ہے کہ جن سامانوں سے مجلس یا جلسہ قائم کیا گیا ہے بعد اختتام جلسہ ان کو وہاں پہنچا دو جہاں سے لائے تھے یا پہنچانے والوں کو مدد دو۔ اکثر دیکھا گیا ہے کہ جلسہ یا مجلس ختم ہونے کے بعد سارے لوگ اپنے اپنے گھروں کو چلے جاتے ہیں اور سامان پڑا رہ جاتا ہے۔ چند آدمی رہ جاتے ہیں جنہیں بعد میں بڑی مشکل ہوتی ہے۔ پس یہ بھی ایک اچھی بات ہے کہ سامان جہاں سے لایا گیا تھا جلسہ ختم ہونے کے بعد سارے مل کر وہاں پہنچا دیں۔

۱۸)اٹھارھواں ادب یہ ہے کہ مجلس میں کسی کو اٹھا کر خود اسکی جگہ نہ بیٹھے۔ اسی طرح جب کوئی اٹھ کر کسی کام یا حاجت کو جائے تو اس کی جگہ پر نہ بیٹھے۔

۱۹)انیسواں ادب یہ ہے کہ جب کسی مجلس سے اٹھے تو استغفار کرے کیونکہ ممکن ہے کہ اس نے کسی کی غیبت کی ہو یا اور کوئی بری بات منہ سے نکال دی ہو۔ جس کا وبال اس پر پڑے اس لئے استغفار ضروری ہے۔

(بشکریہ روزنامہ الفضل ربوہ۔ 13 فروری 1999ء۔
مطبوعہ الفضل انٹرنیشنل 25 جون 1999ء تا یکم جولائی 1999ء)

اگر ہم مذکورہ بالا نکات کو ذہن نشین کر لیں اور دعاؤں کے ساتھ ان کو اپنی زندگیوں کا حصہ بنائیں تو کوئی وجہ نہیں کہ ہماری تمام تر مجالس الٰہی انعامات و فیوض کی حامل نہ ہوں۔ اور ایسا معاشرہ تشکیل نہ پائے جس سے صرف اور صرف خیر اور امن کی شعاعیں پھوٹتی ہوں۔ اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ وہ ہمیں ان تمام باتوں پر عمل کرنے کی توفیق عطاء فرمائے۔ اور مجالس کے حقوق و آداب کا حقیقی معنوں میں حق ادا کرنے کی استطاعت عطاء فرمائے تا کہ ہماری ہر مجلس فیوض و برکات سمیٹنے والی ہو اور ان سے ہمیشہ تعمیری اور مثبت اثرات مترتب ہوں۔ آمین یارب العالمین۔

مجالس کی امانت

حضرت جابر بن عبد اللہؓ بیان کرتے ہیں کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

مجالس امانت ہیں سوائے تین قسم کی مجالس کے ناجائز خون بہانے پر مشورہ ہو، بدکاری کا منصوبہ ہو یا ناحق مال دبانے کا پروگرام ہو۔

(سنن ابی داؤد کتاب الادب باب نقل الحدیث۔ حدیث نمبر 4226)

جیسے کہ ”مجلس میں جمائیاں نہیں لینی چاہئیں۔ اگر جمائی آجائے تو جہاں تک ہو سکے اسے روکا جائے۔ اللہ تعالیٰ جمائی کو مکروہ اور ناپسند چیز قرار دیتا ہے۔ آنحضرت ﷺ فرماتے تھے۔ جمائی شیطان سے ہے۔ جب تم میں سے کسی کو جمائی آئے تو جہاں تک ہو سکے۔ اسکو روکو۔ کیونکہ جب تم میں سے کوئی جمائی لیتا ہے تو شیطان اس سے ہنستا ہے۔ جمائی آئے تو لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ پڑھنا چاہئے۔ (بخاری و مسلم)

مجلس میں اگر چھینک آئے تو جہاں تک ہو سکے آواز کو دبایا جائے۔ حضرت ابو ہریرہؓ بیان کرتے ہیں کہ آنحضرت ﷺ کی عادت تھی کہ جب آپ کو چھینک آتی تو اپنا ہاتھ یا کپڑا منہ کے سامنے رکھ لیتے اور جس قدر ہو سکتا آواز کو دباتے۔“

(ترمذی کتاب الاستیذان باب ماجاء فی خفض الصوت و تخمیر الوجہ۔
بحوالہ آدابِ حیات صفحہ 112-113)

مجالس میں نہایت شائستہ اور با اخلاق گفتگو کرنی چاہئے تاکہ جو نوجوان نسل کے بچے اور بچیاں ہمارے ساتھ شریکِ مجلس ہیں وہ اس سے نیک اثر قبول کریں۔ اور آئندہ ایک خوبصورت احمدی معاشرہ کی بنیاد پڑے۔

یہ تو چند آدابِ مجلس تھے جن کا ذکر قدرے تفصیل سے کیا گیا۔ لیکن اسکے علاوہ بھی کچھ اہم آداب ہیں جنکا مجالس میں خیال رکھنا نہایت ضروری ہے۔ ان سب کا اجتماعی خلاصہ نکات کی شکل میں پیش ہے۔ تاکہ انکو آسانی سے ذہن نشین کیا جا سکے۔ یہ نکات کسی معمولی شخصیت کے تیار کردہ نہیں بلکہ جماعت کی ایک نہایت ہی معتبر اور جیّد ہستی حضرت میر محمد اسحق صاحب رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے تحریر کردہ ہیں۔ انہوں نے نہایت خوبصورتی سے بنیادی آدابِ مجالس کو مختصراً یوں بیان فرمایا ہے:

۱) پہلا ادب مجلس کا یہ ہے کہ جب کوئی شخص کسی مجلس میں آئے تو دوڑ کر نہ آئے کہ یہ وقار اور سکینت کے خلاف ہے۔ ارشاد ہے تمہیں وقار اور سکینت اختیار کرنی چاہئے۔

۲) دوسرا ادب یہ ہے کہ کوئی شخص کسی مجلس میں لوگوں کو پھلانگ کر نہ جائے، جہاں جگہ ملے بیٹھ جائے۔ ارشاد ہے جمعہ کی عبادت میں لوگوں کو پھلانگ کر نہ آؤ اس سے جمعہ کا ثواب جاتا رہتا ہے۔ ارشاد ہے اگر آگے جگہ نہ ملے تو جہاں تک لوگ بیٹھے ہیں وہیں بیٹھ جائے۔

۳) تیسرا ادب یہ ہے کہ کوئی شخص کسی مجلس میں جا کر کوئی لغو حرکت نہ کرے۔ مثلاً میز کسی اور چیز کو جو اس قسم کی ہو نہ ہلائے۔ خاموشی سے بیٹھے اور اہلِ مجلس کا خیال رکھے۔ زبان سے بھی خاموش رہے، ہاتھ پیر بھی نہ ہلائے۔

۴) چوتھا ادب یہ ہے کہ مجلس میں بیٹھ کر اپنے پاس والے سے کسی قسم کی بات نہ کرے۔ آپس میں کانا پھوسی کرنا ادب کے خلاف ہے۔

۵) پانچواں ادب مجلس میں کسی دوسرے کو چپ کرانا یہ بھی لغو ہے اور آدابِ مجلس کے خلاف ہے۔ ارشاد ہے اگر تو نے زبان سے بھی اپنے ساتھی کو کہا چپ رہو تو تو نے بے ہودہ کام کیا۔

۶) چھٹا ادب اُباسی لینا، انگلیاں چٹخانا، انگڑائی لینا، یہ تمام باتیں بھی ادب کے خلاف ہیں۔ اپنے اوپر قابو رکھنا چاہئے۔ ارشاد ہے کہ مجلس میں بیٹھ کر کنکریوں سے نہ کھیلو۔

۷) ساتواں ادب مجلس کا ہے غور سے سننا۔ کان لگا کر سنے کہ خطیب کیا کہہ رہا ہے۔

۸) آٹھواں ادب آنے والے کو جگہ دینا اور خود سکڑ کر بیٹھ جانا۔ ارشادِ باری تعالیٰ ہے جب تمہیں کہا جائے کہ مجلس میں کھل کر بیٹھو تو کھل جایا کرو۔

۹) نواں ادب یہ ہے کہ مجلس سے بے اجازت نہ جائے۔ صاحبِ مجلس سے اجازت لے کر جائے۔

۱۰) دسواں ادب یہ ہے کہ خطیب اور لیکچرار کی طرف منہ کر کے بیٹھے اور اِدھر اُدھر نہ دیکھے۔ لیکچرار کی طرف متوجہ رہے اور غور و فکر سے سنے۔

۱۱) گیارھواں ادب یہ ہے کہ مجلس میں جب کوئی اچھی بات سنے تو

اسکے علاوہ نماز ختم ہونے پر اپنی سنتوں اور نوافل کی ادائیگی کے بعد دوسروں کی نماز کے ختم ہونے کا انتظار کرنا چاہئے۔ نہ کہ فوراً باتیں شروع کر دی جائیں۔ اور اگر ضروری بات کرنا مقصود ہو تو اس جگہ سے دور جا کر بات کی جائے۔ تا کہ باقی نمازیوں کی نماز میں خلل واقع نہ ہو۔

نماز باجماعت کے آداب میں اپنی صفوں کو سیدھا رکھنے اور پہلے پہلی صف کو اور پھر ترتیب وار باقی صفوں کو پورا کرنے کی بھی بہت تلقین فرمائی گئی ہے۔ **"حضرت ابو مسعودؓ کہتے ہیں کہ رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وسلّم ہمارے کندھوں پر ہاتھ پھیرتے اور فرماتے۔ برابر ہو جاؤ۔ اور جدا جدا مت ہو کہ تمہارے دل جدا جدا ہو جائیں گے۔"**

(مسلم کتاب الصلوٰۃ باب تسویۃ الصفوف واقامتھا وفضل الاوّل فالاوّل منہا۔ بحوالہ آدابِ حیات صفحہ 104)

آپ ﷺ فرمایا کرتے تھے۔ "جو صف کو ملائے گا۔ اسکو اللہ تعالیٰ ملائے گا اور جو صف توڑے گا۔ اس کو قطع کر دے گا۔"

(ابوداؤد کتاب الصلوٰۃ باب تسویۃ الصفوف۔ بحوالہ آدابِ حیات صفحہ 105)

بعض اوقات دیکھنے میں آیا ہے کہ بہنیں کندھے سے کندھا جوڑنے میں کچھ جھجک محسوس کرتی ہیں۔ شاید ذہن میں یہ خیال ہوتا ہے کہ دوسرا ڈسٹرب نہ ہو۔ لیکن احادیث سے یہ بات ثابت ہے کہ صفوں کی درستگی نماز کی تکمیل کا جزو ہے۔ نماز کے لئے کھڑے ہونے پر سب کو اپنے درمیان موجود خلا کو خود پُر کرنے کی کوشش کرنی چاہئے۔ تا کہ شیطان ہمارے اندر رخنہ پیدا نہ کر سکے۔

متفرق آداب:

اب ہم کچھ متفرق آداب پر نظر ڈالتے ہیں۔

مجالس میں ہمیشہ چوکس ہو کر بیٹھنا چاہئے۔ اور صدر مجلس یا مقررین کی بات غور سے سننی چاہئے۔ ماؤں کو چاہئے خود بھی آداب کا خیال رکھیں اور بچپن ہی سے بچوں کو بھی مجالس کے آداب سے روشناس کروائیں۔ تا کہ بچپن ہی سے بچوں کو تحمل سے بیٹھنے اور غور سے سننے کی عادت پختہ ہو جائے۔ اس ٹریننگ کے لئے ہماری جماعتی میٹنگز بہت اہم کردار ادا کرتی ہیں۔ دیکھنے میں آیا ہے کہ جو بچے بچپن سے ان پروگرامز میں باقاعدہ ہوتے ہیں وہ پھر آہستہ آہستہ ان آداب سے غیر محسوس طریق پر آشنا ہو جاتے ہیں۔

آجکل موبائل فونز کے بغیر گزارا مشکل ہو گیا ہے۔ لیکن آدابِ مجالس کا تقاضہ ہے کہ مجالس کے دوران انکا استعمال اشد ضرورت کے وقت ہی کیا جائے۔ خصوصاً نمازوں کے دوران فون کو سائلنٹ کر دینا چاہئے۔ اسی طرح بچوں اور بچیوں کو بھی مجلس کے دوران فون کے استعمال سے روکنا چاہئے۔ ایک اور قباحت جو موبائل فونز کی وجہ سے تیزی سے پھیل رہی ہے وہ ہے موبائل کیمرے کا بلا دریغ استعمال۔ کوئی اہم جلسہ یا پروگرام مکمل نہیں ہوتا جب تک اسکی تصاویر کھینچ کر عزیزوں اور دوستوں کو واٹس ایپ نہ کر دی جائیں۔ یہ ان تصاویر کی بات کی جا رہی ہے جو بہنیں جلسوں کے دوران تیار ہو کر بغیر پردہ کے اپنی دوستوں اور فیملی کے ساتھ کھینچ رہی ہوتی ہیں۔ بے شک اپنی فیملی کے ساتھ تصاویر بنانا منع نہیں ہے لیکن وہ اگر اپنے گھروں میں ہی جب تیار ہوں تو بنا لیں تو زیادہ بہتر ہے۔ بجائے اسکے کہ ایک روحانی ماحول میں جا کر ایسا کیا جائے۔ دینی اور دنیاوی مجالس میں کچھ فرق رکھنا چاہئے۔ اسی طرح عید اور مینا بازار وغیرہ جیسی مجالس میں بھی جہاں جماعتی انتظام ہو وہاں تصاویر سے گریز کرنا چاہئے کیونکہ بعض اوقات آپکے بیک گراؤنڈ میں دوسری بہنیں بھی آ جاتی ہیں جن کے پردہ کا تقدس خراب ہوتا ہے۔ جماعتی طور پر مجالس میں جو فوٹو گرافی کی جاتی ہے وہ اوّل تو پردہ میں کی جاتی ہے اور دوسرے وہ میڈیا اور جماعتی رپورٹنگ کے لئے استعمال ہوتی ہے۔ ابھی سے اگر ہم ان چھوٹے چھوٹے آداب کا دھیان رکھیں گے تو انشاء اللہ العزیز ہماری مجالس بلاشبہ بابرکت اور خدا تعالیٰ کے فضلوں کو سمیٹنے والی ہونگی۔

ہمارے پیارے نبی کریم ﷺ نے آج سے چودہ سو سال قبل ہمیں بظاہر معمولی نوعیت کے نظر آنے والے آداب سے بھی روشناس کروایا۔

اپنے سینیٹری ٹاولز کو نہایت سمجھداری کے ساتھ ڈسپوز کرنے کی خاص تربیت دینی چاہئے۔ اسی طرح بچوں والی ماؤں کو بچوں کے نیپیز کو ہمیشہ لفافے میں بند کر کے مقررہ بن میں ڈسپوز کرنے چاہئیں۔ یہ بظاہر معمولی مگر بہت اہم امور ہیں جن کی طرف خصوصیت سے توجہ کی ضرورت ہے۔ جیسا کہ پہلے اوپر ذکر ہو چکا ہے کہ ظاہری صفائی و پاکیزگی باطنی پاکیزگی کا باعث ہوتی ہے لہٰذا انہی چھوٹی چھوٹی باتوں کا خیال رکھنے سے پھر اجتماعی طور پر ایک پاکیزہ ماحول جنم لیتا ہے۔

اسی طرح اگر مسجد میں کوئی مجلس منعقد ہو رہی ہو تو پھر تو صفائی کا معیار اور بھی بلند ہونا چاہئے اور اسی طرح جو احتیاطیں اوپر بیان کی گئیں ہیں ان پر اور زیادہ مستعدی سے عمل ہونا چاہئے۔ کیونکہ حدیث میں آتا ہے کہ:

"حضرت انسؓ بیان کرتے ہیں کہ آنحضرت ﷺ نے فرمایا مسجدیں اس لئے نہیں کہ ان میں پیشاب کیا جائے، تھوکا جائے یا کوئی گند وغیرہ پھینکا جائے یعنی مسجدوں کو ہر قسم کی گندگی سے پاک و صاف رکھنا چاہئے کیونکہ وہ اللہ تعالیٰ کے ذکر اور قرآنِ کریم پڑھنے کے لئے تعمیر کی جاتی ہیں۔"

(حدیقۃ الصالحین صفحہ 307)

جمعہ کے آداب:

نمازِ جمعہ کے لئے اکٹھے ہونا دینی مجالس کی ایک اہم قسم ہے۔ اسکے آداب کا ذکر کئے بغیر یہ مضمون نامکمل رہے گا۔ کیونکہ یہ وہ اہم دینی مجلس ہے جو کسی بھی جماعت میں باقاعدگی سے ہفتہ وار منعقد ہوتی ہے۔ احادیث سے مروی جمعہ کے آداب کی ایک جھلک دیکھتے ہیں۔ حضرت عمرؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

"جب تم میں سے کوئی جمعہ کی نماز کو جائے تو غسل کر لیا کرے۔"

(مسلم کتاب الجمعہ۔ بحوالہ آدابِ حیات صفحہ 87)

ایک اور حدیث میں آدابِ جمعہ کا بیان یوں آتا ہے۔

"حضرت سلمان فارسیؓ کہتے ہیں کہ رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وسلّم نے فرمایا۔ جو شخص جمعہ کے دن غسل کرے اور جس قدر اس کے امکان میں ہو طہارت کر کے اپنا تیل لگائے یا اپنے گھر کی خوشبو استعمال کرے اور پھر نمازِ جمعہ کے لئے نکلے اور ایسے دو آدمیوں کے درمیان (جو مسجد کے اندر بیٹھے ہوں) تفریق نہ کرے اور جس قدر اس کی قسمت ہو نماز پڑھے بعد ازاں جس وقت امام خطبہ پڑھنے لگے تو خاموش رہے۔ پس اسکے وہ گناہ جو اس جمعہ اور دوسرے جمعہ کے درمیان ہوئے ہیں بخش دیئے جائیں گے۔"

(تجرید بخاری حصہ اوّل 199۔ بحوالہ آدابِ حیات صفحہ 88)

نمازِ جمعہ کی برکات سے مستفید ہونے کے لئے وقت پر مسجد جانا چاہیے۔ کیونکہ دیر سے آنے پر پھر تدریجاً ثواب میں کمی ہوتی جاتی ہے۔ لہٰذا ادب کا تقاضہ ہے کہ اشد مجبوری کے علاوہ وقت پر جمعہ کے لئے جایا جائے۔

"حضرت ابوہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وسلّم نے فرمایا۔ جو شخص جمعہ کے دن مثل غسل جنابت کے غسل کرے۔ بعد ازاں نماز کے لئے جائے تو گویا اس نے ایک اونٹ کا صدقہ کیا۔ جو دوسری گھڑی میں جائے۔ گویا اس نے ایک گائے صدقہ کی۔ جو تیسری گھڑی میں چلے گویا اس نے ایک سنگھارا ہوا مینڈھا صدقہ کیا۔ جو چوتھی گھڑی میں چلے تو اس نے گویا ایک مرغی صدقہ میں دی اور پانچویں گھڑی میں چلے گویا اس نے ایک انڈا صدقہ میں دیا۔ کیونکہ جس وقت امام خطبہ پڑھنے نکل آتا ہے تو فرشتے خطبہ سننے کے لئے اندر آجاتے ہیں۔"

(تجرید بخاری حصہ اوّل صفحہ 199۔ بحوالہ آدابِ حیات صفحہ 90)

جیسا کہ اس حدیث سے ظاہر ہے کہ جمعہ کی نماز سے پہلے کا وقت کسقدر برکات کا موجب ہے۔ لہٰذا اس وقت بلا ضرورت آپس میں گفتگو سے پرہیز کرنا چاہئے۔ **"جمعہ کے دن نماز سے پہلے حلقہ بنا کر باتیں نہ کی جائیں۔ آنحضرت ﷺ نے حلقہ میں بیٹھ کر باتیں کرنے سے منع فرمایا ہے۔"**

(ابوداؤد کتاب الصلوۃ باب التحلیق یوم الجمعۃ قبل الصلوٰۃ۔ بحوالہ آدابِ حیات صفحہ 90)

تو سوچنے کا مقام ہے کہ یہ بات ایسی ہستی کر رہی ہے جس کے بدن سے ہمیشہ عمدہ مہک اٹھا کرتی تھی۔ یہ دراصل آنحضرت ﷺ کی انتہا درجہ کی نفاست تھی۔ اور لوگوں کے لئے یہ سبق تھا کہ کوئی بھی کسی مجلس میں ایسی حالت میں نہ آئے کہ دوسروں کے لئے تکلیف کا باعث ہو۔ اسی لئے ہمیشہ خوشبو لگا کر آنے کی تلقین فرمائی۔

حدیث میں آتا ہے کہ:

"جو کوئی جمعہ ادا کرنے کی غرض سے آئے اسے چاہئے کہ وہ غسل کرے اور جس کے پاس خوشبو ہو وہ خوشبو لگائے اور مسواک کرنا اپنے لئے لازمی کر لو۔"

(سنن ابن ماجہ کتاب اقامہ الصلوٰۃ والسنۃ فیھا باب ماجاء فی الزینۃ یوم الجمعۃ۔ بحوالہ روزنامہ الفضل یکم فروری 2005ء صفحہ 5)

ظاہری پاکیزگی کا اثر انسان کے باطن پر بھی پڑتا ہے۔ حضرت اقدس مسیح موعود علیہ السلام اس ضمن میں فرماتے ہیں کہ:

"دو حالتیں ہیں۔ جو باطنی حالت تقویٰ اور طہارت پر قائم ہونا چاہتے ہیں وہ ظاہری پاکیزگی بھی چاہتے ہیں۔ ایک دوسرے مقام پر اللہ تعالیٰ فرماتا ہے۔ اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ التَّوَّابِيْنَ وَيُحِبُّ الْمُتَطَهِّرِيْنَ

(البقرہ:223)

یعنی جو باطنی اور ظاہری پاکیزگی کے طالب ہیں ان کو دوست رکھتا ہوں۔ ظاہری پاکیزگی باطنی طہارت کی مدد اور معاون ہے۔ اگر انسان اسکو چھوڑ دے اور پاخانہ پھر کر بھی طہارت نہ کرے تو اندرونی پاکیزگی پاس بھی نہ پھٹکے۔ پس یاد رکھو کہ ظاہری پاکیزگی اندرونی طہارت کو مستلزم ہے۔ اس لئے لازم ہے کہ کم از کم جمعہ کو غسل کرو۔ ہر نماز میں وضو کرو۔ جماعت کھڑی کرو تو خوشبو لگا لو۔ عیدین میں اور جمعہ میں خوشبو لگانے کا جو حکم ہے وہ اسی بناء پر قائم ہے۔ اصل وجہ یہ ہے کہ اجتماع کے وقت عفونت کا اندیشہ ہے۔ پس غسل کرنے اور صاف کپڑے پہننے اور خوشبو لگانے سے سمّیّت اور عفونت سے روک ہو گی۔ جیسا اللہ تعالیٰ نے زندگی میں یہ مقرر کیا ہے ویسا ہی قانون مرنے کے بعد بھی رکھا ہے۔"

(ملفوظات جلد اوّل صفحہ۔230-231)

نظافت وصفائی:

آداب اور حقوقِ مجالس کا ایک اور نہایت اہم حصہ جائے مجلس کی نظافت وصفائی کا خیال ہے۔ جہاں کہیں بھی مجلس لگائی جا رہی ہو، چاہے وہ دینی نوعیت کی ہو یا دنیوی نوعیت کی دونوں صورتوں میں اس جگہ کی صفائی ستھرائی کا اہتمام نہایت اہم ہے۔ بعض اوقات مجلس لگانے سے پہلے اسکی تیاری کے وقت تو اس کا بہت خیال رکھا جاتا ہے اور مذکورہ جگہ کو نہایت محنت سے سجایا جاتا ہے اور اس کام کی انجام دہی کے لئے ہر طرح سے تمام امور پر نظر رکھتے ہوئے کام کئے جاتے ہیں لیکن دیکھنے میں آیا ہے کہ مجلس کے آخر پر یا مجلس کے دوران اس صفائی ستھرائی کو قائم رکھنے کا اس طرح سے خیال نہیں رکھا جاتا۔ ہمارے یہاں چونکہ جماعتی پروگرامز کے لئے کمیونٹی اور اسکول ہالز اور ہوٹل وغیرہ بُک کروائے جاتے ہیں لہٰذا اس امر میں سستی پھر جماعت کے لئے بدنامی کا باعث بنتی ہے۔ نیز جو لوگ نظافت کی خدمت پر فائز ہوتے ہیں انکو آخر پر بہت دشواری کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ اسلئے تمام شاملینِ مجالس کو اس بات کا خصوصیت سے خیال رکھنا چاہئے کہ دورانِ مجلس اور اختتام پر کم از کم اپنے ارد گرد کی جگہ کی صفائی کی نگرانی رکھیں اور ضرورت پڑنے پر خود ہی چھوٹا موٹا گند صاف کر لیا کریں اس سے ایک طرف تو یہ عمل ہماری اپنی تربیت کا ذریعہ ہو گا وہیں بچے بھی ماؤں کو دیکھتے ہوئے اس وصف کو سیکھیں گے اور ایک ذمہ دارانہ رویہ اپنانے والے ہونگے۔ سب سے بڑا مسئلہ **ٹائلٹس کی صفائی** کا ہوتا ہے۔ اس سلسلے میں ہمیں خود بھی خیال رکھنا چاہیے اور اپنے بچوں کو بھی اسکی ٹریننگ دینی چاہئے کہ کسطرح ٹائلیٹس کو نہایت صفائی سے استعمال کیا جائے اور استعمال کے بعد اسی حالت میں چھوڑا جائے۔ خصوصاً جب پبلک پلیس پر استعمال کیا جائے۔ گو کہ گھروں میں بھی اسکا خیال رکھا جائے اور اسکی ٹریننگ پہلے گھروں سے شروع کی جائے۔ لیکن جب باہر کہیں استعمال کر رہے ہوں تو اس چیز کا اور بھی زیادہ خیال رکھا جائے۔ نوجوان بچیوں کو ایامِ مخصوصا کے دوران

سے پھر آگے چل کر جماعت کی ترقی متاثر ہوتی ہے۔

مجالس میں کشادگی پیدا کرو:

ایک روایت میں آتا ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ بہترین مجالس وہ ہیں جو کشادہ ہوں۔

(ابوداؤد کتاب الادب۔ بحوالہ مشعلِ راہ جلد پنجم۔ حصہ دوم صفحہ 62)

یہ بھی مجالس کے بنیادی آداب میں سے ایک ادب ہے۔ جیسا کہ قرآنِ کریم میں بھی ارشاد ہوا ہے کہ

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِذَا قِيْلَ لَكُمْ تَفَسَّحُوْا فِي الْمَجٰلِسِ فَافْسَحُوْا يَفْسَحِ اللّٰهُ لَكُمْ ۚ وَاِذَا قِيْلَ انْشُزُوْا فَانْشُزُوْا يَرْفَعِ اللّٰهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مِنْكُمْ ۙ وَالَّذِيْنَ اُوْتُوا الْعِلْمَ دَرَجٰتٍ ؕ (سورہ المجادلہ آیت 12)

”اے لوگو! جو ایمان لائے ہو۔ جب تمہیں یہ کہا جائے کہ مجلسوں میں (دوسروں کے لئے) جگہ کھلی کر دیا کرو تو کھلی کر دیا کرو، اللہ تمہیں کشادگی عطا کرے گا۔ اور جب کہا جائے کہ اُٹھ جاؤ تو اُٹھ جایا کرو۔ اللہ ان لوگوں کے درجات بلند کرے گا جو تم میں سے ایمان لائے ہیں۔“

جیسا کہ اس آیتِ کریمہ سے بھی واضح ہے کہ مجلسوں میں ایک دوسرے کے لئے کشادگی پیدا کرنا دراصل ہمارے لئے کشادگی کا باعث بنے گا۔ یعنی جب ہم خوش دلی سے اپنے ساتھیوں کے لئے جگہ کشادہ کرینگے تو اس وسعتِ قلبی سے آپس میں محبت و یگانگت پیدا ہوگی۔ اسی طرح جب مجلس سے اٹھ جانے کا کہا جائے تو فوراً اُٹھ جانا چاہئے۔ کیونکہ اس عمل کی جزاء اللہ تعالیٰ بلندیٔ درجات کی صورت میں عطاء فرماتا ہے۔

حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز اس ضمن میں فرماتے ہیں کہ:

”خود تو ہر مومن کو یہی چاہئے کہ دوسرے کا خیال رکھے اور اپنے بھائی کو بیٹھنے کے لئے جگہ دے لیکن کسی دوسرے آنے والے کا حق نہیں بنتا کہ زبردستی کسی کو اٹھائے کہ یہ جگہ میرے لئے خالی کرو۔ یہ بھی مجلس کے آداب کے خلاف ہے اور اس بیٹھنے والے کے حق کے خلاف ہے سوائے اس کے کہ جہاں اجازت ہے، ایسی مجالس میں جہاں مجبوری ہو اٹھانے کے لئے کہا جائے۔ وہ تو قرآن شریف میں بھی حکم آیا ہے۔ حضرت اقدس مسیح موعودؑ فرماتے ہیں کہ:

اگر مجلسوں میں تمہیں کہا جائے کہ کشادہ ہو کر بیٹھو یعنی دوسروں کو جگہ دو تو جلد کشادہ کرو تا دوسرے بیٹھیں اور کہا جائے کہ تم اٹھ جاؤ تو بغیر چوں وچرا کے اٹھ جاؤ۔

(اسلامی اصول کی فلاسفی۔ روحانی خزائن جلد نمبر 10 صفحہ 366)

”تو جہاں قرآنِ کریم میں یہ کشادگی کا حکم ہے ساتھ ہی یہ بھی ہے کہ اگر مجلس سے اٹھایا جائے اور انتظامیہ اگر کہے کسی وجہ سے کہ یہاں سے بعض لوگ چلے جائیں، اٹھ جائیں، تو اٹھ جایا کرو۔ کیونکہ بعض مجالس مخصوص ہوتی ہیں ان میں ہر ایک کو بیٹھنے کی اجازت نہیں ہوتی۔ تو یہاں بھی ہر احمدی کو کھلے دل کا مظاہرہ کرنا چاہئے۔ بعض دفعہ شکایات آجاتی ہیں کہ فلاں عہدہ دار نے فلاں مجلس میں مجھے اٹھا دیا یا میرے فلاں بزرگ کو اٹھا دیا۔ تو ان چھوٹی چھوٹی باتوں پر شکوہ نہیں کرنا چاہئے۔۔۔۔ پھر بعض مجالس ایسی ہیں مثلاً انتخاب وغیرہ میں بھی بعض لوگ حسبِ قوائد نہیں بیٹھ سکتے، ان میں بعض کمیاں ہوتی ہیں تو اس پر شکوے بھی نہیں کرنے چاہئیں۔ بڑی خاموشی سے چلے جانا چاہئے۔۔۔۔ یہ بھی مجلس کا حق ہے کہ اگر اٹھایا جائے تو اٹھ جائیں۔“

(خطبہ جمعہ ارشاد فرمودہ سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ 16 جولائی 2004 مطبوعہ روزنامہ الفضل یکم فروری 2005ء)

ظاہری و باطنی پاکیزگی کا خیال:

پاکیزگی و نظافت آدابِ مجالس کا بہت بنیادی اور اہم جزو ہے۔ مجالس میں آتے ہوئے ظاہری و باطنی پاکیزگی کا خیال رکھنا چاہئے۔ لہٰذا جب بھی کسی مجلس میں جایا جائے تو ہمیشہ نہا دھو کر خوشبو لگا کر جانا چاہئے۔ ہمارے پیارے نبی کریم ﷺ بھی اس بات کا خصوصیت سے خیال رکھتے تھے۔ حضرت عائشہؓ روایت کرتی ہیں کہ **رسول اللہ ﷺ اس بات کو ناپسند فرماتے تھے کہ آپؐ کے وجود سے ایسی بُو آئے جس سے تکلیف ہو۔“**

(مسند احمد بن حنبل باقی مسند الانصار۔ بحوالہ روزنامہ الفضل یکم فروری 2005ء صفحہ 5)

کرنی ہے۔ اس لئے تمہیں چاہیے کہ اپنے گھر میں، اپنی بیوی بچوں کے ساتھ مجلس لگا کر بیٹھے ہو یا خاندان کے کسی فنکشن (Function) میں اکٹھے ہو یا کاروباری مجلس میں ہو یا دینی مجلس میں ہو۔ ذیلی تنظیموں کے اجلاسوں میں ہو یا اجتماعات میں ہو، جہاں بھی تم ہو کوئی ایسی بات کرو گے جو دل کو جلانے والی ہو، کسی بھی قسم کی طنزیہ بات ہو یا تم اس مجلس کے آداب اور اصولوں کی پابندی نہیں کر رہے تو ضرور وہاں فساد پیدا ہو گا۔ اور شیطان یہی چاہتا ہے۔ اس لئے اگر تم صحیح مومن ہو تو اپنی زبان سے اور اپنے عمل سے اس فساد سے بچنے کی کوشش کرتے رہو۔"

(مشعلِ راہ جلد پنجم۔ حصہ دوم صفحہ 56)

ذکرِ الٰہی سے معمور سلامتی والی مجالس:

مجالس میں خصوصاً دینی غرض کے لئے لگائی گئی مجالس کو ذکرِ الٰہی سے معمور رکھنا بھی اسکے آداب میں سے ایک ادب اور اسکے حقوق میں سے ایک بنیادی حق ہے۔ ایک روایت میں آتا ہے کہ:

"ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

جب کوئی قوم مسجد میں کتاب اللہ کی تلاوت اور باہم درس و تدریس کے لئے بیٹھی ہو تو ان پر سکینت نازل ہوتی ہے۔ رحمتِ باری انکو ڈھانپ لیتی ہے اور فرشتے انکو اپنے جلو میں لے لیتے ہیں۔"

(سنن الترمذی کتاب القراءت باب ماجاء ان القرآن انل علی سبعۃ احرف۔
بحوالہ مشعلِ راہ جلد پنجم۔ حصہ دوم صفحہ 59)

اسی طرح ایک اور حدیث میں آتا ہے کہ:

"حضرت جابرؓ بیان کرتے ہیں کہ ایک دفعہ آنحضرت ﷺ ہمارے پاس تشریف لائے اور فرمایا۔ "اے لوگو! جنت کے باغوں میں چرنے کی کوشش کرو"۔ ہم نے عرض کیا۔ یارسول اللہ! جنّت کے باغ سے کیا مراد ہے؟ آپؐ نے فرمایا۔ "ذکر کی مجالس جنت کے باغ ہیں۔"

(حدیقۃ الصالحین صفحہ 127)

ذکرِ الٰہی سے معمور مجالس سے ہی سلامتی حاصل ہوتی ہے اور اللہ تعالیٰ کی طرف سے ایسی مجالس پر سکینت نازل ہوتی ہے۔ ان میں ہماری گھریلو مجالس، اجتماعات، ماہانہ و ہفتہ وار میٹنگز اور جلسے شامل ہیں۔ ہم تو خوش قسمت ہیں کہ ہمیں جماعت احمدیہ سے منسلک ہونے کے سبب ایسے مواقع اکثر میسر آتے رہتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ توفیق عطاء فرمائے کہ ہم اپنی مجالس سے مذکورہ فیوض حاصل کر سکیں۔ آمین

مجالس کی امانت کا خیال:

مجالس کے حقوق میں سے اسکی امانت کا خیال بہت اہم حق ہے۔ مجالس کی امانتیں یہی ہیں کہ ان میں جو بھی باتیں سنی جائیں یا جو بھی دیکھا جائے اسکی آگے لوگوں میں تشہیر نہ کی جائے۔ حضورِ اقدس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز فرماتے ہیں کہ:

"کسی مجلس میں اگر آپ کو دوست سمجھ کر، اپنا سمجھ کر آپ کے سامنے باتیں کر دی جائیں تو ان باتوں کو باہر لوگوں میں کرنا بھی خیانت ہے۔ پھر مجالس میں کسی کے عیب دیکھیں، کسی کی کوئی کمزوری دیکھیں تو اسکو باہر پھیلانا کسی طرح بھی مناسب نہیں۔ جب کہ کسی اور شخص کو بھی بتانا جسکا اس مجلس سے تعلق نہ ہو یہ بھی خیانت ہے۔ ایک بات اور واضح ہو اور ہر وقت ذہن میں رکھنی چاہیے کہ اگر کسی مجلس میں نظام کے خلاف یا نظام کے کسی رکن کے خلاف باتیں ہو رہی ہوں تو اس کو پہلے تو وہیں بات کرنے والے کو سمجھا کر اس بات کو ختم کر دینا مناسب ہے اور وہیں اصلاح کی کوشش کرنی چاہیے۔ اگر اصلاح کی کوئی صورت نہ ہو تو پھر بالا افسران تک اطلاع کرنی چاہیے۔"

(مشعلِ راہ جلد پنجم حصہ اوّل صفحہ 52۔
ارشادات حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ)

یہ باتیں بظاہر بہت معمولی معلوم ہوتی ہیں لیکن ان کے بہت دور رس اثرات مرتب ہوتے ہیں۔ ذرا سی کوتاہی دلوں میں ایسی گرہیں لگا دیتی ہے جن کو اگر وقت پر نہ کھولا جائے یا انکو نظر انداز کر دیا جائے تو آنے والی نسلیں اسی کمزوری کا شکار ہو کر مستقلاً اس کی عادی ہو جاتی ہیں۔ نتیجتاً آپس کا پیار اور اعتماد جاتا رہتا ہے اور اکائی اور وحدت جو کہ ایک جماعت کی بنیاد ہوتی ہے وہ ٹوٹ جاتی ہے۔ جس

مجالس کے حقوق اور آداب

ساجدہ علیم صاحبہ ایسٹ جماعت

مجالس کے آداب اسقدر وسیع مضمون ہے کہ اسکا احاطہ ایک مضمون میں ناممکن ہے۔ لیکن یہ ضرور ہے کہ اس مضمون کے ذریعے اس سوچ کا بیج بو دیا جائے کہ مجالس کے آداب کی پاسداری اوراحترام، معاشرے میں امن اور خوبصورتی پیدا کرنے کے لئے نہایت اہم ہے۔ انسان اپنے فطری تقاضوں کے پیشِ نظر چونکہ اکھٹے ہو کر رہنا پسند کرتا ہے اور اس خواہش کی تکمیل میں مختلف مجالس کے ذریعے اکھٹے ہو کر بیٹھتا ہے۔ جب بھی ایک جگہ جمع ہوا جائے تو جہاں بہت سی اچھی اور تعمیری باتیں ہوتی ہیں وہاں پر پھر غیبت، چغل خوری، خود نمائی اور آپس میں چپقلش کا احتمال بھی بڑھ جاتا ہے۔ جیسے اکیلا برتن کچھ آواز نہیں پیدا کرتا لیکن جب زیادہ برتن ہوں تو وہ آپس میں ٹکراتے ہیں جن سے آواز پیدا ہوتی ہے۔ بالکل اسی طرح اکیلا آدمی نہ تو کسی کی غیبت کر سکتا ہے نہ ہی کسی سے لڑ سکتا ہے نہ ہی اپنے اخلاق کی جانچ کر سکتا ہے۔ ان سب عوامل کا مثبت یا منفی اظہار تب ہی ممکن ہو گا جب چند لوگ مختلف مجالس کے ذریعے اکھٹے ہو کر بیٹھیں گے۔ ان مجالس میں اگر اسلامی اقدار و قوانین کے تحت پیش کردہ آداب و حقوق کو ملحوظ رکھا جائے تو بلاشبہ ہماری یہی مجالس نہایت بابرکت ثابت ہونگی اور ان کے مثبت اثرات سے پوری طرح مستفید ہوا جاسکے گا۔

حضرت بانیٔ سلسلہ احمدیہ فرماتے ہیں کہ: ”اَلطَّرِیْقَۃُ کُلُّھَا اَدَبٌ“ (ملفوظات جلد سوم صفحہ نمبر455)

روحانیت کی بنیاد ادب پر ہے لہٰذا روحانی ترقی کے لئے ہم پر لازم ہے کہ ہم بہترین آداب کو اپنی زندگیوں کا حصہ بنائیں۔ حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز اپنے خطبہ جمعہ فرمودہ 16جولائی2004ء میں فرماتے ہیں کہ: **”ایک احمدی کو روحانیت سے بھی حصہ ملا ہے اسے اس خلق کی ادائیگی کی طرف خاص طور پر بہت توجہ دینی چاہئیے“۔**

حضور اسی خطبہ میں **مجالس کی اقسام** کے بارے میں فرماتے ہیں کہ:

”مجالس کی بھی کئی قسمیں ہوتی ہیں۔ کچھ مجلسیں دنیاداری کے لئے لگتی ہیں اور کچھ مجلسیں دین کی خاطر ہوتی ہیں۔ لیکن ایک مومن کے لئے دنیاوی مجالس بھی اگر وہ اللہ تعالیٰ کے خوف، خشیت اور تقویٰ پر قائم رہتے ہوئے لگائی جائیں تو اللہ تعالیٰ کی رضا حاصل کرنے والی بن جاتی ہیں۔“

مجالس کے قیام کے لئے ایک بنیادی اور جامع نصیحت:

حضور اقدس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز اس سلسلہ میں ایک لطیف اور بنیادی نکتہ بیان فرماتے ہیں:

”قرآنِ کریم میں مجلسیں لگانے والوں کے لئے مختلف انداز میں نصیحت کی گئی ہے۔ کہیں فرمایا کہ تمہاری مجلسیں دینی غرض کے لئے ہوں یا دنیاوی غرض کیلئے ہوں، دنیاوی منفعت کے لئے ہوں، جو بھی مجالس ہوں، ہمیشہ یاد رکھو ایک دوسرے کے جذبات کا خیال رکھو۔ اگر تم میرے بندے ہو تو تمہارے منہ سے صرف اچھی بات ہی نکلنی چاہیے۔ ہمیشہ (یَقُوْلُوا الَّتِیْ ھِیَ اَحْسَنُ) کا ہی حکم ہے۔ کیونکہ اگر یہ نہیں کرو گے تو تمہارے معاشرے میں، تمہاری مجالس میں ہمیشہ شیطان فساد پیدا کرتا رہے گا۔ اور یاد رکھو کہ شیطان کی فطرت میں ہے کہ اس نے تمہاری دشمنی کرنی ہی

کے قلب پر گرا ہے اور نفس امّارہ کی شوخی کم ہو گئی ہے۔ جیسے اژدہا میں ایک سَمّ قاتل ہے اسی طرح نفس امّارہ میں بھی سمّ قاتل ہوتا ہے۔ اور جس نے اسے پیدا کیا اسی کے پاس اس کا علاج ہے۔"

(ملفوظات جلد 7 صفحہ 123۔ ایڈیشن 1985ء مطبوعہ انگلستان)

یعنی خدا تعالیٰ کے پاس ہی برائی کے دور کرنے کا علاج ہے اس لئے اس کے آگے جھکو۔ اس سے مدد مانگو کہ دنیا اور اس کے بد اثرات اور بری مجالس سے اور ان کے اثرات سے وہ ہمیشہ بچا کے رکھے۔

ایک روایت میں آتا ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا معمول تھا کہ مجلس برخاست کرتے وقت اٹھتے ہوئے آپؐ یہ دعا کیا کرتے تھے کہ اے اللہ تو پاک ہے اور تیری حمد کی قسم! مَیں گواہی دیتا ہوں کہ تیرے سوا کوئی معبود نہیں۔ مَیں تجھ سے مغفرت کا طلبگار ہوں اور تیری طرف ہی رجوع کرتا ہوں۔

(سنن ابی داؤد کتاب الادب باب فی کفارۃ المجلس حدیث 4859)

پھر ایک موقع پر آپ نے فرمایا کہ کچھ کلمات ایسے ہیں جس نے بھی ان کو اپنی مجلس سے اٹھتے ہوئے تین مرتبہ پڑھا تو اللہ تعالیٰ ان کے طفیل اس کے وہ گناہ جو اس نے وہاں کئے ہوں گے ان کو ڈھانک دے گا اور جس نے یہ کلمات کسی خیر کی مجلس میں اور ذکر الٰہی کی مجلس میں پڑھے تو ان کے ساتھ اس پر مہر کر دی جائے گی اور وہ کلمات یہ ہیں کہ سُبْحَانَكَ اللّٰهُمَّ وَبِحَمْدِكَ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ اَسْتَغْفِرُكَ وَ اَتُوْبُ اِلَيْكَ۔ کہ اے اللہ تُو اپنی حمد کے ساتھ پاک ہے۔ تیرے سوا کوئی معبود نہیں۔ میں تجھ سے بخشش کا طلبگار ہوں اور تیری طرف ہی رجوع کرتا ہوں۔

(سنن ابی داؤد کتاب الادب باب کفارۃ المجلس حدیث 4857)

پس مجھ سے جو بعض ناپسندیدہ باتیں ہو جاتی ہیں ان کے بد اثرات سے بھی محفوظ رکھ اور پھر یہ دعا جو ناپسندیدہ باتیں ہیں ان کے بد اثرات سے محفوظ رکھتی ہے اور نیک مجالس کے فیض سے انسان کو زیادہ سے زیادہ فیض اٹھانے کا باعث بناتی ہے۔

جیسا کہ حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا کہ جب تک خدا تعالیٰ کی مدد ساتھ نہ ہو ہرگز رہائی نہیں ہوتی۔ اس لئے ہر وقت اللہ تعالیٰ کی مدد طلب کرتے رہنا چاہیے۔ اللہ تعالیٰ ہمیں توفیق دے کہ ہم ہمیشہ بری مجالس سے بچنے والے ہوں۔ اور اگر کبھی اَنجانے میں شامل ہو جائیں تو ان کے بد اثرات سے محفوظ رہیں۔ ہمیشہ پاک مجلسوں کی تلاش میں رہیں اور ان میں بیٹھنے والے ہوں اور ان پاک مجالس کی پاکیزگی اور اللہ تعالیٰ کے فضل سے فیض پانے والے ہوں۔ اللہ تعالیٰ ہمیں ہمیشہ شیطان کے حملے سے بچائے۔ ہم سے رحم اور مغفرت کا سلوک فرمائے۔ ہمیں ہمیشہ نظامِ جماعت اور خلافت سے جوڑے رکھے اور ہر فتنہ پرداز کے فتنہ کے شر سے ہمیں محفوظ رکھے۔ (آمین)

(الفضل انٹرنیشنل 13 اکتوبر 2017 تا 19 اکتوبر 2017)

احمدی ماؤں کی ذمہ داری

پس جب یہ کہا گیا کہ جنّت ماؤں کے پاؤں کے نیچے ہے تو مراد یہ نہیں تھی کہ ہر ماں کے پاؤں کے نیچے جنت ہی جنت ہے۔ مراد یہ کہ اگر جنت مل سکتی ہے اگلی نسلوں کو تو ایسی ماؤں سے مل سکتی ہے جو خود جنت نشان بن چکی ہوں۔ خود جنت اُن کے آثار میں ظاہر ہو چکی ہو۔ ایسی ماؤں کی اولاد لازماً جنتی بنتی ہے۔ پس میں نے مردوں کو اس مضمون پر مخاطب کرنے کے بجائے یہ فیصلہ کیا کہ آج خواتین کو اس موضوع پر مخاطب کروں کیونکہ میں روشنی تو حضرت اقدس محمد ﷺ سے پاتا ہوں۔ اپنی عقل سے کلام نہیں کرتا، جو قرآن سکھاتا ہے وہ کہتا ہوں، جو حضرت محمد ﷺ فرماتے ہیں وہ میں آپ کے سامنے اپنے رنگ میں پیش کرتا ہوں۔ پس میں نے اس راز کو قرآن اور حدیث کے مطالعہ سے پایا کہ حقیقتاً آئندہ قوموں کی تقدیر کا فیصلہ کرنا عورتوں کا کام ہے اور یہ فیصلہ انھیں آج کرنا پڑے گا۔ ورنہ مستقبل لازماً تاریک رہے گا۔ آج احمدی خواتین کو اپنے سینوں کو خدا کی محبت سے روشن کرنا ہو گا ورنہ ان کے سینے وہ نور ان کے بچوں کو نہیں پلائیں گے جو ماؤں کے دودھ کے ساتھ پلایا جاتا ہے اور ہمیشہ جزو بدن اور جزو روح بن جایا کرتا ہے۔

(حوّا کی بیٹیاں اور جنت نظیر معاشرہ صفحہ ۲۳۔۲۲)

لوگوں کے ساتھ زیادہ اٹھنا بیٹھنا، کھانا پینا تمہیں دین اور تقویٰ سے دُور کر دے گا۔ ہاں تبلیغ کے لئے ،نیک باتوں کو پہنچانے کے لئے تعلق ضرور قائم کرنا چاہیے۔اس کے بغیر تبلیغ نہیں ہو سکتی۔ لیکن اس کے لئے انہیں اپنی مجالس میں لانا چاہیے کیونکہ یہ نیکی کی مجالس پھر اپنا اثر چھوڑتی ہیں۔اور ہمارے جلسوں میں ،فنکشنز میں شامل ہونے والے بے شمار غیر لوگ ہیں جو اس بات کا اظہار کرتے ہیں کہ یہاں آکر ہماری حالت اور کیفیت بلکل بدل جاتی ہے۔

صحبت کے اثر کی وضاحت فرماتے ہوئے ایک جگہ حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام نے بیان فرمایا کہ ’’ جب انسان ایک راستباز اور صادق کے پاس بیٹھتا ہے تو صدق اس میں کام کرتا ہے۔ لیکن جو راستبازوں کی صحبت کو چھوڑ کر بدوں اور شریروں کی صحبت کو اختیار کرتا ہے تو ان میں بدی اثر کرتی جاتی ہے۔‘‘ فرمایا کہ ’’ اسی لئے احادیث اور قرآن شریف میں صحبتِ بد سے پرہیز کرنے کی تاکید اور تہدید پائی جاتی ہے اور لکھا ہے کہ جہاں اللہ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی اہانت ہوتی ہو اس مجلس سے فی الفور اٹھ جاؤ ورنہ جو اہانت سن کر نہیں اٹھتا اس کا شمار بھی ان میں ہی ہو گا۔‘‘

پھر آپ فرماتے ہیں کہ ’’صادقوں اور راستبازوں کے پاس رہنے والا بھی ان میں ہی شریک ہوتا ہے۔اس لئے کس قدر ضرورت ہے اِس امر کی انسان کُوْنُوْا مَعَ الصّٰدِقِیْنَ کے پاک ارشاد پر عمل کرے‘‘۔ فرمایا کہ ’’حدیث شریف میں آیا ہے کہ اللہ تعالیٰ ملائکہ کو دنیا میں بھیجتا ہے۔وہ پاک لوگوں کی مجلس میں آتے ہیں۔اور جب واپس جاتے ہیں تو اللہ تعالیٰ ان سے پوچھتا ہے کہ تم نے کیا دیکھا؟ وہ کہتے ہیں کہ ہم نے ایک مجلس دیکھی ہے جس میں تیرا ذکر کر رہے تھے۔ مگر ایک شخص ان میں سے نہیں تھا‘‘(ان ذکر کرنے والوں میں سے نہیں تھا۔ لیکن وہاں بیٹھا ہوا تھا۔)’’ تو اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ نہیں وہ بھی ان میں ہی سے ہے کیونکہ اِنَّھُمْ قَوْمٌ لَا یَشْقٰی جَلِیْسُھُمْ‘‘۔ فرمایا کہ ’’ اس سے صاف معلوم ہوتا ہے کہ صادقوں کی صحبت سے کس قدر فائدے ہیں۔ سخت بدنصیب ہے وہ شخص جو صحبت سے دُور ہے‘‘۔

(ملفوظات جلد6 صفحہ249۔ایڈیشن 1985ء مطبوعہ انگلستان)

پس مومنوں کی صحبت اور مجلس میں بیٹھنے والے اللہ تعالیٰ کے فضل کے حاصل کرنے والے بن جاتے ہیں اور یہ وہی مجلسیں ہیں جو ذکر الٰہی سے بھری ہوئی مجالس ہیں۔

پھر حضرت مسیح موعود علیہ السلام فرماتے ہیں:’’ بہت ہیں کہ زبان سے تو خدا تعالیٰ کا اقرار کرتے ہیں لیکن اگر ٹٹول کر دیکھو تو معلوم ہو گا کہ ان کے اندر دہریت ہے۔ کیونکہ دنیا کے کاموں میں جب مصروف ہوتے ہیں تو خدا تعالیٰ کے قہر اور اس کی عظمت کو بالکل بھول جاتے ہیں۔اس لئے یہ بات بہت ضروری ہے کہ تم لوگ دعا کے ذریعہ اللہ تعالیٰ سے معرفت طلب کرو۔ بغیر اس کے یقینِ کامل ہرگز حاصل نہیں ہو سکتا۔ وہ اس وقت حاصل ہو گا جبکہ یہ علم ہو کہ اللہ تعالیٰ سے قطع تعلق کرنے میں ایک موت ہے‘‘۔ فرمایا کہ ’’گناہ سے بچنے کے لئے جہاں دعا کرو وہاں ساتھ ہی تدابیر کے سلسلہ کو ہاتھ سے نہ چھوڑو اور تمام محفلیں اور مجلسیں جن میں شامل ہونے سے گناہ کی تحریک ہوتی ہے ان کو ترک کرو۔ اور ساتھ ہی ساتھ دعا بھی کرتے رہو اور خوب جان لو کہ ان آفات سے جو قضاوقدر کی طرف سے انسان کے ساتھ پیدا ہوتی ہیں جب تک خدا تعالیٰ کی مدد ساتھ نہ ہو ہرگز رہائی نہیں ہوتی۔‘‘ فرمایا’’ نماز جو کہ پانچ وقت ادا کی جاتی ہے اس میں بھی یہی اشارہ ہے کہ اگر وہ نفسانی جذبات اور خیالات سے اسے محفوظ نہ رکھے گا تب تک وہ سچی نماز ہرگز نہ ہو گی۔ نماز کے معنی ٹکّریں مار لینے اور رسم اور عادات کے طور پر ادا کرنے کے ہرگز نہیں۔ نماز وہ شئے ہے جسے دل بھی محسوس کرے کہ روح پگھل کر خوفناک حالت میں آستانہ الوہیت پر گر پڑے‘‘۔ فرمایا’’ جہاں تک طاقت ہے وہاں تک رقّت کے پیدا کرنے کی کوشش کرے اور تضرّع سے دعا مانگے کہ شوخی اور گناہ جو اندر نفس میں ہیں وہ دور ہوں۔ اسی قسم کی نماز بابرکت ہوتی ہے۔ اگر وہ اسپر استقامت اختیار کرے گا تو دیکھے گا کہ رات کو یا دن کو ایک نور اس

مقصد ان کو پورا کرنا چاہئے اور مستقل دینی اور علمی مجلسیں لگائیں۔ باقاعدہ پروگرام نہیں بھی ہو رہا تب بھی اپنی مجالس میں بجائے اِدھر اُدھر کی باتیں کرنے اور فضول گفتگو کرنے کے تعمیری گفتگو کریں اور لغو باتوں سے ہمیشہ پرہیز کریں اور اپنا وقت اس سے ضائع ہونے سے بچائیں۔

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک موقع پر فرمایا کہ جو لوگ کسی مجلس میں بیٹھتے ہیں اور وہاں ذکر الٰہی نہیں کرتے وہ اپنی مجلس کو قیامت کے دن حسرت سے دیکھیں گے۔

(مسند احمد بن حنبل جلد ۲ صفحہ 724 حدیث 7093 مسند عبد اللہ بن عمرو بن العاص مطبوعہ عالم الکتب بیروت 1998ء)

پس اجتماع پر آنے والوں کو یاد رکھنا چاہیے کہ اپنے آنے کے مقصد کو پورا کریں اور اپنا وقت ہنسی ٹھٹھے اور فضول گفتگو میں گزارنے کے بجائے زیادہ وقت ذکرِ الٰہی اور نیکی کی باتیں کرنے اور سننے میں گزاریں تاکہ ہماری مجلسیں قیامت کے دن کبھی حسرت سے دیکھی جانے والی مجلسیں نہ ہوں۔

تقویٰ پر چلنے اور تقویٰ پر چلنے والوں کی صحبت میں وقت گزارنے کے بارے میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں کیا نصیحت فرمائی؟ ایک روایت میں آتا ہے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تم مومن کے سوا کسی اور کے ساتھ نہ بیٹھو اور متقی کے سوا کوئی اور تمہارا کھانا نہ کھائے۔

(سنن ابی داؤد کتاب الادب باب من یومر ان یجالس حدیث 4832)

انسان کا دنیا میں مختلف لوگوں سے رابطہ واسطہ رہتا ہے۔ انسان انہیں ملتا بھی ہے۔ غیر مسلموں کے ساتھ بھی اٹھنا بیٹھنا ہوتا ہے۔ یہ تو نہیں ہو سکتا کہ انسان غیر مومن کے ساتھ اٹھے بیٹھے ہی نہ۔ آپ کے ارشاد کا مطلب یہ ہے کہ تمہاری گہری دوستی، تمہارا زیادہ اٹھنا بیٹھنا، تمہارا اکثر وقت گزارنا، تمہاری مجالس زیادہ تر ایسے لوگوں کے ساتھ ہوں جو ایمان میں مضبوط ہوں اور تقویٰ پر چلنے والے ہوں تاکہ تم بھی نیکی اور تقویٰ میں آگے بڑھو۔

حضرت اقدس مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام فرماتے ہیں کہ

"اصلاحِ نفس کی ایک راہ اللہ تعالیٰ نے یہ بتائی ہے کہ كُوْنُوْا مَعَ الصّٰدِقِيْنَ۔ (التوبۃ 119) یعنی جو لوگ قولی، فعلی، عملی اور حالی رنگ میں سچائی پر قائم ہیں ان کے ساتھ رہو۔" (یعنی ان کی باتیں بھی سچائی پر مبنی ہوں۔ ان کے عمل بھی سچائی پر مبنی ہوں اور ان کی ہر حالت سے سچائی ظاہر ہوتی ہو۔ یعنی نیک لوگ ہوں۔) فرمایا کہ "اس سے پہلے فرمایا۔ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ۔ یعنی ایمان والو! تقویٰ اللہ اختیار کرو۔ اس سے یہ مراد ہے کہ پہلے ایمان ہو پھر سنّت کے طور پر بدی کی جگہ کو چھوڑ دے اور صادقوں کی صحبت میں رہے۔ صحبت کا بہت بڑا اثر ہوتا ہے جو اندر ہی اندر ہوتا چلا جاتا ہے"۔ فرمایا کہ "اگر کوئی شخص ہر روز کنجریوں کے ہاں جاتا ہے اور پھر کہتا ہے کہ کیا مَیں زنا کرتا ہوں؟" (مَیں زنا کرنے تو نہیں جاتا تو)" اس سے کہنا چاہیے کہ ہاں تو کرے گا۔ وہ ایک نہ ایک دن اس میں مبتلا ہو جاوے گا (کیونکہ بد صحبت کا بد اثر ہوتا ہے) کیونکہ صحبت میں تاثیر ہوتی ہے۔ اسی طرح پر جو شخص شراب خانہ میں جاتا ہے خواہ وہ کتنا ہی پرہیز کرے اور کہے کہ مَیں نہیں پیتا ہوں لیکن ایک دن آئے گا کہ وہ ضرور پیئے گا"۔

(ملفوظات جلد 6 صفحہ 247۔ ایڈیشن 1985ء مطبوعہ انگلستان)

پس ہمیشہ بری صحبت سے بچنے کی ضرورت ہے۔ عام دنیاوی کاروباروں میں تعلق واسطہ تو ہوتا ہے جیسا کہ میں نے کہا غیروں کے ساتھ تعلق ہے۔ لیکن ان تعلقات میں حدود قائم ہونی چاہئیں۔ یہ نہیں کہ ان کی فضول مجلسوں میں بھی انسان جانا شروع کر دے۔ بہت سی برائیاں ان فضول مجلسوں میں شامل ہونے سے ہوتی ہیں۔

بلکہ یہاں کے لوگ خود اس بات کا اظہار کرتے ہیں۔ ہماری بعض عورتوں سے اس بات کا انگریز عورتوں نے اظہار کیا کہ ہمارے خاوند اچھے بھلے شریف تھے لیکن بعض دوستوں کی وجہ سے ان میں برائیاں پیدا ہو گئیں اور فضول اور گندی مجلسوں میں جانا شروع ہو گئے۔ تو ان لوگوں کو بھی جو غیر مسلم ہیں ان کو بھی یہ احساس پیدا ہو رہا ہے۔ اس لئے ہمیں تو بہت زیادہ اس بات کی فکر کرنی چاہیے۔ اس چیز کو روکنے لئے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تمہارا بے دین

علیہ وسلم سے پوچھا کہ ہم کن لوگوں کی مجلسوں میں بیٹھیں ؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تم ان لوگوں کی مجلسوں میں بیٹھو جن کو دیکھ کر تمہیں خدا یاد آئے اور جن کی گفتگو سے تمہارا دینی علم بڑھے اور جن کا عمل تمہیں آخرت کی یاد دلائے۔

(کنز العمال جلد 9 صفحہ 77 حدیث 25582 کتاب الصحبۃ قسم الافعال مطبوعہ دار الکتب العلمیۃ بیروت 2004ء)

پس یہ ہے وہ رہنما اصول جو ایک مومن کو اپنی مجلس کے انتخاب کے وقت سامنے رکھنا چاہیے کہ ان مجالس کو پسند کرو جہاں خدا تعالیٰ کا ذکر ہو رہا ہو۔ اللہ تعالیٰ کے دین کی عظمت کی باتیں ہو رہی ہوں۔ جہاں دینی علم میں بھی اضافہ ہو رہا ہو۔ اور آجکل دینی علم میں اضافہ ہر احمدی کے لئے ضروری ہے۔ تبلیغ کے لئے، دعوت الی اللہ کے لئے، تربیت کے لئے یہ باتیں ضروری ہیں اور یہی باتیں آخرت کی بھی یاد دلاتی ہیں۔ انسان کو اسطرف متوجہ رکھتی ہیں کہ صرف دنیا کی چمک دمک ہی سب کچھ نہیں ہے۔ اس دنیا کی دولتیں اور آسائشیں ہی سب کچھ نہیں ہیں۔ بلکہ خدا تعالیٰ کی رضا ایک مومن کا اصل مقصود ہونا چاہیے۔

پہلی حدیث کی وضاحت ہو گئی کہ اگر صرف دنیا داروں کی مجالس ہیں تو یہ مجلسیں ایک مومن کو پسند نہیں ہونی چاہئیں۔ ایسی مجلس سے فوراً اٹھ کر آجانا چاہیے۔ اگر اس طرف ہماری توجہ ہو تو ہمارے بڑے بھی اور ہمارے نوجوان بھی بہت سی برائیوں سے بچ جائیں ۔ بہت سے فتنوں سے بچ جائیں۔

نوجوانوں کی بہت سی مجالس کی ایک دوسری طرز بھی ہے، قسم بھی ہے ۔ نوجوان خاص طور پر اس میں involve ہوتے ہیں جو fun کے نام پر ہوتی ہیں۔ غل غپاڑے کے لئے ہوتی ہیں۔ اور مغربی ماحول کے اثر کی وجہ سے ہمارے بعض نوجوانوں میں بھی یہ باتیں پیدا ہو گئی ہیں کہ ایسی مجلسوں میں شامل ہو جانا چاہیے ۔ ایک مومن نوجوان کو ہمیشہ یاد رکھنا چاہیے کہ اپنی زندگیوں کو اس قسم کی مجلسوں سے بچا کے رکھیں اور کچھ حدود ہیں ان کے اندر رہیں۔ جماعت میں بھی بعض دفعہ ایسے واقعات ہو جاتے ہیں کہ بری صحبتوں اور خراب مجلس کے زیرِ اثر ہمارے نوجوان نوجوانی میں قدم رکھتے ہی بعض ایسی حرکتیں کر جاتے ہیں جو دوسروں کو نقصان پہنچانے والی ہوتی ہیں۔ ہمسایوں کو نقصان پہنچا دیا۔ یا راہ چلتے راہگیر کو نقصان پہنچا دیا۔ یا کسی جگہ گئے تو ویسے ہی شرارتاً کسی کو نقصان پہنچا دیا۔ اور پھر اگر یہ پتا لگ جائے کہ جماعت کا فرد ہے تو پھر ایسے لوگ جماعت کی بھی بدنامی کا باعث بن جاتے ہیں۔

پس ماں باپ کو بھی اپنے بچوں کی مجالس اور صحبتوں پر نظر رکھنی چاہیے تاکہ ہمارے نوجوان، نوجوانی میں قدم رکھنے والے بچے بھی بری صحبتوں اور مجلسوں سے محفوظ رہیں۔ اور خود بھی گھروں میں ایسی پاک مجلسیں لگانی چاہئیں جو ہمیشہ تربیتی نقطۂ نظر سے بہترین ہوں۔

پھر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک موقع پر فرمایا کہ جب کوئی قوم مسجد میں کتاب اللہ کی تلاوت اور آپس میں درس و تدریس کے لئے بیٹھی ہو تو اللہ تعالیٰ ان پر سکینت نازل فرماتا ہے اور اللہ تعالیٰ کی رحمت انہیں ڈھانک لیتی ہے اور فرشتے انہیں اپنے جلو میں لے لیتے ہیں۔

(صحیح مسلم کتاب الذکر والدعاء۔۔۔ الخ باب فضل الاجتماع علی التلاوۃ القرآن وعلیٰ الذکر حدیث 6853)

اللہ تعالیٰ کا بڑا فضل ہے کہ جماعت کو ایسے مواقع میسّر آجاتے ہیں اور آتے رہتے ہیں۔ دنیا میں ہر جگہ ہی کئی جماعتیں جلسے بھی منعقد کرتی ہیں، اجتماع بھی منعقد ہوتے ہیں، ان میں ایسے پروگرام ہوتے ہیں جو تربیت کے لئے بھی ہوتے ہیں۔ علم بڑھانے کے لئے بھی ہوتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ کی یاد اور ذکر کے لئے بھی ہوتے ہیں۔

آج یہاں مثلاً لجنہ اماء اللہ کا اجتماع شروع ہو رہا ہے ۔ لجنہ کو بھی یاد رکھنا چاہیے کہ ان کے پروگراموں کا زیادہ حصہ دینی اور علمی مجالس ہونا چاہیے۔ اور شامل ہونے والی عورتیں بھی یاد رکھیں کہ وہ کسی میلے میں شامل ہونے کے لئے نہیں آئیں۔ اپنے اجتماع پر آنے کا

اندرونی اور بیرونی فتنہ سے بچائے اور ہمیشہ نیکی اور تقویٰ کی مجلس میں بیٹھنے اور اس کا حصہ بننے کی توفیق دے۔ نہ کہ گناہ، سر کشی، رسول کی نافرمانی اور تقویٰ سے دور کرنے والی مجالس کی۔

مجلس کی مختلف قسموں اور حالتوں کے بارے میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے بعض ارشادات بھی ہیں اور آپ کے غلامِ صادق حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کے بھی بعض ارشادات ہیں وہ بھی اِس وقت پیش کرتا ہوں۔ اس بات کو بیان فرماتے ہوئے کہ ایک مومن کی مجلس کیسی ہونی چاہیے اور اگر اس معیار کی مجلس نہ ہو جو ایک مومن کی شایانِ شان ہے تو پھر اس پر کیا ردّ عمل دکھانا چاہیے؟ حضرت اقدس مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام فرماتے ہیں کہ:

"ہمارا مذہب تو یہ ہے اور یہی مومن کا طریق ہونا چاہیے کہ بات کرے تو پوری کرے ورنہ چُپ رہے۔ جب دیکھو کہ کسی مجلس میں اللہ اور اُس کے رسول پر ہنسی ٹھٹھا ہو رہا ہے تو یا تو وہاں سے چلے جاؤ تا کہ ان میں سے نہ گنے جاؤ اور یا پھر پورا پورا کھول کر جواب دو۔ دو باتیں ہیں" (اس کے علاوہ کوئی نہیں۔ اگر ایک حقیقی مومن ہے تو "یا جواب یا چپ رہنا" (اور اٹھ کر چلے جانا۔) فرمایا کہ "یہ تیسرا طریق نفاق ہے کہ مجلس میں بیٹھنے رہنا اور ہاں میں ہاں ملائے جانا۔ دبی زبان سے اخفاء کے ساتھ اپنے عقیدہ کا اظہار کرنا"۔

(ملفوظات جلد10 صفحہ 130۔ ایڈیشن 1985ء مطبوعہ انگلستان)

مجلس میں بیٹھے بھی رہنا اور مداہنت دکھاتے ہوئے یا خوف سے ان لوگوں کی ہاں میں ہاں کہتے رہنا پھر دبی زبان میں کہہ بھی دینا کہ نہیں۔ تم یہ غلط کہہ رہے ہو۔ یہ بات اس طرح نہیں۔ اس طرح ہونی چاہیے۔ لیکن کھل کر بات کا اظہار نہ کرنا۔ فرمایا کہ یہ جو ہے نفاق ہے۔ یہ مومن کا طریقہ کار نہیں ہے۔ پس یہ ہے ایک مومن کا ردّ عمل ایسی مجلس میں جہاں دین پر ٹھٹھا ہو رہا ہو یا دین کے خلاف منصوبہ بندی ہو رہی ہو یا بڑے طریقے سے ایسی باتیں ہو رہی ہوں جو دل میں وسوسے پیدا کرنے والی ہوں۔ مومن کا ردّ عمل یہ ہے کہ کوئی بھی اللہ اور رسول یا اس کی قائم کردہ جماعت کے نظام کے خلاف بات سنو تو سختی سے ردّ کرو اور ان باتیں کرنے والے کو بتاؤ کہ اگر تمہارے خیال میں یہ سب باتیں صحیح ہیں تو خلیفۂ وقت اور نظام کو بتاؤ لیکن اس طرح باتیں کرنا جائز نہیں ہے۔ ایسی مجالس میں اگر انسان بیٹھا رہے اور دبی زبان میں ردّ کرے اور کھل کر نہ بولے تو حضرت مسیح موعود علیہ السلام نے فرمایا کہ یہ نفاق بن جاتا ہے اور اس سے ایک مومن کو بچنا چاہیے اور دین کے معاملے میں اور نظام کے معاملے میں کبھی بھی بے غیرتی نہیں دکھانی چاہیے۔ اور غیرت کا اظہار دو طرح سے ہے کہ یا تو کھل کر جواب دو یا اٹھ کر اس مجلس سے چلے جاؤ۔

یہی طریق اللہ تعالیٰ نے بھی فرمایا اور اس کی وضاحت آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے بھی فرمائی ہے۔ چنانچہ ایک روایت میں آتا ہے کہ ایک صحابی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے اور عرض کی کہ یا رسول اللہ! مجھے کوئی نصیحت کریں۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اللہ کا تقویٰ اختیار کرو اور جب تم کسی قوم کی مجلس میں جاؤ اور انہیں اپنے مزاج کی باتیں کرتے ہوئے پاؤ تو وہاں ٹھہرو۔ (یعنی نیکی کی باتیں اگر کر رہے ہیں اور غلط قسم کی باتیں نہیں کر رہے، فتنہ وفساد کی باتیں نہیں کر رہے تو وہاں ٹھہرو) اور اگر وہ ایسی باتوں میں مشغول ہوں جنہیں تم ناپسند کرتے ہو تو اس مجلس کو چھوڑ دیا کرو۔

(مسند احمد حنبل جلد6 صفحہ 368 حدیث 18927 مطبوعہ عالم الکتب بیروت 1998ء)

اس بات کی بھی آپ نے وضاحت فرمائی کہ کیسی مجلس ایک مومن کو ناپسند ہونی چاہیے۔ یہ تو نہیں کہ وہ اپنی ذاتی ناپسند کی باتیں نہیں کر رہے بلکہ ایسی ناپسند جو نظام اور جماعت کے متعلق باتیں ہیں۔ فرمایا کہ ایسی مجلس کو چھوڑ دو اور اس بارے میں جیسا کہ میں نے کہا کہ ناپسند کیسی ہونی چاہیے؟ ایک روایت میں آتا ہے حضرت عبداللہ بن عباسؓ بیان کرتے ہیں کہ ایک شخص نے آپ صلی اللہ

بڑھائیں وہاں جن کی ان غیر احمدی مسلمانوں تک پہنچ ہے اور تعلقات ہیں وہ جس حد تک اپنے دائرے میں، اپنے حلقے میں مسلمانوں کو سمجھا سکیں سمجھائیں کہ تمہاری یہ حالت نہ صرف تمہیں غیروں کی مکمل غلامی میں لے آئے گی بلکہ تم خدا تعالیٰ کی سزا کے بھی مورد بنو گے۔ جس دنیا کے پیچھے تم پڑے ہوئے ہو وہ بھی تمہارے ہاتھ سے جائے گی اور دین کو تم پہلے ہی چھوڑ بیٹھے ہو۔ پس اب وقت ہے کہ اللہ تعالیٰ کا خوف اور تقویٰ دلوں میں پیدا کرو ورنہ سب کچھ ہاتھ سے جاتا رہے گا۔

دنیاوی مشوروں کی مجالس میں ایک مجلس یو این او (UNO) کی بھی ہے۔ ابھی گزشتہ دنوں ہی اس کا ایک اجلاس ہوا۔ امریکہ کے صدر کی تقریر تھی۔ اس پر یہاں کے جو مغربی مضمون نگار ہیں، تجزیہ نگار ہیں انہوں نے بھی لکھا ہے کہ اس تقریر سے بجائے امن کے فساد اور فتنہ پیدا ہونے کا زیادہ امکان ہے۔ بلکہ یہ بھی انہوں نے کھل کے لکھ دیا کہ شاید اس تقریر سے سعودی عرب اور چند مسلمان ملک خوش ہوئے ہوں گے ورنہ یہ انتہائی مایوس کُن اور جنگ اور فتنہ کی آگ بھڑکانے والی تقریر ہے۔

پس مسلمان حکومتوں کو اللہ تعالیٰ کے حکموں کو دیکھنا چاہیے اور ہر قسم کے فتنہ وفساد سے بچنا چاہیے۔ بہر حال یہ تو عام مسلمان دنیا میں جو کچھ ہو رہا ہے اس کا ذکر کرتے ہوئے میں نے بات کی ہے۔ لیکن ہمیں اپنی حالتوں کا بھی جائزہ لیتے رہنا چاہیے۔ ہمیشہ یاد رکھنا چاہیے کہ شیطان کو کبھی برداشت نہیں ہو گا کہ وہ جماعت کو ترقی کرتا ہوا دیکھ سکے۔ شیطان نے اپنی فطرت کے مطابق ہمارے اندر بھی بے چینی پیدا کرنے اور پھوٹ ڈالنے کی کوشش کرتے رہنا ہے۔ پس وہ لوگ جو بعض دفعہ اکٹھے ہو کر بیٹھتے ہیں اور اپنے مقامی حلقے یا شہر کے نظام جماعت یا ملک کے نظام جماعت کے متعلق باتیں کرتے ہیں وہ لوگ اصل میں بعض دفعہ بلکہ حقیقت میں شیطان کے بہکاوے میں آجاتے ہیں۔ شیطان کا کام کیونکہ ہمدرد بن کر وار کرنا ہے اس لئے ایسی مجلسوں میں ایسے لوگ بھی شامل ہو جاتے ہیں جو حقیقت میں جماعتی نظام کے خلاف نہیں ہوتے بلکہ جماعت کے درد کو محسوس کرنے کی وجہ سے وہ سمجھتے ہیں کہ یہ فتنہ پیدا کرنے والا صحیح کہہ رہا ہے۔ وہ اُسے فتنہ پیدا کرنے والا تو نہیں سمجھتے لیکن یہ سمجھتے ہیں کہ اظہار خیال کرنے والا اور ہمدردی کے رنگ میں بات کرنے والا صحیح کہہ رہا ہے اور اصلاح کی ضرورت ہے۔ حالانکہ اگر اصلاح کی ضرورت ہے تو ملکی بالا نظام تک اور خلیفہ وقت تک بات پہنچائی جانی چاہیے اور اس کے بعد پھر اِدھر اُدھر مجلسیں لگا کر باتیں کرنا اور ایسے انداز میں باتیں کرنا جیسے بڑے راز کی باتیں کی جا رہی ہیں، بڑی اہم باتیں کی جا رہی ہیں اور جماعت کا بڑا درد رکھتے ہوئے باتیں کی جا رہی ہیں۔ یہ بالکل غلط طریقہ کار ہے اور یہ گناہ اور سرکشی اور رسول کی نافرمانی اور تقویٰ سے دُوری کی علامتیں ہیں۔ پس ایسی مجلسوں سے اللہ تعالیٰ نے مومنوں کو بھی ہوشیار کیا ہے کہ تم ان سے بچو۔

کسی عہدیدار کے خلاف شکایت ہے یا امیر کے خلاف شکایت ہے تو مرکز کو شکایت کریں۔ خلیفہ وقت تک پہنچا دیں۔ اس کے بعد پھر افراد جماعت کا کام ختم ہو جاتا ہے۔ اب یہ خلیفۂ وقت کا کام ہے کہ کس معاملے کو کس طرح دیکھنا ہے اور کس طرح حل کرنا ہے۔ ہاں دعا ہر ایک کو ضرور کرتے رہنا چاہیے۔ ہر احمدی کو درد کے ساتھ دعا کرنی چاہیے کہ اللہ تعالیٰ ہر قسم کی برائی کو جماعت میں سے نکالے اور جماعت کو تقویٰ پر چلنے والے اور کام کرنے والے ہمیشہ ملتے رہیں۔

پس اس اہم بات کو ہر ایک کو یاد رکھنا چاہیے۔ جوں جوں جماعت کو اللہ تعالیٰ ترقی دیتا جائے گا اور دے رہا ہے شیطان نے بھی اپنا کام کرنا ہے۔ شیطان نے تو پہلے دن سے ہی اللہ تعالیٰ کے سامنے اس بات کا اظہار کر دیا تھا اور اجازت لے لی تھی کہ وہ انسانوں کو، مومنوں کو بہکانے کا کام کرے گا۔ مخالفین احمدیت جہاں کھل کر جماعت کی مخالفت کے منصوبے بناتے ہیں اور بنائیں گے وہاں ہمدردی کے نام پر وہ سادہ لوگوں کو اور کمزور ایمان والوں کو بھی فتنہ پیدا کرنے کے لئے اپنا آلۂ کار بناتے ہیں اور بنانے کی کوشش کرتے ہیں۔ پس ہر احمدی کو اس سلسلہ میں ہوشیار رہنا چاہیے۔ اللہ تعالیٰ جماعت کو ہمیشہ ہر

شامل ہوں۔ غرض کہ ان مجالس کا مقصد صرف یہ ہوتا ہے کہ ہمارا جو کام بھی ہو، ہم جو بھی منصوبہ بندی کریں، مجلس کے جو بھی پروگرام ہوں ان کا مقصد اللہ تعالیٰ کی رضا حاصل کرنا ہو۔ ان میں لغویات سے پرہیز ہو۔ یہ ایسی مجالس ہیں جو اللہ تعالیٰ کو پسند ہیں اور ایسی مجالس کے نتائج اس دنیا میں بھی ظاہر ہوتے ہیں اور ایسی مجالس میں شامل ہونے والے کو اللہ تعالیٰ مرنے کے بعد بھی نوازتا ہے۔

پس ایک مومن کا کام ہے چاہے اس کے گھر کی مجلس ہے، بیوی بچوں کے ساتھ ہے یا گھر سے باہر کی مجالس ہیں، ان میں اس کی یہ کوشش رہے کہ ہم نے اللہ تعالیٰ کی رضا کو کس طرح حاصل کرنا ہے اور اپنی روحانیت کو کس طرح سنبھالنا اور بہتر کرنا ہے۔ اپنی اور مومنوں کی حالت کو کس طرح بہتر کرنا ہے۔ ایک مومن کی بظاہر دنیاوی مجلس بھی اللہ تعالیٰ کے ذکر سے خالی نہیں ہوتی۔ دنیاوی کاموں کو کرتے ہوئے بھی لغویات سے وہ پرہیز کرنے والا ہوتا ہے۔ دل اگر دنیاوی کاموں میں بھی مصروف ہے تو اللہ تعالیٰ کی یاد اور ذکر اسے نہیں بھولتا۔ مومن کی دنیاوی کاموں کی مجالس میں بھی دھوکہ اور دوسروں کے حقوق غصب کرنے کے لئے باتیں نہیں ہوتیں چاہے وہ دنیاوی کام کر رہا ہے۔ جیسا کہ آجکل کی سیاسی اور دنیاداروں کی مجالس میں باتیں ہوتی ہیں۔ بلکہ اللہ تعالیٰ کے خوف اور تقویٰ کو ہر وقت مدِّ نظر رکھا جاتا ہے اور یہی ایک مومن سے توقع رکھی جاتی ہے کہ ان باتوں کو ہر وقت مدِّ نظر رکھے۔ قرآن کریم میں بھی اللہ تعالیٰ نے مومنوں کو جو مجالس کے بارے میں ہدایت فرمائی ہے وہ یہی ہے کہ مومنوں کی مجالس سرکشی اور بغاوت سے پاک، گناہوں سے پاک، رسول کی نافرمانی سے بچنے والی اور تقویٰ پر چلنے والی ہونی چاہئیں۔ لیکن افسوس کے آجکل مسلمانوں کی اکثر مجالس اس کے بالکل خلاف ہیں اور مسلمان مسلمان کو تباہ کرنے کی کوششوں میں مصروف ہیں۔ منصوبہ بندی کرتے ہیں۔

اللہ تعالیٰ تو فرماتا ہے کہ

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِذَا تَنَاجَيْتُمْ فَلَا تَتَنَاجَوْا بِالْاِثْمِ وَالْعُدْوَانِ وَمَعْصِيَتِ الرَّسُوْلِ وَتَنَاجَوْا بِالْبِرِّ وَالتَّقْوٰى وَاتَّقُوا اللّٰهَ الَّذِيْٓ اِلَيْهِ تُحْشَرُوْنَ۔ (المجادلۃ:10)

کہ اے وہ لوگو جو ایمان لائے ہو جب تم باہم خفیہ مشورے کرو تو گناہ سرکشی اور رسول کی نافرمانی پر مبنی مشورے نہ کیا کرو۔ ہاں نیکی اور تقویٰ کے بارے میں مشورے کیا کرو۔ اور اللہ سے ڈرو جس کے حضور تم اکھٹے کئے جاؤ گے۔

لیکن جیسا کہ مَیں نے کہا مسلمان اللہ تعالیٰ کے اس فرمان کو بھول گئے ہیں۔ آپس کی پھوٹ نے انتہا کی ہوئی ہے۔ اللہ تعالیٰ نے تو مومن کی نشانی یہ بتائی کہ رُحَمَآءُ بَيْنَهُمْ (الفتح:30) کہ آپس میں محبت اور الفت کرنے والے ہیں۔ لیکن یہاں تو ہمیں وہ حال نظر آتا ہے جو کافروں والا نظارہ اللہ تعالیٰ نے کھینچا ہے جن کے بارے میں فرمایا کہ قُلُوْبُهُمْ شَتّٰى (الحشر:15) کہ ان کے دل پھٹے ہوئے ہیں۔ مشورے ہیں آپس میں بھی اور غیروں کے ساتھ خفیہ معاہدوں کی صورت میں بھی تو اللہ اور اس کے رسول کی نافرمانی کرتے ہوئے اور تقویٰ سے دور۔ اللہ تعالیٰ کا خوف بالکل نہیں رہا۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ اللہ سے ڈرو جس کے حضور تم اکھٹے کئے جاؤ گے۔ وہاں حکومتیں اور بادشاہتیں اور دولتیں اور مغربی طاقتوں کی آشیر باد کام نہیں آئے گی۔ کوئی بڑی طاقت وہاں اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول کے حکموں کی نافرمانیوں اور تقویٰ سے دُور ہٹنے کی سزا سے نہیں بچا سکے گی۔

اصل میں تو مسلمان کہلا کر پھر دنیا کو اپنا مقصود بنانے والوں اور اس کے پیچھے دوڑنے والوں کی جو حالت ہے یہ اس بات کا عملی اظہار ہے کہ خدا تعالیٰ کی ذات پر ایمان اور یقین ختم ہو گیا ہے ورنہ اگر ذرا سا بھی اللہ تعالیٰ کی ذات پر ایمان اور یقین ہوتا تو نہ مسلمان سیاستدانوں اور لیڈروں کی یہ حالت ہوتی جو آج ہے اور نہ ہی نام نہاد علماء کی یہ حالت ہوتی جو آج ہمیں نظر آتی ہے۔ بہر حال اس زمانے میں ہمارا بھی یہ فرض بنتا ہے کہ ہم ایسی تمام تر سوچوں سے جہاں اپنے آپ کو پاک کریں اور اللہ تعالیٰ کے خوف اور تقویٰ کو اپنے اپنے اندر



مجلس کی مختلف قِسموں اور حالتوں کے بارے میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم اور آپ کے غلام صادق حضرت مسیح موعود علیہ السلام کے نہایت اہم اور زرّیں ارشادات کے حوالہ سے افراد جماعت کو نصائح

ماں باپ کو بھی اپنے بچوں کی مجالس اور صحبتوں پر نظر رکھنی چاہیے تا کہ ہمارے نوجوان، نوجوانی میں قدم رکھنے والے بچے بھی بُری صحبتوں اور مجلسوں سے محفوظ رہیں۔ اور خود بھی گھروں میں ایسی پاک مجلسیں لگانی چاہئیں جو ہمیشہ تربیتی نکتۂ نظر سے بہترین ہوں۔

مستقل دینی مجلسیں لگائیں۔ باقاعدہ پروگرام نہیں بھی ہو رہا تب بھی اپنی مجالس میں اِدھر اُدھر کی باتیں کرنے اور فضول گفتگو کرنے کے تعمیری گفتگو کریں اور لغو باتوں سے ہمیشہ پرہیز کریں اور اپنا وقت اس سے ضائع ہونے سے بچائیں۔

خطبہ جمعہ سیدنا امیر المومنین حضرت مرزا مسرور احمد خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ بنصرہ العزیز فرمودہ مورخہ 22 ستمبر 2017ء بمطابق 22 تبوک 1396 ہجری شمسی بمقام مسجد بیت الفتوح، مورڈن، لندن، یوکے۔

تشہد اور تعوذ کے بعد حضور اقدس نے فرمایا۔۔۔۔

دنیا میں مجلسوں کی بہت سی قسمیں ہیں یا مختلف مجالس کے مختلف مقاصد ہوتے ہیں۔ بعض مجالس مشوروں کے لئے ہوتی ہیں جن میں دنیاوی مقاصد کے حصول کے لئے مشورے ہوتے ہیں۔ چاہے وہ حکومت چلانے کے لئے مشورے ہوں یا سیاستدانوں کی مجلسوں کے مشورے ہوں یا کاروبار کرنے والوں کی مجلسیں ہوں۔ یا پھر کھیل کود اور تفریح کی باتیں ہوں اس کے لئے تفریحی مجلسیں ہوتی ہیں۔ ان کے لئے کمیٹیاں بنتی ہیں۔ تفریح کے پروگراموں کو بنانے کے لئے بھی لوگ مل کر بیٹھتے ہیں، سوچتے ہیں۔ یا پھر نام نہاد علمی مجالس کے لئے بعض مجلسیں ہوتی ہیں۔ غرض کہ یہ سب قسم کی مجالس اور کمیٹیاں اور مل کر بیٹھنا دنیاوی کاموں کے لئے ہوتا ہے اور خدا کے لئے یا خدا تعالیٰ کی رضا کے لئے یا خدا تعالیٰ کا قرب پانے کے لئے مجالس نہیں ہوتیں۔ اگر لوگوں کی بہتری کے لئے بھی کوئی مجلس لگتی ہے، کوئی باتیں سوچی جاتی ہیں تو وہ بھی دنیاوی اغراض کے لئے ہیں۔ خدا تعالیٰ کی خوشنودی اس میں بھی مقصود نہیں ہوتی۔ لیکن بعض ایسی مجالس بھی ہوتی ہیں جو دینی اغراض کے لئے ہوں، جو اللہ تعالیٰ کے ذکر کو بلند کرنے کے لئے ہوں، انسانوں کو اللہ تعالیٰ کے قریب لانے کے منصوبے سوچنے سے متعلق ہوں یا روحانیت میں ترقی کرنے کے ذرائع تلاش کرنے کے لئے ہوں۔ یا ان مجالس میں شامل ہونے والے اللہ تعالیٰ کی رضا حاصل کرنے کے لئے اس میں

نَماز

مُنکر و فَحشا سے انساں کو بچاتی ہے نماز
رحمتیں اور برکتیں ہمراہ لاتی ہے نماز

اِبتدا سے اِنتہا تک ہے سراسر یہ دُعا
آدمی کو حق تعالیٰ سے مِلاتی ہے نماز

ذِکر و شکر اللہ کا ہے۔ مومن کا ہے معراج یہ
پنج وقتہ وصل کے ساغر پِلاتی ہے نماز

قصرِ جاناں سے اذاں کی جونہی آتی ہے نِدا
عاشِقوں کو یار کی چوکھٹ پہ لاتی ہے نماز

جُھک گئے ہیں' دست بستہ ہیں' جبیں ہے خاک پر
عاجِزی کس کس طرح اُن سے کراتی ہے نماز

ہے توجہ اور تَضَرُّع اور تَبَتُّل اور خُشوع
رنگ کیا کیا طالِبِ حق پر چڑھاتی ہے نماز

ایک ہی صف میں کھڑے ہوتے ہیں محمودؔ و ایازؔ
یہ سُلوک اور یہ مُساواتیں سکھاتی ہے نماز

پاکبازی اور طہارت وقت کی پابندیاں
قدر دانوں کو سبق ایسے پڑھاتی ہے نماز

ہے ذریعہ روز شب آپس میں ملنے کا عجیب
اِتحادُ المسلمین از بَر کراتی ہے نماز

امتیازِ کافر و مُسلم یہی اک چیز ہے
کون نوری؟ کون ناری؟ یہ بتاتی ہے نماز

ہر عبادت ختم ہو جاتی ہے دنیا میں یہیں
اہلِ جنّت کے لئے پرواں بھی جاتی ہے نماز

جو نمازوں میں دعا ہو۔ ہے اَجابَت کے قریب
اُس دعا کو تو نِشانہ پر بِٹھاتی ہے نماز

دِل نمازی کا گرفتارِ گُنہ کیونکر ہو جب
اُس میں ہر دم یادِ مولیٰ کی رَچاتی ہے نماز

رِقّتِ دِل چونکہ پنہاں اس کے اَرکانوں میں ہے
کیسی کیسی گریہ و زاری کراتی ہے نماز

حشر کے دن سب سے پہلے آئے گی میزان پر
دیکھنا پھر کس طرح سے بخشواتی ہے نماز

ہے صفائے جسم بھی اور جِلائے رُوح بھی
جان و تن کی مَیل ہر لحظہ چُھٹاتی ہے نماز

حضرتِ باری کو "پہلے آسماں" پر ہر سَحَر
عرش سے وقتِ تہجد کھینچ لاتی ہے نماز

رُوح جب ہوتی ہے حاضر پیشِ رَبُّ العالَمیں
کیسی کیسی پھر مُناجاتیں سکھاتی ہے نماز

عید گاہ میں' عید کے دن، دِل پہ غیر اَقوام کے
اِمپریشن اپنا کیا اچھا بِٹھاتی ہے نماز

زندگی ہے۔ نَخلِ ایماں کی یہی آبِ حیات
مَوت ہے، ضائع اگر کوئی بھی جاتی ہے نماز

اے خدا ہم کو عطا کر اور ہماری نَسل کو
نعمتیں اور بخششیں جو جو بھی لاتی ہے نماز

کہ اَب میں اپنی طرف سے کچھ مزید وقت حاضر ہونا چاہتا ہوں۔

ساتواں درجہ:

ساتواں درجہ ایمان کا یہ ہے کہ انسان نہ صرف پانچوں نمازیں اور نوافل ادا کرے بلکہ رات کو بھی تہجد کی نماز پڑھے۔

یہ وہ سات درجات ہیں جن سے نماز مکمل ہوتی ہے۔ اور اِن درجات کو حاصل کرنے والے وہ لوگ ہوتے ہیں جن کے متعلق حدیث میں آیا ہے کہ خدا تعالیٰ رات کے وقت عرش سے اترتا ہے۔ اور اس کے فرشتے پکارتے ہیں کہ اے میرے بندو خدا تمہیں ملنے کے لیے آیا ہے۔ اٹھو اور اس سے مل لو۔

پس اِن سات درجوں کا پورا کرنا ہر شخص کے لئے ضروری ہے۔ ہر شخص کا فرض ہے کہ وہ نماز کا پابند ہو، ہر شخص کا فرض ہے کہ وہ با جماعت نماز ادا کیا کرے۔ ہر شخص کا فرض ہے کہ وہ نماز کو سوچ سمجھ کر اور ترجمہ سیکھ کر ادا کرے۔ ہر شخص کا فرض ہے کہ وہ علاوہ فرضی نمازوں کے رات اور دِن کے اوقات میں نوافل بھی پڑھا کرے۔ ہر شخص کا فرض ہے کہ وہ نماز کے اندر محوئیت پیدا کرے اور اتنی محوئیت پیدا کرے کہ رسولِ کریم ﷺ کے قول کے مطابق یا تو وہ خدا تعالیٰ کو دیکھ رہا ہو۔ یا اپنے دِل میں یقین رکھتا ہو کہ خدا تعالیٰ اسے دیکھ رہا ہے۔ پھر ہر شخص کو چاہئے کہ وہ فرائض اور نوافل اِس التزام اور باقاعدگی سے ادا کرے اس کی راتیں بھی دن بن جائیں۔ اِسطرح تہجد کی مناجات سے زیادہ سے زیادہ فائدہ اٹھانے کی کوشش کرے۔ جب تک کوئی شخص اپنی نمازوں کی اِس رنگ میں حفاظت نہیں کرتا اُس وقت تک اس کا یہ امید کرنا کہ وہ خدا تعالیٰ کو راضی کر لے گا ایک وہم سے زیادہ کچھ حقیقت نہیں رکھتا۔

تفسیرِ کبیر حصہ ۶ صفحہ ۱۳۶۔۱۳۵

خود آپؑ کو اپنی دعاؤں میں جوش حاصل تھا چنانچہ فرماتے ہیں: ”خدا نے مجھے دعاؤں میں وہ جوش دیا ہے جیسے سمندر میں ایک جوش ہوتا ہے۔“ (ملفوظات جلد ۳ صفحہ ۱۲۷)

6 دسمبر 1902ء حضرت مسیح موعود علیہ السلام فرماتے ہیں:

”رات کو میری ایسی حالت تھی کہ اگر خدا کی وحی نہ ہوتی تو میرے اس خیال میں کوئی شک نہ تھا کہ میرا آخری وقت ہے۔ اسی حالت میں میری آنکھ لگ گئی تو کیا دیکھتا ہوں کہ ایک جگہ پر مَیں ہوں اور وہ کُوچہ میرا سربستہ سا معلوم ہوتا ہے کہ تین بھینسے آئے ہیں۔ ایک اُن میں سے میری طرف آیا تو مَیں نے اُسے مار کر ہٹا دیا۔ پھر دوسرا آیا تو اُسے بھی ہٹا دیا اور پھر تیسرا آیا وہ ایسا پُرزور معلوم ہوتا تھا کہ مَیں نے خیال کیا کہ اَب اِس سے مَفر نہیں۔ خدا تعالیٰ کی قدرت کے مجھے اندیشہ ہوا تو اُس نے اپنا مُنہ ایک طرف پھیر لیا۔ مَیں نے اُس وقت یہ غنیمت سمجھا کہ اس کے ساتھ رگڑ کر نکل جاؤں۔ مَیں وہاں سے بھاگا اور بھاگتے ہوئے خیال آیا کہ وہ بھی میرے پیچھے بھاگے گا مگر مَیں نے پھر نہ دیکھا۔ اُس وقت خواب میں خدا تعالیٰ کی طرف سے میرے دل پر مندرجہ ذیل دُعا القا کی گئی۔

رَبِّ كُلُّ شَيْءٍ خَادِمُكَ رَبِّ فَاحْفَظْنِيْ وَانْصُرْنِيْ وَارْحَمْنِيْ

اور میرے دل میں ڈالا گیا کہ یہ اسمِ اعظم ہے اور یہ وہ کلمات ہیں کہ جو اسے پڑھے گا ہر ایک آفت سے اُسے نجات ہوگی۔

فرمایا:

”یہ دُعا ایک حرز اور تعویذ ہے۔ مَیں اس دُعا کو اب التزاماً ہر نماز میں پڑھا کروں گا۔ آپ بھی پڑھا کریں۔ اس میں بڑی بات جو سچّی توحید سکھاتی یعنی اللہ جلّ شانہٗ کو ہی ضارّ اور نافع یقین دلاتی ہے، یہ ہے کہ اس میں سکھایا گیا ہے کہ ہر شے تیری خادم ہے یعنی کوئی مُوذی اور مُضرّ شے تیرے ارادے اور اِذن کے بغیر کچھ بھی نقصان نہیں کر سکتی۔“

(تذکرہ: ص: 363، 364)

نماز کے سات درجات

از تفسیر کبیر

وَالَّذِيْنَ هُمْ عَلٰى صَلَوٰتِهِمْ يُحَافِظُوْنَ ○ (23:10)

ترجمہ: اور جو لوگ اپنی نمازوں کی حفاظت کرتے رہتے ہیں۔

مگر یہ بات یاد رکھنی چاہئے کہ نماز کی پابندی کئی رنگ کی ہوتی ہے۔

پہلا درجہ:

سب سے پہلا درجہ جس سے اتر کر کوئی دوسرا درجہ نہیں یہ ہے کہ **انسان بلالتزام پانچوں وقت کی نمازیں پڑھے۔** جو مسلمان پانچ وقت کی نمازیں پڑھتا ہے اور اس میں کبھی ناغہ نہیں کرتا وہ ایمان کا سب سے چھوٹا درجہ حاصل کرتا ہے۔

دوسرا درجہ:

دوسرا درجہ نماز کا یہ ہے کہ **پانچوں نمازیں وقت پر ادا کی جائیں** جب کوئی مسلمان پانچوں نمازیں وقت پر ادا کرتا ہے تو وہ ایمان کی دوسری سیڑھی پر قدم رکھ لیتا ہے۔

تیسرا درجہ:

تیسرا درجہ یہ ہے کہ **نماز باجماعت ادا کی جائے**، باجماعت نماز کی ادائیگی سے انسان ایمان کی تیسری سیڑھی پر چڑھ جاتا ہے۔

چوتھا درجہ:

چوتھا درجہ یہ ہے کہ **انسان نماز کے مطالب کو سمجھ کر ادا کرے۔** جو شخص ترجمہ نہیں جانتا وہ ترجمہ سیکھ کر نماز پڑھے اور جو ترجمہ جانتا ہو وہ ٹھہر ٹھہر کر نماز کو ادا کرے۔ یہاں تک کے وہ سمجھ لے کہ میں نے نماز کو کماحقہٗ ادا کیا ہے۔

پانچواں درجہ:

پانچواں درجہ نماز کا یہ ہے کہ **انسان نماز میں پوری محوئیت حاصل کرے۔** اور جس طرح غوطہ زن سمندر میں غوطہ لگاتے ہیں اسی طرح وہ بھی نماز کے اندر غوطہ مارے۔ یہاں تک کہ وہ دو میں سے ایک مقام حاصل کرلے۔ یا تو یہ کہ وہ خدا کو دیکھ رہا ہو اور یا یہ کہ اس یقین کے ساتھ نماز پڑھ رہا ہو کہ خدا تعالیٰ اسے دیکھ رہا ہے اس مئوخر الذکر حالت کی مثال ایسی ہی ہے جیسا کہ کوئی اندھا بچہ اپنی ماں کی گود میں بیٹھا ہو۔ اپنی ماں کی گود میں بیٹھے ہوئے اس بیٹے کو بھی تسلی ہوتی ہے جو بینا ہو اور اپنی ماں کو دیکھ رہا ہو مگر ماں کی گود میں بیٹھے ہوئے اس بیٹے کو بھی تسلی ہوتی ہے جو نابینا ہو۔ اس خیال سے کہ گو وہ اپنی نابینائی کی وجہ سے ماں کو نہیں دیکھ رہا مگر اس کی ماں اسے دیکھ رہی ہے۔ رسولِ کریم ﷺ فرماتے ہیں کہ نماز پڑھتے وقت بندے کو اِن دو میں سے ایک مقام ضرور حاصل ہونا چاہیئے۔ یا تو یہ کہ وہ خدا کو دیکھ رہا ہو، اور یا یہ کہ اِس کا دِل اِس یقین سے لبریز ہو کہ خدا تعالیٰ اسے دیکھ رہا ہے۔ یہ ایمان کا پانچواں مقام ہے اور اِس مقام پر بندے کے فرائض پورے ہو جاتے ہیں۔ مگر جِس بامِ رفعت پر اسے پہنچنا چاہیئے اس پر ابھی نہیں پہنچتا۔

چھٹا درجہ:

اِس کے بعد چھٹا درجہ ایمان کا یہ ہے کہ نوافل پڑھے جائیں، یہ نوافل پڑھنے والا گویا خدا تعالیٰ کے حضور یہ ظاہر کرتا ہے کہ میں نے فرائض کو تو ادا کر دیا ہے مگر اِن فرائض سے میری تسلی نہیں ہوئی اور وہ کہتا ہے۔ اے خدا میں یہ چاہتا ہوں کہ میں اِن فرائض کے اوقات کے علاوہ بھی تیرے دربار میں حاضر ہوا کروں۔ جیسے کئی لوگ جب کسی بزرگ کی ملاقات کے لئے جاتے ہیں تو وہ مقررہ وقت گزر جانے پر کہتے ہیں کہ دو منٹ اور دیجئے۔ اور مزید اِن دو منٹوں میں لذت محسوس کرتے ہیں۔ اِسی طرح ایک مومن جب فرائض کی ادائیگی کے بعد نوافل پڑھتا ہے تو وہ خدا تعالیٰ سے کہتا ہے

حقیقی نماز

صباوحید صاحبہ ایسٹ جماعت

خدا تعالیٰ نے انسان کو پیدا فرمایا ہے اور اسے اشرف المخلوقات کا درجہ دیا ہے۔ انسان کی پیدائش کا مقصد اس آیت سے عیاں ہو جاتا ہے۔

وَمَا خَلَقْتُ الْجِنَّ وَالْإِنْسَ إِلَّا لِيَعْبُدُونِ ○

(الذاریات:۵۷)

ترجمہ: میں نے جن وانس کو اس لیے پیدا کیا کہ وہ میری پرستش کریں۔

عبادات میں سب سے افضل عبادت نماز ہے۔ نماز ہی وہ شے ہے جس سے انسان کی دین و دنیا سنور جاتی ہے نماز دراصل انسان کا اپنے رب سے تعلق ہے اور اس تعلق میں روح کی شمولیت ضروری ہے۔ نماز اگر نفسانی جذبات سے پاک نہیں تو وہ نماز نہیں وہ تو صرف دکھاوے کی ٹکریں ہیں۔ حقیقی اور سچی نماز وہی ہے جس میں لذت ہو۔ جیسا کہ حضرت مسیح موعودؑ نے فرمایا کہ

''نماز اس وقت حقیقی نماز کہلاتی ہے جب کہ اللہ تعالیٰ سے سچا اور پاک تعلق ہو اور اللہ تعالیٰ کی رضا اور اطاعت میں اس حد تک فنا ہو اور یہاں تک دین کو دنیا پر مقدم کرے کہ خدا تعالیٰ کی راہ میں جان تک دے دینے اور مرنے کیلئے تیار ہو جائے۔ جب یہ حالت انسان میں پیدا ہو جائے اسوقت کہا جائے گا کہ اس کی نماز نماز ہے۔''

(ملفوظات جلد سوم ۵۰۱)

''یاد رکھو یہ نماز ایسی شے ہے کہ اس سے دنیا بھی سنور جاتی ہے اور دین بھی۔ لیکن اکثر لوگ جو نماز پڑھتے ہیں تو وہ نماز ان پر لعنت بھیجتی ہے جیسا کہ فرمایا! اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:

''فَوَيْلٌ لِّلْمُصَلِّينَ ○ الَّذِينَ هُمْ عَن صَلَاتِهِمْ سَاهُونَ ○

(الماعون ۶،۵)

یعنی لعنت ہے ان نمازیوں پر جو نماز کی حقیقت سے ہی بے خبر ہوتے ہیں۔

(ملفوظات جلد پنجم ص ۴۰۳)

نماز بے حیائی اور برائی سے روکتی ہے۔ نماز کی ادائیگی کے بعد بھی اگر بد چلنی اور ریاکاری ختم نہ ہو تو وہ نماز سچی نماز نہیں۔ صحابہ کرام نے اسی نماز کے طفیل روحانی فضائل حاصل کئے ہماری نمازوں میں اگر صدق و وفا شامل ہو جائے تو ہم بھی خدا کے فضائل و برکات حاصل کر سکتے ہیں۔

''حقیقی نماز وہ ہے جس سے انسان کا دل گداز ہو جائے حدیث میں ہے کہ ''نوحؑ کے وقت میں نماز ہوتی تو وہ قوم کبھی تباہ نہ ہوتی''۔

حضرت مسیح موعودؑ حقیقی نماز کے فوائد بیان کرتے ہوئے فرماتے ہیں کہ ''یاد رکھو اگر ٹکروں والی نماز ہزار برس بھی پڑھی جاوے تو ہرگز فائدہ نہ ہو گا نماز ایسی شے ہے جس سے آسمان انسان پر گویا جھک پڑتا ہے نماز کا حق ادا کرنے والا یہ خیال کرتا ہے کہ میں مر گیا اور اس کی روح گداز ہو کر خدا کے آستانے پر گر پڑی ہے اگر طبیعت میں قبض اور بدمزگی ہو تو اس کے لئے بھی دعا ہی کرنی چاہیے کہ الٰہی تو ہی اسے دور کر اور لذت اور نور نازل فرما۔ جس گھر میں ایسی نماز ہو گی وہ گھر کبھی تباہ نہ ہو گا۔''

(ملفوظات جلد سوم ص ۶۲۷)

حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز فرماتے ہیں ''کہ نماز ایک ایسی بنیادی شے ہے جس کے بغیر مومن مومن نہیں کہلا سکتا اور پھر یہ کہ نماز پڑھنی اسطرح ہے سنوار کر ادا کرنی ہے۔ نماز کو جلدی جلدی اس لئے ادا نہیں کرنا کہ میں نے اس کے بعد دنیاوی جھمیلوں کو نمٹانا ہے نماز سنوار کر پڑھنے میں بہت سے لوازمات ہیں۔''

(خطبات مسرور جلد نمبر ۴ صفحہ نمبر ۱۸۶)

اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ وہ ہم سب کو نماز کی حقیقت کو سمجھنے اور اسے صحیح معنوں میں ادا کرنے کی توفیق عطا فرمائے اور ہمیں اور ہماری نسلوں کو حقیقی نماز کی لذت کا دائمی وارث بنائے (آمین)

منکر و فحشا سے انسان کو بچاتی ہے نماز
رحمتیں اور برکتیں ہمراہ لاتی ہے نماز

اسباب سے ترقی فرماتا ہے جو انسان کے اندازہ سے بالا ہوتے ہیں چنانچہ جو لوگ زکوٰۃ کے فریضہ کو باقاعدہ ادا کرتے ہیں وہ اس بات کے شاہد ہیں کہ زکوٰۃ دینے سے اموال میں ترقی ہوتی ہے۔ تیسرا یہ کہ جب انسان دیکھتا ہے کہ اگر میرا مال جیسا ہے ویسا ہی پڑا رہا تو زکوٰۃ دے دے کر ختم ہو جائے گا اس لئے وہ اپنے مال کو بڑھانے کے ذرائع تلاش کرتا ہے اور اس طرح زکوٰۃ مال کو بڑھانے کی محرک ہوتی ہے۔

زکوٰۃ کے دوسرے معنی پاک کرنے کے ہیں یعنی انسانی نفس میں دنیا کی محبت کا جو میل ہوتا ہے وہ زکوٰۃ دینے سے دُھل جاتا ہے اسی طرح زکوٰۃ سے مال بھی پاک ہوتا ہے کیونکہ جب کوئی امیر مال جمع کرے تو زکوٰۃ ادا کرنے سے غرباء کا حق بھی ادا ہو جاتا ہے۔ اسی لئے رسول اللہؐ نے فرمایا کہ اگر کسی کے مال میں زکوٰۃ شامل رہے تو ضرور وہ مال ضائع ہو جائے گا یعنی جس مال میں زکوٰۃ ملی رہے اور ادا نہ کی جائے تو وہ نقصان کرتی ہے پس زکوٰۃ دینے سے مال صاف اور پاک ہو جاتا ہے۔ ان دونوں معانی کے لحاظ سے زکوٰۃ کیسی مفید اور بابرکت چیز ثابت ہوتی ہے زکوٰۃ ادا کرنے سے مال بڑھتا ہے اور انسانی نفس کو پاکیزگی حاصل ہوتی ہے۔

قرآن مجید میں آنحضورؐ کے متعلق آتا ہے کہ

خُذْ مِنْ اَمْوَالِهِمْ صَدَقَةً تُطَهِّرُهُمْ وَتُزَكِّيْهِمْ

یعنی تو ان سے صدقہ (زکوٰۃ) لے اور انہیں پاک کر۔"

(سورۃ التوبہ 103)

زکوٰۃ کی اہمیت:

حضرت ابو ہریرہؓ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہؐ نے فرمایا:

جس کو اللہ نے مال دیا اور اس نے زکوٰۃ ادا نہ کی تو قیامت کے دن وہ مال اس گنجے سانپ کی شکل میں آئے گا جس کی آنکھوں پر اُبھرے ہوئے داغ ہوتے ہیں وہ اسکے گلے کا ہار ہو گا اِس کی باچھیں پکڑے گا اور کہے گا میں تیرا مال ہوں۔ میں تیرا خزانہ ہوں۔

(صحیح بخاری کتاب الزکوۃ باب اثم مانع الزکوۃ حدیث نمبر 1315)

زکوٰۃ کی اہمیت کا اندازہ اس امر سے ہی لگایا جاسکتا ہے کہ جب آنحضورؐ کے وصال کے بعد سرزمین عرب میں ہر طرف فتنے سر اُٹھانے لگے جن سے اسلامی ریاست کو نازک ترین صورت حال اور بحران کا سامنا کرنا پڑا۔ اپنی سنگینی کے اعتبار سے سب سے بڑا چیلنج منکرین زکوٰۃ کا تھا اسلامی تاریخ کے اس انتہائی نازک دور میں حضرت ابو بکر صدیقؓ نے کمال جرأت ایمانی سے اور صحابہؓ کے مشوروں سے اس بات کا اعلان کیا کہ جو کوئی نماز اور زکوٰۃ میں کسی قسم کی تفریق اور امتیاز روا رکھے گا میں اس کے خلاف جہاد کروں گا۔ چنانچہ امیر المومنین حضرت ابو بکر صدیقؓ اس وقت تک اپنی بات پہ قائم رہے جب تک منکرین زکوٰۃ کی برپا کی ہوئی شورش پوری طرح فرو نہ ہو گئی۔

زکوٰۃ دین کے بنیادی ارکان میں سے ایک رکن ہے اور حسب شرائط اس کی ادائیگی فرض ہے۔ حضرت مسیح موعودؑ اس بارہ میں فرماتے ہیں:

"سو اے وے تمام لوگو! جو اپنے تئیں میری جماعت شمار کرتے ہو آسمان پر تم اس وقت میری جماعت شمار کئے جاؤ گے جب سچ مچ تقویٰ کی راہوں پر قدم مارو گے۔ سو اپنی پنجوقتہ نمازوں کو ایسے خوف اور حضور سے ادا کرو کہ گویا تم خدا تعالیٰ کو دیکھتے ہو اور اپنے روزوں کو خدا کیلئے صدق کے ساتھ پورے کرو۔ ہر ایک جو زکوٰۃ کے لائق ہے وہ زکوٰۃ دے۔" (کشتی نوح۔ روحانی خزائن جلد 19 ص 15)

پھر حضورؑ فرماتے ہیں:

چاہئے کہ زکوٰۃ دینے والا اسی جگہ اپنی زکوٰۃ بھیجے اور ہر ایک شخص فضولیوں سے اپنے تئیں بچاوے اور اس راہ میں وہ روپیہ لگاوے بہر حال صدق دکھاوے تا فضل اور روح القدس کا انعام پاوے کیونکہ یہ انعام ان لوگوں کیلئے تیار ہے جو اس سلسلہ میں داخل ہوئے ہیں۔ (کشتی نوح روحانی خزائن جلد 19 ص 83)

اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ ہم سب کو پانچ وقت کا نمازی اور زکوٰۃ ادا کرنے والا بنائے اور قرآن کی تعلیمات پر عمل پیرا ہونے کی توفیق عطا فرمائے۔ (آمین ثم آمین)

فرمایا کہ دیکھو جب نماز نہیں تو ہے ہی کیا؟ وہ دین ہی نہیں جس میں نماز نہیں۔ (ملفوظات جلد نمبر3 صفحہ 188)

جس طرح بہت دھوپ کے ساتھ آسمان پر بادل جمع ہو جاتے ہیں اور بارش کا وقت آجاتا ہے ایسا ہی انسان کی دعائیں ایک حرارت ایمانی پیدا کرتی ہیں اور پھر کام بن جاتا ہے نماز وہ ہے جس میں سوزش اور گزارش کے ساتھ اور آداب کے ساتھ انسان خدا کے حضور میں کھڑا ہوتا ہے جب انسان بندہ ہو کر لاپرواہی کرتا ہے تو خدا کی ذات بھی غنی ہے ہر ایک امت اس وقت تک قائم رہتی ہے جب تک اس میں توجہ الی اللہ قائم رہتی ہے۔ ایمان کی جڑ بھی نماز ہے بعض بیوقوف کہتے ہیں کہ خدا کو ہماری نمازوں کی کیا حاجت ہے۔ اے نادانو! خدا کو حاجت نہیں مگر تم کو تو حاجت ہے کہ خدا تعالیٰ تمہاری طرف توجہ کرلے خدا کی توجہ سے بگڑے ہوئے کام سب درست ہو جاتے ہیں نماز ہزاروں خطاؤں کو دور کر دیتی ہے اور ذریعہ حصولِ قرب الٰہی ہے۔" (ملفوظات جلد چہارم ص292)

حضرت مسیح موعود اپنی تصنیف لطیف کشتی نوح میں فرماتے ہیں:

(اللہ تعالیٰ) قرآن مجید میں فرماتا ہے:

وَاسْتَعِيْنُوْا بِالصَّبْرِ وَالصَّلٰوةِ۔ (سورۃ البقرہ:46)

یعنی نماز اور صبر کے ساتھ خدا سے مدد چاہو۔ نماز کیا چیز ہے وہ دُعا ہے جو تسبیح، تحمید، تقدیس اور استغفار اور درود کے ساتھ تضرع سے مانگی جاتی ہے سو جب نماز پڑھو تو بے خبر لوگوں کی طرح اپنی دعاؤں میں صرف عربی الفاظ کے پابند نہ رہو کیونکہ ان کی نماز اور ان کا استغفار سب رسمیں ہیں جن کے ساتھ کوئی حقیقت نہیں لیکن تم جب نماز پڑھو تو بجز قرآن کے جو خدا کا کلام ہے اور بجز بعض ادعیہ ماثورہ کے کہ وہ رسولؐ کا کلام ہے باقی اپنی تمام عام دعاؤں میں اپنی زبان میں ہی الفاظ متضرعانہ ادا کر لیا کرو تا ہو کہ تمہارے دلوں پر اس عجز و نیاز کا کچھ اثر ہو۔"

(کشتی نوح، روحانی خزائن جلد19 ص(68- 69)

ایک روایت میں حضرت ابوہریرہؓ بیان کرتے ہیں کہ آنحضرتؐ نے فرمایا قیامت کے دن سب سے پہلے جس چیز کا حساب کیا جائے گا وہ نماز ہے اگر یہ حساب ٹھیک رہا تو وہ کامیاب ہو گیا اور اس نے نجات پائی اگر یہ حساب خراب ہوا تو وہ ناکام ہو گیا اور گھاٹے میں رہا اگر اس کے فرضوں میں کوئی کمی ہوئی تو اللہ تعالیٰ فرمائے گا دیکھو میرے بندے کے کچھ نوافل بھی ہیں اگر نوافل ہوئے تو فرضوں کی کمی نوافل کے ذریعہ پوری کر دی جائے گی اِسی طرح اس کے باقی اعمال کا معائنہ ہو گا اور ان کا جائزہ لیا جائے گا۔

(ترمذی ابواب الصلوٰۃ باب ان اوّل ما یحاسب سب بہ الصبد)

قرآن کریم میں ارشاد ہے

وَاَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتُوا الزَّكٰوةَ ؕ وَمَا تُقَدِّمُوْا لِاَنْفُسِكُمْ مِّنْ خَيْرٍ تَجِدُوْهُ عِنْدَ اللّٰهِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِيْرٌ۝

(سورۃ البقرہ:111)

ترجمہ۔ اور نماز قائم کرو اور زکوٰۃ ادا کرو اور جو بھلائی بھی تم خود اپنی خاطر آگے بھیجتے ہو اسے تم اللہ کے حضور موجود پاؤ گے یقیناً اللہ اس پر نگاہ رکھے ہوئے ہے جو تم کرتے ہو۔"

ارکان اسلام میں نماز کے بعد دوسرا اہم ترین رکن زکوٰۃ ہے قرآن حکیم میں 82 مقامات پر نماز اور زکوٰۃ کی فرضیت کا حکم اکٹھا آیا ہے۔ زکوٰۃ کے معنی پڑھنے اور ترقی کرنے کے ہیں اسلام کی یہ خاص اور نہایت اعلیٰ خوبی ہے جو اِس کے سچے اور مذہب فطرت ہونے پر دلیل ہے کہ ان تمام احکام پر عمل کرنے سے جو خدا تعالیٰ نے شریعت میں مقرر کئے ہیں خود عمل کرنے والوں کو فائدہ پہنچتا ہے اور ان کی دینی و دنیوی ترقی ہوتی ہے۔

زکوٰۃ کا مفہوم یہ ہے کہ زکوٰۃ دینے سے وہ مال جس میں سے زکوٰۃ کاٹی جاتی ہے بڑھتا ہے اور ترقی کرتا ہے چنانچہ زکوٰۃ کے ذریعہ اموال کئی طریق پر بڑھتے ہیں ایک تو اس طرح قوم کے غرباء اس سے پرورش پا کر اپنے کاروبار میں مدد حاصل کرتے اور ترقی کرتے ہیں اور جب قوم من حیثیت الجماعت ترقی کرے تو ہر فرد ترقی کرتا ہے اس طرح زکوٰۃ کے ذریعہ خود زکوٰۃ دینے والے طاقت واثر میں بڑھتے ہیں دوسرے جن اموال سے زکوٰۃ دی جاتی ہے اللہ ان میں ایسے

اَقِیۡمُوا الصَّلٰوۃَ وَاٰتُوا الزَّکٰوۃَ

منیبہ عارف صاحبہ۔ ویسٹ جماعت

اسلام پانچ ارکان پر مشتمل ہے۔ کلمہ طیبہ، نماز، روزہ، زکوۃ، حج۔ نماز، روزہ، حج اور زکوۃ در حقیقت اسلامی عمارت کی چار دیواریں ہیں اور اللہ تعالیٰ کی توحید کے لئے ان چار دیواروں کو قائم کیا گیا ہے یعنی خدا تعالیٰ کی وحدانیت دنیا میں ایسے طور پر قائم ہو کہ ہم سے جو کام بھی سرزد ہو اُسی اصل کے ماتحت ہو کہ خدا کے سوا ہمارا کوئی مقصود نہیں۔ اسلام اپنے تمام نفسانی ارادوں پر ایک موت وارد کر لینے کا نام ہے، جس سے خدا تعالیٰ کی حقیقی رضا حاصل ہو سکتی ہے جو کہ ہمارا مقصد حیات ہونا چاہئے۔

نماز سے انسان کا جسم، لباس، مکان اور خیالات پاک کئے جاتے ہیں۔ زکوٰۃ سے اموال پاک کئے جاتے ہیں۔ روزہ سے انسان کی صحت جسمانی کے سامان اور نیک جذبات پیدا کئے جاتے ہیں اور شفقت علیٰ خلق اللہ کا سبق دیا جاتا ہے۔ حج سے جذبات فدائیت کو ابھارا جاتا ہے اور انسان محبت کے ساتھ قربانی کا مظاہرہ کرتا ہے اور قربانی کا ایک تعلق اموال سے ہوتا ہے اس لئے قرآن شریف میں بار بار قیام نماز کے ساتھ ساتھ زکوٰۃ ادا کرنے کا بھی حکم دیا گیا ہے۔

قرآن کریم میں ارشاد ہے:

وَاَقِیۡمُوا الصَّلٰوۃَ وَاٰتُوا الزَّکٰوۃَ وَاَطِیۡعُوا الرَّسُوۡلَ لَعَلَّکُمۡ تُرۡحَمُوۡنَ۔ (سورۃ نور:57)

اور تم سب نمازوں کو قائم کرو اور زکوٰۃ دو اور اس رسول کی اطاعت کرو تا کہ تم پر رحم کیا جائے۔

نماز ارکان اسلام میں سے دوسرا رکن ہے جس کا ادا کرنا ہر مسلمان مرد اور عورت پر فرض ہے۔ نماز کیا ہے؟ بندے کا اللہ تعالیٰ سے اس طرح ملاقات کرنا کہ وہ اللہ کے سوا کسی کو نہ جانتا ہو۔ آنحضرت ﷺ نے نماز کو دین کا ستون قرار دیا ہے حقیقی نماز کے ذریعے ہی سے انسان روحانیت کے اعلیٰ مدراج تک پہنچ سکتا ہے اور انسانیت کی اعلیٰ رفعتوں کو چھو سکتا ہے۔

صلوٰۃ کے لغوی معنی دعا، رحم، دین، شریعت، استغفار، تعظیم، برکت اور مسلمانوں کی اصلاحی عبادت کے ہیں جس کے نتیجہ میں لازماً بدی سے نفرت اور بے حیائی سے کراہت پیدا ہوتی ہے نیز نماز روحانی ترقیات اور اعلیٰ اخلاق حاصل کرنے کا زینہ اور منبع ہے اور تمام برائیوں سے بچنے کا قلعہ ہے۔

قرآن کریم میں ارشاد ہے:

وَاَقِمِ الصَّلٰوۃَ اِنَّ الصَّلٰوۃَ تَنۡہٰی عَنِ الۡفَحۡشَآءِ وَالۡمُنۡکَرِ۔

(سورۃ العنکبوت:46)

”اور نماز کو (اس کی سب شرائط کے ساتھ) ادا کر یقیناً نماز سب بُری اور ناپسندیدہ باتوں سے روکتی ہے۔“

حدیث میں ہے کہ ایک شخص نبی اکرمؐ کی خدمت میں آیا اور کہا کہ فلاں شخص راتوں کو نماز پڑھتا ہے مگر دن میں چوری کرتا ہے تو نبی اکرمؐ نے فرمایا کہ اس کی نماز عنقریب اس کو اس برے کام سے روک دے گی۔

(مسند احمد، صحیح ابن حبان، ہزار)

حضرت مسیح موعودؑ نماز کی اہمیت بیان کرتے ہوئے فرماتے ہیں ”نماز انسان کا تعویز ہے پانچ وقت دعا کا موقع ملتا ہے کوئی دعا تو سنی جائے گی اس لئے نماز کو بہت سنوار کر پڑھنا چاہئے اور مجھے یہی بہت عزیز ہے۔“ (ملفوظات جلد 1 صفحہ 396)

حدیث شریف میں آیا ہے کہ آنحضرتؐ کے پاس ایک قوم اسلام لائی اور عرض کی یا رسول اللہؐ ہمیں نماز معاف فرمادی جائے کیونکہ کاروباری آدمی ہیں مویشیوں وغیرہ کی وجہ سے کپڑوں کا کوئی اعتماد نہیں ہوتا اور نہ ہمیں فرصت ملتی ہے تو آپؐ نے اس کے جواب میں

پیارے امام حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز عملی اصلاح کے لئے ہماری راہنمائی کرتے ہوئے جماعت کو عبادتوں کے معیار بڑھانے کی طرف توجہ دلاتے ہوئے فرماتے ہیں:

”میں افسوس سے یہ کہوں گا کہ نمازوں عبادتوں کی طرف، اللہ تعالیٰ سے تعلق پیدا کرنے کی طرف ہماری جو توجہ ہونی چاہئے وہ نہیں ہے۔ مثلاً کل پرسوں کی بات ہے۔ ایک خاتون ملاقات کے دوران آئیں اور بڑے روتے ہوئے انہوں نے کہا کہ آپ کہتے ہیں کہ مساجد بناؤ اور بیوت الذکر آباد کرو۔ بیوت الذکر کی رونق بڑھاؤ، صلوٰۃ کا حق ادا کرو لیکن جب آپ چلے جاتے ہیں تو بیت میں حاضری بہت کم ہو جاتی ہے۔ اگر تو یہ حاضری دُور سے آنے والوں کی وجہ سے کم ہوتی ہے، جو میرے یہاں ہونے کی وجہ سے بیت فضل میں آتے ہیں (وہ بیت فضل کی بات کر رہی تھیں) تو یہ اَور بات ہے۔ لیکن پھر دُور سے آنے والے اگر یہاں نہیں آتے تو اپنے سینٹروں میں یا اپنی بیوت میں نماز باجماعت ادا کرنے والے ہونے چاہئیں۔ اور میں اُمید رکھتا ہوں کہ یہ جو آنے والے ہیں یہ (ادا) کرتے بھی ہوں گے۔ لیکن اگر حاضری کی یہ کمی قریب رہنے والوں کے نہ آنے کی وجہ سے ہے تو پھر بڑی قابلِ فکر ہے اور اس طرف ہمیں توجہ کرنی چاہئے۔

اسی طرح آسٹریلیا کے دورے کے بعد مجھے وہاں سے کسی نے خط لکھا کہ بیت کی حاضری بہت کم ہو گئی ہے۔ پس چاہے وہ آسٹریلیا ہے یا یو۔کے ہے یا کوئی اَور ملک ہے یاد رکھیں کہ اگر انقلاب لانا ہے، اگر اُس ذمہ داری کو نبھانا ہے جو حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کے مشن کو پورا کرنے کے لئے ہم پر ہے، اگر بیعت کا حق ادا کرنا ہے تو بیوت الذکر کی یہ رونقیں عارضی نہیں بلکہ مستقل قائم کرنی ہوں گی۔ اپنی تمام حالتوں میں ایک پاک تبدیلی پیدا کرنی ہو گی۔ اپنی عبادتوں کے معیار بڑھانے ہوں گے۔ نشان تبھی ظاہر ہوں گے جب صبر اور صلوٰۃ کے حق ادا ہوں گے۔ جب اپنے نفس کو کامل طور پر اللہ تعالیٰ کی راہ میں ہم فنا کریں گے۔ جب توحید پر قائم ہونے کا حق ادا کریں گے۔ اور جب یہ ہو گا تو (اِنَّ اللّٰہَ مَعَ الصّٰبِرِیْنَ) کا نظارہ بھی ہم دیکھیں گے۔ اللہ تعالیٰ خود مدد کے لئے اُترے گا۔ اللہ تعالیٰ اپنی تمام تر طاقتوں اور حسن کے جلووں سے ہماری مدد کو آئے گا اور دنیادار ممالک اور دنیاوی طاقتوں کے عوام کے دل اللہ تعالیٰ اس طرف پھیر دے گا۔ ہمارے کاموں میں برکت پڑے گی اور دنیا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے مقام کو پہچان کر آپ کے جھنڈے تلے آئے گی۔ توحید کا قیام ہو گا اور خدا تعالیٰ کی ذات کے انکاری خدا تعالیٰ کی عبادت کی طرف توجہ کریں گے۔ اللہ تعالیٰ کرے کہ ہم اپنا حق ادا کرکے یہ نظارے دیکھنے والے ہوں۔“ (آمین) (خطبہ جمعہ فرمودہ 22 نومبر 2013ء)

اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ وہ ہمیں اور ہماری نسلوں کو باجماعت نماز کے قائم کرنے والا بنائے تاکہ ہم اس کا قرب اور محبت حاصل کرنے والے بن جائیں۔ آمین ثم آمین

ہو جس کی تم تلاش میں وہ دلکشی نماز ہے
کہا حضور نے ہمیں کہ زندگی نماز ہے

ہزار کام ہوں تمہیں یہ اولین کام ہو
نماز کا نماز کا نماز کا قیام ہو

اگرچہ پانچ وقت کا ضرور التزام ہو
نماز فجر اور عشاء کا خاص اہتمام ہو

یہ زندگی ہے بندگی تو بندگی نماز ہے
کہا حضور نے ہمیں کہ زندگی نماز ہے

(مبارک صدیقی)

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہ بیان کرتی ہیں کہ:
”میں نے کبھی حضور صلی اللہ علیہ والہ وسلم کو زور کا قہقہہ لگا کر ہنستے ہوئے نہیں دیکھا، آپکا ہنسنا تبسم کے انداز میں ہوتا تھا۔“
(بخاری، کتاب الادب)

العزیز ہمیں بارہا اس طرف متوجہ کراتے رہتے ہیں کہ ہمیں اپنی نمازوں میں باقاعدگی اختیار کرنی چاہئے نہ صرف باقاعدگی بلکہ باجماعت نماز میں باقاعدہ ہونا چاہئے۔ ان ممالک میں جہاں دنیا کی رنگینیاں ہر دم انسان کو اپنی طرف کھینچ رہی ہیں، یہاں ہمارا جہاد یہی ہے کہ ہم اپنے نفس کو دنیا کے زیر دام آنے سے بچائیں اور اپنی اور اپنی نسلوں کو خدا کے آستانے پہ لانے والے ہوں۔

حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز فرماتے ہیں:

”پس ہر احمدی کو صحت کی حالت میں یہ کوشش کرنی چاہئے کہ وہ اپنی نمازوں میں باقاعدگی اختیار کرے اور نہ صرف باقاعدگی اختیار کرے بلکہ باجماعت نمازوں کی طرف بھی توجہ دے۔ اسے جیسا کہ حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا کہ بڑھاپے میں جب انسان کمزور ہو جاتا ہے، اس طرح محنت نہیں کر سکتا جس طرح جوانی میں کر سکتا ہے کیونکہ نمازیں بھی ایک طرح کی محنت چاہتی ہیں۔ ان کی ادائیگی بھی جو نمازیں ادا کرنے کا حق ہے اس محنت سے مشکل ہو جاتی ہے جس طرح جوانی میں ادا کی جا سکتی ہیں۔ لیکن اللہ تعالیٰ کیونکہ اپنے بندوں پر بخشش اور رحم کی نظر رکھنے والا ہے اس لئے وہ بڑھاپے اور کمزوری کے وقت کی جو کم عبادتیں ہیں ان کو بھی جوانی میں کی گئی عبادتوں کے ذریعے پورا کر دیتا ہے۔ تو یہ ہیں اللہ تعالیٰ کے اپنے بندوں کو نوازنے کے طریقے۔ پس **ہر وہ انسان جو اللہ تعالیٰ کا عبادت گزار بندہ بننا چاہتا ہے، اس کا قرب حاصل کرنا چاہتا ہے، اپنے آپ کو اور اپنی نسلوں کو پاک رکھنا چاہتا ہے، شیطان کے حملوں سے بچانا چاہتا ہے تو اس کے لئے ایک ہی ذریعہ ہے کہ اللہ کی عبادت کی طرف توجہ دے۔ اور اس کے لئے سب سے ضروری چیز نماز باجماعت کی ادائیگی ہے۔**“

(خطبات مسرور جلد 03 صفحہ 24)

پھر حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز ایک اور جگہ فرماتے ہیں:

”۔۔۔ اللہ تعالیٰ نے یہ فرض کیا ہے کہ دن کے پانچ حصوں میں اللہ کے حضور حاضر ہوا جائے اور جہاں انسان وقت پر نماز پڑھنے کی وجہ سے ان حملوں سے محفوظ رہے گا وہاں روحانیت میں ترقی کی وجہ سے اللہ تعالیٰ کا قرب پانے والا بھی ہو گا۔ پس ہر احمدی کو وقت پر نماز ادا کرنے کی پابندی کرنی چاہئے اس کی اہمیت پر توجہ دینی چاہئے۔ اس زمانے میں جب ہر طرف مادیت کا دَور دَورہ ہے اس طرف توجہ دینا اور زیادہ ضروری ہو گیا ہے۔ شیطان نت نئے طریقوں سے حملے کر کے انسان کو اللہ تعالیٰ کی عبادت سے غافل رکھنے کی کوشش کرتا ہے۔ دل میں یہ وسوسے پیدا کرتا ہے کہ اگر تم نے اس وقت اپنا فلاں دنیاوی کام نہ کیا تو نقصان اٹھاؤ گے اس لئے پہلے اس کام کو نمٹا لو، نماز کا بھی وقت تو ہے لیکن بعد میں اسے جمع کر کے پڑھ لینا۔ اور کیونکہ اللہ تعالیٰ کو علم ہے کہ ہر زمانے میں شیطان نے مختلف طریقوں سے حملے کرنے ہیں، ہر زمانے میں انسان کی مصروفیات مختلف ہونی ہیں۔ اس لئے فرمایا کہ ایسی نمازیں جو تمہاری سستیوں اور جو تمہاری دنیاوی مصروفیات کی وجہ سے وقت پر ادا نہ ہونے کا احتمال ہو یا وہ احتمال رکھتی ہوں ان کی خاص طور پر حفاظت کرو۔ کیونکہ پھر ایک نماز سے لاپرواہی آہستہ آہستہ باقی نمازوں سے بھی غافل کر دیتی ہے۔ اس لئے فرمایا (حٰفِظُوْا عَلَى الصَّلَوٰتِ وَ الصَّلٰوةِ الْوُسْطٰى) (البقرۃ:239) یعنی تم تمام نمازوں کا اور خصوصاً درمیانی نماز کا پورا خیال رکھو۔ یہ نہیں فرمایا کہ فلاں نماز کی خاص طور پر حفاظت کرو، درمیانی نماز کی تعریف بھی مختلف لوگوں کے لئے مختلف ہو سکتی ہے۔ ہر وہ نماز درمیانی ہے جس میں دوسری ترجیحات نماز کے مقابلے میں زیادہ ہوں اور جب انسان دوسری مصروفیات کو پس پشت ڈال کر اللہ تعالیٰ کی عبادت کو تمام دوسرے دنیاوی مفادات پر ترجیح دے رہا ہو گا تو اللہ تعالیٰ ایسے عبادت گزاروں کی ضروریات خود ایسی جگہ سے پوری فرما رہا ہو گا کہ جہاں سے انسان کو گمان بھی نہیں ہو سکتا۔ یہ بھی اللہ تعالیٰ کا وعدہ ہے۔ اللہ تعالیٰ کوئی نیکی بغیر جزا کے نہیں چھوڑتا اور دونوں جہان کی نعمتوں سے نوازتا ہے۔“

(خطبات مسرور جلد 4 صفحہ 188)

وقت لوگ نیند سے مجبور ہو کر سستی کرتے ہیں اور صبح کے وقت آنکھ کھلنا مشکل ہوتی ہے جب ان دونوں وقتوں کے متعلق ایسے تشدد کا اظہار فرمایا تو دوسرے وقتوں کی نمازوں کے باجماعت ادا کرنے کی تاکید آپ ثابت ہوگئی۔ سچی اور حق بات یہی ہے کہ نماز باجماعت پڑھنے کے سوا جماعت بن ہی نہیں سکتی۔ اس لئے تم جہاں تک کوشش اور سعی کر سکو، کرو اور باجماعت نماز ادا کرنے کی پابندی کرو۔ اگر اور کوئی جماعت نہ ملے تو گھر میں ہی خاوند بیوی بچوں کو پیچھے کھڑا کر کے نماز پڑھ لے۔ اس طرح کم از کم نماز باجماعت پڑھنے کی عادت تو رہے گی۔ پھر اللہ تعالیٰ جماعت بھی بنادے گا خدا تعالیٰ تمہیں ایسا کرنے کی توفیق دے۔"

(انوار العلوم جلد 2 صفحہ 222/221)

باجماعت نماز کی ہر جگہ کوشش ہونی چاہئے۔

حضرت مسیح موعود کے تمام خلفاء نے جماعت کو بارہا باجماعت نماز کی اہمیت پہ زور دیا ہے۔ اور ہمیں بتایا ہے کہ باجماعت نماز میں سستی ہماری اور ہماری نسلوں کی تباہی کا موجب ہو سکتی ہے، ہمارا کوئی عمل کوئی نیکی اس وقت تک قابل قبول نہیں جب تک ہم اپنے پیارے خدا کی عبادت کا حق ادا کرنے والے نہ ہوں۔ اسی سلسلہ میں چند اور اقتباسات آپ کے سامنے رکھتی ہوں؛

حضرت خلیفۃ المسیح الثالث رحمہ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں:

"ایک دفعہ حضرت عباسؓ سے ایک دوست نے سوال کیا کہ **ایک شخص سارا دن عبادت اور روزہ میں گزارتا ہے رات کو بھی وہ ذکر الٰہی اور نوافل پڑھنے میں خرچ کرتا ہے لیکن وہ نماز باجماعت سے غافل ہے اور جمعہ کی نماز میں بھی نہیں آتا اس کے متعلق آپؓ کا کیا خیال ہے حضرت ابن عباسؓ نے نہایت آرام سے جواب دیا ھُوَ فِی النَّارِ وہ شخص آگ میں جائے گا۔** پس ہمیں فرائض کی طرف بہر حال پہلے متوجہ ہونا چاہئے۔"

(خطبات ناصر جلد 1 ص 97)

حضرت خلیفۃ المسیح الثالث رحمہ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں:

"میں جس چیز کی طرف جماعت کو متوجہ کرنا چاہتا ہوں اور جس پر زور دینا چاہتا ہوں وہ یہ ہے کہ نماز باجماعت میں باقاعدگی پیدا کی جائے اور اس کے لئے بشاشت پیدا کی جائے پھر (بیت) کے ماحول سے محبت پیدا کرنا ضروری ہے اور اس کی طرف ساری جماعت کو انصار اللہ کو بھی خدام الاحمدیہ کو اور جماعت کی تنظیم کو بھی متوجہ ہونا چاہئے۔"

(خطبات ناصر جلد 2 ص 643)

حضرت خلیفۃ المسیح الرابع رحمہ اللہ تعالیٰ بڑے درد بھرے دل سے خدا کے حضور یہ التجا کرتے ہیں کہ:۔

"بارہا میں خدا کی خاطر ان لوگوں کے لئے راتوں کو اٹھ کر رویا ہوں۔ اے میرے خدا میں نے ہر ممکن کوشش کر لی کہ ہماری نسلیں نماز پر قائم ہو جائیں مگر شیطان ان کو دوبارہ بہکا دیتا ہے اس لئے تو میری مدد فرما اور ان کی حفاظت فرما۔ اس دنیا میں بھی یہ کامیاب ہوں اور آخرت میں بھی کامیاب ہوں۔ میرے یہ آنسو مجبوری کے آنسو ہیں۔"

(خطبہ جمعہ فرمودہ 10 اکتوبر 1997ء)

حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں:

"پانچ نمازیں ہر بالغ عاقل مسلمان پر فرض ہیں اور **مردوں پر یہ مسجدوں میں باجماعت فرض ہیں اور اس کے لئے انتظام ہونا چاہئے۔ یا تو یہ کہہ دیں کہ ہم بالغ نہیں۔ یا یہ کہہ دیں کہ بے عقل ہیں، تو ٹھیک ہے۔ اور جب یہ دونوں چیزیں نہیں تو پھر باجماعت نماز کی ہر جگہ کوشش ہونی چاہئے۔"**

(خطبہ جمعہ مورخہ 12 فروری 2016)

ارشادات حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز:

ہمارے پیارے امام حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ

وہ لوگ جو اپنے بچوں کو نماز باجماعت ادا کرنے کی عادت نہیں ڈالتے وہ ان کے خونی اور قاتل ہیں:

سیدنا حضرت مصلح موعود رضی اللہ عنہ نماز باجماعت کے فوائد بیان کرتے ہوئے فرماتے ہیں:

”ایک شمہ بھر اور ایک رائی کے برابر بھی میرے خیال میں نہیں آتا کہ کوئی شخص نماز باجماعت کا پابند ہو اور پھر اس کی اصلاح کا کوئی موقع نہ رہے خواہ وہ کتنا ہی بدیوں میں مبتلا ہو گیا ہو۔ نیکی کے متعلق نماز کے موثر ہونے کا مجھے اتنا کامل یقین ہے کہ میں خدا کی قسم کھا کر بھی کہہ سکتا ہوں کہ نماز باجماعت کا پابند خواہ کتنا ہی بداعمال کیوں نہ ہو گیا ہو اس کی ضرور اصلاح ہو سکتی ہے، اور وہ ضائع نہیں ہوتا، اور میں شرح صدر سے کہہ سکتا ہوں کہ آخری وقت تک اس کے لیے اصلاح کا موقعہ ہے مگر وہ نماز باجماعت کا پابند اس رنگ میں ہو کہ اس کو اس میں لذت اور سرور حاصل ہو۔“

(تفسیر کبیر سورۃ العنکبوت، آیت 46 جلد 7 ص 652)

حضرت خلیفۃ المسیح الثانی رضی اللہ عنہ احمدی والدین کو خبردار کرتے ہوئے فرماتے ہیں:

”بڑا آدمی اگر خود نماز باجماعت نہیں پڑھتا تو وہ منافق ہے مگر وہ لوگ جو اپنے بچوں کو نماز باجماعت ادا کرنے کی عادت نہیں ڈالتے وہ ان کے خونی اور قاتل ہیں۔ اگر ماں باپ بچوں کو نماز باجماعت کی عادت ڈالیں تو کبھی ان پر ایسا وقت نہیں آسکتا کہ یہ کہا جاسکے کہ ان کی اصلاح ناممکن ہے اور وہ قابل علاج نہیں رہے۔“

(تفسیر کبیر آیت 46 جلد 7 ص 652,653)

باجماعت نماز میں سستی کرنے سے خطرناک نتائج:

باجماعت نماز میں سستی کرنے سے خطرناک نتائج نکل سکتے ہیں اس بارے میں حضرت مصلح موعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں:

”وہ احمدی جو بڑے بڑے شہروں میں رہتے ہیں اور ایک دوسرے کے مکان تک ان کا جانا مشکل ہوتا ہے ان کے لئے یہ بات نہایت مشکل ہے کہ ہر نماز کے وقت ایک جگہ جمع ہو سکیں۔ لیکن ان کو چاہئے کہ اپنے محلہ کے احمدی ملکر باجماعت نماز پڑھا کریں اور کبھی کبھی سارے اکٹھے ہو کر بھی پڑھیں سستی ہرگز نہیں چاہیے۔ یہ ایسی خطرناک بات ہے کہ اس کے نتائج بہت برے نکلتے ہیں۔ **مجھے قرآن شریف سے یہی معلوم ہوا ہے کہ جس کو نماز باجماعت پڑھنے کا موقع ملے اور وہ نہ پڑھے تو اس کی نماز ہی نہیں ہوتی۔** حضرت ابن عباسؓ کا بھی یہی مذہب ہے۔ آنحضرت ﷺ نے نماز باجماعت کے متعلق اتنی احتیاط فرمائی ہے کہ جس کا بیان ہی نہیں ہو سکتا۔ ایک دفعہ ایک اندھا آپؐ کے حضور حاضر ہوا۔ اور اس نے عرض کی کہ یارسول اللہ! مجھے مسجد میں آتے ہوئے سخت تکلیف اٹھانی پڑتی ہے۔ میرے پاس کوئی ایسا شخص نہیں جو میرا ہاتھ پکڑ کر مسجد تک پہنچادے اگر مجھے اجازت ہو تو میں گھر میں ہی نماز پڑھ لیا کروں۔ آپؐ نے فرمایا بہت اچھا لیکن جب وہ لوٹ کر چلا تو آپؐ نے اسے واپس بلایا اور پوچھا کہ کیا تمہارے گھر تک اذان کی آواز پہنچتی ہے؟ اس نے کہا حضور پہنچتی ہے۔ آپؐ نے فرمایا جب اذان پہنچتی ہے تو مسجد میں حاضر ہوا کرو۔ رسول کریم ﷺ نے یہاں تک فرمایا ہے کہ جو لوگ عشاء اور صبح کی نماز باجماعت پڑھنے کے لئے مسجد میں نہیں آتے۔ میرا دل چاہتا ہے کہ میں اپنی جگہ کسی اور کو نماز پڑھانے کے لئے کھڑا کر دوں اور اپنے ساتھ اور آدمیوں کو لے کر ان کے سر پر ایندھن رکھ کر سارے شہر میں سے ان لوگوں کو معلوم کروں جو نماز میں شامل نہیں ہوتے اور پھر آدمیوں سمیت ان کے گھر پھونک دوں۔ دیکھو ایسا رحیم و کریم انسان ایسا مشفق اور مہربان انسان فرماتا ہے کہ جو جماعت کے ساتھ نماز نہیں پڑھتے میرا دل چاہتا ہے کہ میں ان کو اور ان کے گھر والوں کو جلا کر راکھ کر دوں۔ اس حدیث سے نماز باجماعت کی عظمت کا خوب پتہ لگ جاتا ہے۔ عشاء اور صبح کی نماز کی خصوصیت اس لئے فرمائی کہ یہ دونوں وقت سخت ہیں عشاء کے

کہ وحدت پیدا ہوتی ہے اور پھر اس وحدت کو عملی رنگ میں لانے یہاں تک ہدایت اور تاکید ہے کہ باہم پاؤں بھی مساوی ہوں اور صف سیدھی ہو اور ایک دوسرے سے ملے ہوئے ہوں اس سے مطلب یہ ہے کہ گویا ایک ہی انسان کا حکم رکھیں اور ایک کے انوار دوسرے میں سرایت کر سکیں۔ وہ تمیز جس سے خودی اور خود غرضی پیدا ہوتی ہے نہ رہے۔ یہ خوب یاد رکھو کہ انسان میں یہ قوت ہے کہ وہ دوسرے کے انوار کو جذب کرتا ہے پھر اسی وحدت کے لئے حکم ہے کہ روزانہ نمازیں محلہ کی مسجد میں اور ہفتہ کے بعد شہر کی مسجد میں اور پھر سال کے بعد عید گاہ میں جمع ہوں اور کل زمین کے مسلمان سال میں ایک مرتبہ بیت اللہ میں اکٹھے ہوں ان تمام احکام کی غرض وہی وَحدت ہے۔"

(لیکچر لدھیانہ۔ روحانی خزائن جلد20 صفحہ 281/282)

حضرت اقدس مسیح موعود علیہ السلام فرماتے ہیں:

"نماز ایسی شے ہے کہ اس کے ذریعہ سے آسمان انسان پر جھک پڑتا ہے نماز کا حق ادا کرنے والا یہ خیال کرتا ہے کہ مَیں مر گیا اور اس کی روح گداز ہو کر خدا کے آستانہ پر گر پڑی ہے۔۔۔ جس گھر میں اس قسم کی نماز ہو گی وہ گھر کبھی تباہ نہ ہو گا حدیث شریف میں ہے کہ اگر نوحؑ کے وقت میں یہ نماز ہوتی تو وہ قوم کبھی تباہ نہ ہوتی۔ حج بھی انسان کے لیے مشروط ہے روزہ بھی مشروط ہے زکوٰۃ بھی مشروط ہے مگر نماز مشروط نہیں۔ سب ایک سال میں ایک ایک دفعہ ہیں مگر اس کا حکم ہر روز پانچ دفعہ ادا کرنے کا ہے اس لیے جب تک پوری پوری نماز نہ ہو گی تو وہ برکات بھی نہ ہوں گی جو اس سے حاصل ہوتی ہیں اور نہ اس بیعت کا کچھ فائدہ حاصل ہو گا۔"

(ملفوظات جلد03 صفحہ 627 پرانا ایڈیشن)

نماز باجماعت کے معاشرے اور انسانی زندگی پر اثرات:

قرآن کریم واحادیث میں نماز باجماعت کی فضیلت اور اہمیت بیان ہوئی ہے وہ ہرگز بے معنی نہیں ہے۔ نماز باجماعت کے معاشرے اور انسانی زندگی پر بھی بہت سے مثبت اثرات پڑتے ہیں۔ مثلاً

- نماز باجماعت سے ایک اتحاد و یگانگت کی فضا قائم ہوتی ہے۔ جب لوگ مساجد میں آتے ہیں تو ایک دوسرے سے مل کر ان کا حال احوال جانتے ہیں اور آپس میں پیار و محبت بڑھتا ہے۔
- نماز باجماعت کا ایک بہت بڑا فائدہ یہ ہوتا ہے کہ امیر و غریب کا فرق مٹ جاتا ہے۔ ایک امیر شخص جب غریب کے ساتھ کھڑا ہوتا ہے تو اس میں تکبر نہیں ہوتا اور وہ عاجزی کی طرف مائل ہوتا ہے اور جب ایک غریب انسان امیر اور بڑے کے شانہ بشانہ کھڑا ہوتا ہے تو اس کا احساس محرومی کم ہوتا ہے۔
- نماز باجماعت انسان میں وقت کی پابندی کی عادت پیدا کرتی ہے۔ جو لوگ وقت کی پابندی نہیں کر سکتے اگر وہ نماز باجماعت کے لئے وقت پر جانے کی عادت ڈال لیں تو بہت جلد ان میں وقت کی پابندی کی صفت پیدا ہو جاتی ہے۔

جو نماز کا مُضَیع ہے اس کا کوئی کام دنیا میں ٹھیک نہیں:

حضرت خلیفۃ المسیح الاوّل رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں:۔

"میں تمہیں مختصر نصیحت کرتا ہوں بعض لوگ ہیں جو نماز میں کسل کرتے ہیں اور یہ کئی قسم کی ہے۔

1۔ وقت پر نہیں پہنچتے۔

2۔ جماعت کے ساتھ نہیں پڑھتے۔

3۔ سُنن اور واجب کا خیال نہیں کرتے۔

کان کھول کر سنو جو نماز کا مُضَیع ہے اس کا کوئی کام دنیا میں ٹھیک نہیں۔

(خطبات نور جلد2 صفحہ 97/98)

جماعت کے ساتھ نماز کی ادائیگی کی فضیلت علیحدہ نماز ادا کرنے سے ستائیس گنا زیادہ ہے۔

(بخاری کتاب الصلاۃ باب فضل صلاۃ الجماعۃ)

نماز باجماعت کی اہمیت احادیث کی روشنی میں:

مختلف احادیث میں نماز باجماعت کی بہت اہمیت بیان ہوئی ہے۔ مثلاً حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

''جب آدمی اچھی طرح وضو کر کے مسجد کی طرف جاتا ہے اور اس طرح جاتا ہے کہ نماز کے سوا کوئی دوسری چیز اسے نہیں لے جاتی تو وہ جو قدم بھی اٹھاتا ہے اس کے ذریعے اس کا ایک درجہ بلند کیا جاتا ہے اور ایک گناہ (کا بوجھ) ہلکا کیا جاتا ہے پھر جب وہ نماز پڑھتا ہے تو فرشتے اس پر اس وقت تک سلامتی بھیجتے رہتے ہیں جب تک وہ باوضو رہتا ہے اور اس کے لیے یہ دعا کرتے ہیں: اے اللہ! اس پر سلامتی بھیج، اے اللہ! اس پر رحم فرما۔ تم میں سے ہر ایک جب تک نماز کا انتظار کرتا ہے وہ نماز ہی میں ہوتا ہے۔''

(صحیح بخاری کتاب الجماعۃ والإمامۃ، باب فضل صلاۃ الجماعۃ، 1: 232، رقم:220)

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: ''جو اللہ کے لیے چالیس دن نماز باجماعت ادا کرے اور تکبیر اولیٰ پائے اس کے لیے دو آزادیاں لکھ دی جائیں گی ایک دوزخ سے دوسری نفاق سے۔''

(سنن ترمذی ابواب الصلاۃ، باب في فضل التکبیرۃ الاولیٰ، 1:281، رقم:241)

پھر حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے فرمایا:

''اگر تم منافقوں کی طرح بلاعذر مسجدوں کو چھوڑ کر اپنے گھروں میں نماز پڑھنے لگو گے تو اپنے نبی کی سنت کو چھوڑ بیٹھو گے اور اگر اپنے نبی کی سنت کو چھوڑ دو گے تو گمراہ ہو جاؤ گے۔''

(صحیح مسلم، کتاب المساجد ومواضع الصلاۃ، باب صلاۃ الجماعۃ من سنن الھدی، 1: 452، رقم:254)

بلکہ ایک روایت میں تو رسول اللہ ﷺ نے نابینا صحابی کو بھی گھر میں اکیلے نماز ادا کرنے کی اجازت نہیں دی بلکہ باوجود نابینائی کے مسجد میں آنے کا حکم دیا۔ چنانچہ ایک روایت میں آتا ہے کہ:

''ایک دفعہ ایک نابینا آپؐ کی خدمت میں حاضر ہوا۔ اور عرض کی کہ مجھے راستے کی ٹھوکروں کی وجہ سے مسجد میں آنے میں دِقّت ہے۔ کیا میں گھر میں نماز پڑھ لیا کروں؟ پہلے تو آپؐ نے اجازت دے دی۔ پھر فرمایا تمہیں اذان کی آواز آجاتی ہے؟ اس نے عرض کی جی آواز تو آجاتی ہے۔ **آپ ﷺ نے فرمایا پھر نماز کا حق یہ ہے کہ تم مسجد میں آکر نماز ادا کیا کرو''۔**

(مسلم کتاب المساجد باب یجب اتیان المسجد علی من سمع النداء حدیث نمبر 1371)

نماز باجماعت چھوڑنے والوں کے لئے انذار:

جہاں احادیث میں نماز باجماعت ادا کرنے کی اہمیت بیان ہوئی ہے وہاں رسول اللہ ﷺ نے جان بوجھ کر نماز باجماعت چھوڑنے والوں کے لئے انذار بھی فرمایا ہے۔ حضرت ابوہریرہؓ سے روایت کی کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''اس ذات کی قسم جس کے قبضے میں میری جان ہے، میرے دل میں آیا کہ میں کہوں: لکڑیاں اکٹھی کی جائیں اور کہوں کہ اذان دی جائے۔ پھر کسی آدمی سے کہوں کہ وہ لوگوں کو نماز پڑھائے اور وہیں ان کو چھوڑ کر ان آدمیوں کے پاس جاؤں جو نہیں آئے۔ ان کے گھروں کو مع ان کے جلادوں اور قسم ہے اس کی جس کے ہاتھ میں میری جان ہے۔ اگر ان میں سے کسی کو علم ہوتا کہ اسے گوشت کی ایک موٹی ہڈی یا دو اچھے پائے ملیں گے تو وہ (اس کے لئے) عشاء کی نماز میں ضرور موجود ہوتا۔''

(صحیح بخاری کتاب الاذان باب وجوب صلاۃ الجماعۃ، حدیث 644)

ارشادات حضرت مسیح موعود علیہ السلام:

سیدنا حضرت مسیح موعود علیہ السلام فرماتے ہیں:۔

''نماز میں جو جماعت کا زیادہ ثواب رکھا ہے اس میں یہی غرض ہے

نماز باجماعت کی اہمیت

ناجیہ نصرت ملک صاحبہ ایسٹ جماعت

اللہ تعالیٰ نے قرآن کریم میں بے شمار مواقع پر نماز اور نماز جماعت کی اہمیت بیان فرمائی ہے۔ عبادت کے ضمن میں ایک بات جو سمجھ میں آتی ہے وہ یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ سے کوئی جتنا چاہے زیادہ اپنا تعلق بڑھا سکتا ہے۔ دنیاوی مثال دیکھیں تو دنیا میں ہمارے بیشمار لوگوں سے تعلقات ہوتے ہیں لیکن قریبی تعلقات اسی سے زیادہ ہوتے جس سے ہم زیادہ تعلق رکھتے جس کے لئے زیادہ کوشش کرتے اور جس کی بات کو زیادہ اہمیت دیتے ہیں۔ یہی بات خدا تعالیٰ سے تعلق میں بھی ہے۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے

وَالَّذِيْنَ جَاهَدُوْا فِيْنَا لَنَهْدِيَنَّهُمْ سُبُلَنَا وَاِنَّ اللّٰهَ لَمَعَ الْمُحْسِنِيْنَ ○ (العنکبوت:70)

اور وہ لوگ جو ہمارے بارہ میں کوشش کرتے ہیں ہم ضرور انہیں اپنی راہوں کی طرف ہدایت دیں گے اور یقیناً اللہ احسان کرنے والوں کے ساتھ ہے۔

جس قدر کوئی اللہ تعالیٰ سے تعلق کو بڑھانا چاہتا ہے اور اس کا زیادہ محبوب بننا چاہتا ہے وہ اللہ تعالیٰ سے ملاقات کے اس قدر زیادہ بہانے ڈھونڈتا ہے اور عبادتوں میں آگے بڑھتا چلا جاتا ہے۔ اللہ تعالیٰ سے دل لگانے اور اس کی ملاقات کا سب سے بڑا ذریعہ نماز ہے۔ قرآن کریم سینکڑوں دفعہ نماز کا حکم دیتا ہے۔ اس کی اہمیت، فضیلت، فوائد سب بیان کرتا ہے۔

وَأَقِمِ الصَّلَاةَ اور نماز کو قائم کر۔

قرآن کریم سینکڑوں دفعہ نماز کا حکم دیتا ہے۔ اس کی اہمیت، فضیلت، فوائد سب بیان کرتا ہے۔

اِنَّنِيْٓ اَنَا اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنَا فَاعْبُدْنِيْ ۙ وَاَقِمِ الصَّلٰوةَ لِذِكْرِيْ ○ (طٰہٰ:15)

یقیناً میں ہی اللہ ہوں میرے سوا اور کوئی معبود نہیں پس میری عبادت کر اور میرے ذکر کے لئے نماز کو قائم کر۔

فَاَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ ۚ اِنَّ الصَّلٰوةَ كَانَتْ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ كِتٰبًا مَّوْقُوْتًا ○ (النساء،4: 104)

”پس نماز کو (حسبِ دستور) قائم کرو۔ بے شک نماز مومنوں پر مقررہ وقت کے حساب سے فرض ہے۔“

وَاَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَلَا تَكُوْنُوْا مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ ○ (الروم،32)

”اور نماز قائم کرو اور مشرکوں میں سے مت ہو جاؤ“

نماز کی اہمیت کا اندازا اس حدیث سے بھی ہو سکتا ہے کہ ایک جماعت رسول اللہ ﷺ کے پاس آئی کہ ہمیں نماز سے رخصت عنایت فرمایا دیں تو آپؐ نے فرمایا جس دین میں نماز نہیں وہ دین نہیں۔

نماز کے قائم کرنے سے مراد نماز باجماعت ہے:

قرآن کریم میں جہاں بھی نماز کا حکم دیا ہے وہاں فرمایا ہے ”نماز قائم کرو۔“ اور سب مفسرین اس بات پر متفق ہیں کہ نماز کے قائم کرنے سے مراد نماز باجماعت ہے۔ آپؐ نماز باجماعت کی اہمیت بیان کرتے ہوئے فرماتے ہیں:

صَلَاةُ الْجَمَاعَةِ تَفْضُلُ صَلَاةَ الْفَذِّ بِسَبْعٍ وَّعِشْرِيْنَ دَرَجَةً

بات کی پرواہ نہیں کرتے مگر یاد رکھنا چاہیے کہ بستر کی پاکیزگی روحانیت سے خاص تعلق رکھتی ہے اس لئے اس کا خاص خیال رکھنا چاہیے۔

بارھواں طریق

بارھواں طریق ایسا ہے کہ عوام کو اس پر عمل کرنے کی وجہ سے نقصان پہنچ سکتا ہے۔ ہاں خاص لوگوں کے لئے نقصان دہ نہیں اور وہ یہ کہ میاں وبیوی ایک بستر میں نہ سوئیں۔ رسول کریم ﷺ سوتے تھے لیکن آپؐ کی شان بہت بلند وارفع ہے۔ آپؐ پر اس کا کوئی اثر نہیں ہو سکتا تھا مگر دوسرے لوگوں کو احتیاط کرنی چاہئے۔ بات یہ ہے کہ جسمانی شہوت کا اثر جتنا زیادہ ہو اس قدر روحانیت کو بند کر دیتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ شریعت نے کہا ہے کہ کھاؤ پیو مگر حد سے نہ بڑھو۔ کیوں نہ حد سے بڑھو؟ اس لئے کہ شہوانی جذبہ زیادہ بڑھ کر روحانیت کو نقصان پہنچائے گا۔ پس وہ لوگ جو اپنے نفس پر قابو رکھتے ہیں وہ اگر اکٹھے سوئیں تو کوئی حرج نہیں ہوتا مگر عام لوگوں کو اس سے پرہیز کرنا چاہیئے۔ اور وہ لوگ جنہیں اپنے خیالات پر پورا پورا قابو نہ ہو ان کو اکٹھا نہیں سونا چاہیئے۔ اس طرح ان کو شہوانی خیالات آتے رہیں گے۔ اور بعض دفعہ ایسا بھی ہوتا کہ سوتے سوتے جماع کرنے یا پیار کرنے لگ جاتے ہیں اس طرح روحانیت پر بُرا اثر پڑتا ہے اور اٹھنے میں سستی ہو جاتی ہے۔

تیرھواں طریق

تیرھواں طریق ایسا اعلیٰ ہے کہ جو نہ صرف تہجد کہ لئے اٹھنے میں بڑا ممد اور معاون ہے بلکہ اس پر عمل کرنے سے انسان اور بدیوں اور برائیوں سے بھی بچ جاتا ہے اور وہ یہ ہے کہ سونے سے پہلے دیکھنا چاہیئے کہ ہمارے دل میں کسی کے متعلق کینہ یا بغض تو نہیں ہے۔ اگر ہو تو اس کو دل سے نکال دینا چاہیئے۔ اس کا نتیجہ یہ ہو گا روح کے پاک ہونے کی وجہ سے تہجد کے لئے اٹھنے کی توفیق مل جائے گی۔ خواہ اس قسم کے خیالات ان پر قابو پا ہی لیں۔ لیکن رات کو سونے سے پہلے ضرور نکال دینے چاہیئے اور دل کو بالکل خالی کر لینا چاہیئے۔ اس میں حرج ہی کیا ہے۔ اگر کوئی ایسے خیالات میں دنیاوی فائدہ سمجھتا ہے تو دل کو کہے کہ دن کو پھر یاد رکھ لینا۔ رات کو سونے کہ وقت کسی سے لڑائی تو نہیں کرنی کہ ان کو دل میں رکھا جائے۔ اول تو ایسا ہو گا کہ اگر ایک دفعہ اپنے دل سے کسی خیال کی جڑ کاٹ دی جائے گی تو پھر وہ آئے گا ہی نہیں۔ دوسرے اس قسم کے خیالات رکھنے سے جو نقصان پہنچنا ہوتا ہے اس سے انسان محفوظ ہو جاتا ہے۔ یہ ایک ثابت شدہ بات ہے کہ ایک چیز جس قدر زیادہ عرصہ ایک دوسرے کے ساتھ رہتی ہے اسی قدر زیادہ اپنا اثر اس پر کرتی ہے۔ مثلاً اگر اسفنج کو پانی سے بھر کر کسی چیز پر جلدی سے پھیر کر ہٹایا جائے تو وہ بہت تھوڑی گیلی ہو گی۔ لیکن اگر دیر تک اس پر رکھا جائے تو وہ بہت زیادہ بھیگ جائے گی۔ اسی طرح جو خیالات انسان کو دیر تک رہیں وہ اس کے دل میں بہت زیادہ جذب ہو جاتے ہیں اور سوتے وقت جن خیالات کو انسان اپنے دل میں رکھے ان کو اس کی روح ساری رات دہراتی رہتی ہے۔ دن میں اگر کوئی ایسا خیال ہو تو وہ اتنا نقصان دہ نہیں ہوتا جتنا رات کے وقت کا۔ کیونکہ دن میں دوسرے کاروبار میں مشغول ہونے کی وجہ سے وہ بھلا دیتا ہے۔ لیکن رات کو بار بار آتا رہے گا۔ پس سوتے وقت اگر کوئی بُرا خیال ہو تو اسے نکال دینا چاہئے تاکہ وہ دل میں گڑ نہ جائے۔ کیونکہ اگر گڑ گیا تو پھر اس کا نکلنا مشکل ہو جائے گا۔ پھر اگر رات کو جان ہی نکل جائے تو اس بدی کے خیال سے توبہ کرنے کا موقع بھی نہیں ملے گا۔ اس طرح نفس کو ڈرانا چاہئے۔ اور جب ایک دفعہ خیال نکل جائے گا تو پھر اس سے نجات مل جائے گی۔ غرض سوتے وقت نفس میں بُرے خیالات نہیں رہنے دینے چاہئیں۔ جب اس طرح دل کو پاک وصاف کر کے سوئے گا تو تہجد کے وقت اٹھنے کی اسے ضرور توفیق مل جائے گی۔"

(ماخوذ از "ذکر الٰہی" خطاب حضرت مصلح موعودؓ، بحوالہ الفضل انٹرنیشنل ۲۲ ستمبر تا ۲۸ ستمبر ۲۰۰۶ صفحہ ۳۔۴)

چھٹا طریق

چھٹا طریق ایسا ہے کہ جس کے کرنے کی میں صرف ایسے ہی شخص کو اجازت دیتا ہوں جو یہ دیکھتا ہو کہ میرا ایمان خوب مضبوط ہے اور وہ یہ کہ وتروں کو عشاء کی نماز کے ساتھ نہ پڑھے بلکہ تہجد کے وقت پڑھنے کے لئے رہنے دے۔ عام طور پر یہ بات پائی جاتی ہے کہ انسان فرض تو خاص طور پر ادا کرتا ہے مگر نفل میں سستی کر جاتا ہے۔ پس جب نفلوں کے ساتھ واجب مل جائے گا تو اس کی روح کبھی آرام نہ کرے گی جب تک اس کو ادا نہ کرے۔ اور اس کا نتیجہ یہ ہو گا کہ نفس سستی نہیں کرے گا لیکن اگر وتر پڑھے ہوئے ہوں اور تہجد کے وقت آنکھ کھل بھی جائے تو نفس کہہ دیتا ہے کہ وتر تو پڑھے ہوئے ہیں، نفل نہ پڑھے تو نہ سہی۔ مگر جب یہ خیال ہو گا کہ وتر بھی پڑھنے ہیں تو ضرور اٹھے گا اور جب اٹھے گا تو نفل بھی پڑھ لے گا۔ لیکن جیسا کہ میں نے پہلے بتایا ہے اس کے لئے شرط ہے کہ ایمان بہت مظبوط ہو۔ جب ایمان مضبوط ہو گا تو وتروں کے لئے ضرور اٹھے گا ورنہ وتروں کے پڑھنے سے بھی محروم رہے گا۔

ساتواں طریق

ساتواں طریق بھی انہی لوگوں کے لئے ہے جو روحانیت میں بہت بڑھے ہوئے ہیں اور وہ یہ کہ عشاء کی نماز کے بعد نفل پڑھنے شروع کر دیں اور اتنی دیر تک پڑھیں کہ نماز میں ہی نیند آ جائے اور اتنی نیند آئے کہ برداشت نہ کی جا سکے۔ اس وقت سوئے۔ باوجود اس کے کہ اس میں زیادہ وقت لگے گا مگر سویرے نیند کھل جائے گی۔ یہ روحانی ورزش ہوتی ہے۔

آٹھواں طریق

آٹھواں طریق وہ ہے جس کا ہمارے صوفیاء میں رواج تھا۔ میں نے اس کی ضرورت محسوس نہیں کی مگر ہے مفید۔ اور وہ یہ ہے کہ جن دنوں میں زیادہ نیند آئے اور وقت پر آنکھ نہ کھلے ان میں نرم بستر ہٹا دیا جائے۔

نواں طریق

نواں طریق یہ ہے کہ سونے کے کئی گھنٹے پہلے کھانا کھا لیا جائے۔ یعنی مغرب سے پہلے یا مغرب کی نماز کے بعد فوراً۔ بہت دفعہ ایسا ہوتا ہے کہ انسان کی روح چست ہوتی ہے مگر جسم سست کر دیتا ہے۔ جسم ایک طوق ہے جو روح کو چمٹا ہوا ہے۔ جب یہ طوق بھاری ہو جائے تو پھر روح کو دبا لیتا ہے۔ اس لئے سونے کہ وقت معدہ پر نہیں ہونا چاہئے کیونکہ اس کا اثر قلب پر بہت پڑتا ہے اور انسان کو سست کر دیتا ہے۔

دسواں طریق

دسواں طریق یہ ہے کہ جب انسان رات کو سوئے تو ایسی حالت میں نہ ہو کہ جنبی ہو یا اسے کوئی غلاظت لگی ہو۔ بات یہ ہے کہ طہارت سے ملائکہ کا بہت بڑا تعلق ہے اور وہ گندے انسان کے پاس نہیں آتے بلکہ دور ہٹ جاتے ہیں۔ اسی لئے رسول کریم ﷺ کے سامنے جب ایک بدبودار چیز لائی گئی تو آپؐ نے صحابہؓ کو فرمایا کہ تم کھالو، میں نہیں کھاتا۔ صحابہ نے کہا ہم بھی نہیں کھاتے۔ آپؐ نے فرمایا تم کھالو میرے ساتھ تو فرشتے باتیں کرتے ہیں اس لئے میں نہیں کھاتا کیونکہ انہیں ایسی چیزوں سے نفرت ہے تو غلاظت کو ملائکہ بہت ناپسند کرتے ہیں۔ حضرت خلیفۃ المسیح الاولؓ سناتے تھے کہ ایک دفعہ میں نے کھانا کھایا اور ہاتھ دھوئے بغیر سو گیا۔ رؤیا میں میں نے دیکھا کہ میرے بھائی صاحب آئے ہیں اور انہوں نے مجھے قرآن کریم دینا چاہا ہے لیکن جب میں ہاتھ لگانے لگا تو کہا کہ ہاتھ نہ لگانا تمہارے ہاتھ صاف نہیں ہیں۔ تو بدن کے صاف ہونے کا قلب پر بہت اثر پڑتا ہے۔ صفائی کی حالت میں سونے والے کو ملائکہ آ کر جگا دیتے ہیں۔ لیکن اگر صفائی میں فرق ہو تو پاس نہیں آتے۔ یہ طریق جسم کی صفائی کے متعلق ہے۔

گیارھواں طریق

گیارھواں طریق یہ ہے کہ بستر پاک وصاف ہو۔ بہت لوگ اس

لگے اور سویرے کھل جائے۔ دفتر کے کام یا اور کوئی ضروری فعل عشاء کی نماز کے بعد منع نہیں۔ مگر یہ ضروری ہے کہ سونے سے پہلے ذکر کر لے۔ یہ دوسرا طریق ہے۔

تیسرا طریق

تیسرا طریق یہ ہے کہ جب کوئی عشاء کی نماز پڑھ کر آئے اور سونے لگے تو خواہ اس کا وضو ہی ہے تو بھی تازہ وضو کر کے چارپائی پر لیٹے۔ اس کا اثر قلب پر پڑتا ہے اور اس سے خاص قسم کی نشاط پیدا ہوتی ہے۔ اور جب کوئی تازہ وضو کی وجہ سے نشاط کی حالت میں سوئے گا تو وہ آنکھ کھلتے وقت بھی نشاط میں ہی ہو گا۔ عام طور پر یہ دیکھا گیا ہے کہ اگر کوئی روتا سوئے تو وہ چیخ مار کر اٹھ بیٹھتا ہے۔ اور اگر ہنستا سوئے تو اٹھتے وقت بھی اس کا چہرہ بشاش ہی ہوتا ہے۔ اس طرح جو وضو کر کے نشاط سے سوتا ہے وہ اٹھتا بھی نشاط سے ہی ہے۔ اور اس طرح اس کو اٹھنے میں مدد ملتی ہے۔

چوتھا طریق

چوتھا طریق یہ ہے کہ جب سونے لگے تو کوئی ذکر کر کے سوئے۔ اس کا نتیجہ یہ ہو گا کہ رات کو ذکر کرنے کے لئے پھر اس کی آنکھ کھل جائے گی۔ یہی وجہ ہے کہ آنحضرت ﷺ بھی سونے سے پہلے یہ ذکر کیا کرتے تھے۔ آیت الکرسی، پھر تینوں قل ایک ایک دفعہ پڑھ کر اپنے ہاتھوں پر پھونکتے اور ہاتھ سارے جسم پر پھیرتے اور ایسا تین دفعہ کرتے تھے اور پھر دائیں طرف منہ کر کے یہ دعا پڑھتے،

"اَللّٰھُمَّ اَسْلَمْتُ نَفْسِیْ اِلَیْكَ، وَوَجَّھْتُ وَجْھِیْ اِلَیْكَ، وَفَوَّضْتُ اَمْرِیْ اِلَیْكَ، وَاَلْجَأْتُ ظَھْرِیْ اِلَیْكَ رَغْبَةً وَّرُھْبَةً اِلَیْكَ، لَا مَلْجَاءَ وَلَا مَنْجَاءَ مِنْكَ اِلَّا اِلَیْكَ اٰمَنْتُ بِكِتَابِكَ الَّذِیْ اَنْزَلْتَ وَنَبِیِّكَ الَّذِیْ اَرْسَلْتَ۔" اور اسی طرح ہر ایک مومن کو چاہئے۔ اور پھر چارپائی پر لیٹ کر دل میں "سُبْحَانَ اللّٰہِ وَبِحَمْدِہٖ سُبْحَانَ اللّٰہِ الْعَظِیْم" یا کوئی اور ذکر جاری رکھنا چاہیئے حتی کہ اس حالت میں آنکھ لگ جائے۔ کیونکہ جس حالت میں انسان سوتا ہے عام طور وہی حالت ساری رات اس پر گزرتی رہتی ہے۔ اس لئے جو شخص تسبیح و تحمید کرتے سوئے گا گویا ساری رات اسی میں لگا رہے گا۔ دیکھو عورتیں یا بچے اگر کسی غم اور تکلیف میں سوئیں تو سوتے سوتے جب کروٹ بدلتے ہیں تو دردناک اور غمگین آواز نکالتے ہیں کیونکہ اس غم کا جو سوتے وقت ان کو تھا ان پر اثر ہوتا ہے۔ لیکن اگر کوئی تسبیح کرتے سوئے گا تو جب کروٹ بدلے گا اس کے منہ سے تسبیح کی آواز ہی نکلے گی۔ یہی وجہ ہے کہ قرآن کریم میں خدا تعالیٰ فرماتا ہے کہ مومن وہ ہوتے ہیں کہ

تَتَجَافٰی جُنُوْبُھُمْ عَنِ الْمَضَاجِعِ یَدْعُوْنَ رَبَّھُمْ خَوْفًا وَّ طَمَعًا ۫ وَّمِمَّا رَزَقْنٰھُمْ یُنْفِقُوْنَ○ (السجدہ:۱۷)

یعنی ان کے پہلو بستروں سے اٹھے رہتے ہیں اور وہ خوف اور طمع سے اللہ تعالیٰ کو پکارتے ہیں اور جو کچھ ہم نے ان کو دیا اس سے خرچ کرتے ہیں۔ بظاہر تو بات درست معلوم نہیں ہوتی کیونکہ آنحضرت ﷺ بھی سوتے تھے اور دوسرے سب مومن بھی سوتے ہیں۔ لیکن اصل بات یہ ہے کہ چونکہ تسبیح کرتے کرتے سوتے ہیں اسلئے ان کی نیند، نیند نہیں ہوتی بلکہ تسبیح ہی ہوتی ہے اور اگرچہ وہ سوتے ہیں مگر درحقیقت سوتے نہیں۔ ان کی کمریں بستروں سے الگ رہتی ہیں اور وہ خدا کی یاد میں مشغول رہتے ہیں۔

پانچواں طریق

پانچواں طریق یہ ہے کہ سونے کے وقت کامل ارادہ کر لیا جائے تہجد کے لئے ضرور اٹھوں گا۔ انسان کے اندر خدا تعالیٰ نے یہ طاقت رکھی ہے کہ جب وہ زور سے اپنے نفس کو کوئی حکم کرتا ہے تو وہ تسلیم کر لیتا ہے اور یہ ایک ایسی بات ہے جس کو تمام دانا مانتے آئے ہیں۔ پس تم سونے کے وقت پختہ ارادہ کر لو کہ تہجد کے وقت اُٹھیں گے۔ اس طرح کرنے میں گو تم سو جاؤ گے مگر تمہاری روح جاگتی رہے گی کہ مجھے حکم ملا ہے کہ فلاں وقت جگانا ہے اور عین وقت پر خود بخود تمہاری آنکھ کھل جائے گی۔

تہجد کے لئے اٹھنے کے تیرہ طریق

(بیان فرمودہ: حضرت مصلح موعودؓ)

حضرت مصلح موعودؓ اپنی تقریر ''ذکر الٰہی'' میں فرماتے ہیں:

سوال یہ ہے کہ تہجد پڑھنی تو ضرور چاہیے مگر رات کو اٹھیں کیونکر؟ اس کا ایک ادنیٰ طریق میں پہلے بتاتا ہوں۔ اگرچہ اس میں نقصان بھی ہے مگر فائدہ بھی ہو سکتا ہے۔ اور وہ یہ ہے کہ آج کل الارم والی گھڑیاں مل سکتی ہیں ان کے ذریعہ انسان جاگ سکتا ہے۔ مگر میرا تجربہ ہے کہ یہ کوئی ایسا مفید طریق نہیں ہے۔ وجہ یہ ہے کہ چونکہ انسان کو بھروسہ ہو جاتا ہے کہ وہ مجھے وقت پر جگا دے گی اس لئے رات کو اٹھنے کی نیکی کی طرف جو توجہ اور خیال ہونا چاہیے وہ اس کو نہیں ہوتا۔ اگر اسے اٹھنے کا خیال ہوتا اور اسی خیال میں ہی اس کی آنکھ لگ جاتی تو گویا وہ ساری رات ہی عبادت کرتا رہتا۔

اس کے علاوہ کبھی ایسا بھی ہوتا ہے کہ اگر اٹھنے کو جی نہ چاہے تو انسان بجتے بجتے الارم کو بند کر دیتا ہے۔ لیکن اگر نیت اور ارادہ سے سوئے گا تو وقت پر ضرور اٹھ کھڑا ہو گا۔

پھر ایسے لوگ جو گھڑی کے ذریعہ اٹھتے ہیں وہ اس بات کی شکایت کرتے ہیں کہ نماز میں نیند آتی ہے۔ اس کی بھی وجہ یہی ہے کہ وہ گھڑی سے اٹھتے ہیں نہ کہ اپنے طور پر۔ اس لئے یہ طریق کوئی مفید نہیں ہے۔ ہاں ابتدائی حالت کے لئے یا کسی خاص ضرورت کے وقت مفید ہوتا ہے۔

میرے نزدیک وہ طریق جن سے رات کو اٹھنے سے مدد مل سکتی ہے تیرہ (۱۳) ہیں۔ اگر کوئی شخص ان پر عمل کرے تو میں یقین رکھتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ کے فضل سے اسے ضرور کامیابی ہو گی۔ شروع میں تو ہر کام میں مشکلات ہوتی ہیں مگر آخر کار ضرور ان میں کامیابی ہو گی۔ یہ سب باتیں جو میں بیان کروں گا وہ قرآن وحدیث سے ہی اخذ کی ہوئی بیان کروں گا نہ کہ اپنی طرف سے۔ مگر یہ خدا تعالیٰ کا مجھ پر خاص فضل ہے کہ یہ باتیں مجھ پر ہی کھولی گئی ہیں۔ اور اوروں سے پوشیدہ رہی ہیں۔ اگر وقت تنگ نہ ہوتا تو میں قرآن کریم کی وہ آیات اور حدیثیں بھی بیان کر دیتا جن سے میں نے اخذ کی ہیں مگر اب صرف نتائج ہی بیان کروں گا۔

پہلا طریق

پہلا طریق یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے نیچر میں قاعدہ رکھا ہے کہ جس وقت میں کوئی چیز پیدا ہوتی ہے وہی وقت جب دوسری دفعہ آئے تو اس چیز میں پھر جوش پیدا ہو جاتا ہے۔ اس کی مثالیں کثرت سے مل سکتی ہیں۔ مثلاً انسان کو جو بیماری بچپن میں ہو وہی بیماری بڑھاپے میں جبکہ بچپن کی سی حالت ہو جاتی ہے عود کر آتی ہے۔ یہی بات درختوں اور پرندوں میں پائی جاتی ہے۔ اس قاعدہ سے رات کو اٹھنے میں مدد مل سکتی ہے کہ عشاء کی نماز پڑھنے کے بعد کچھ عرصہ ذکر الٰہی کر لے۔ اس کا یہ فائدہ ہو گا کہ جتنا عرصہ وہ ذکر کرے گا صبح اتنا ہی قبل اس کی آنکھ ذکر کرنے کے لئے کھل جائے گی۔

دوسرا طریق

دوسرا طریق یہ ہے کہ عشاء کی نماز کے بعد کسی سے کلام نہ کرے۔ رسول کریم ﷺ نے بھی عشاء کی نماز پڑھنے کے بعد کلام کرنے سے روکا ہے۔ گو یہ بھی ثابت ہے کہ بعض دفعہ آپؐ کلام کرتے رہے ہیں۔ مگر عام طور پر آپ نے منع فرمایا ہے۔ اس کا باعث یہ ہے کہ اگر عشاء کی نماز کے بعد باتیں شروع کر دی جائیں تو انسان زیادہ جاگے گا اور صبح کو دیر کر کے اٹھے گا۔ اور دوسرے یہ کہ اگر وہ باتیں دینی اور مذہبی نہ ہوں گی تو ان کی وجہ سے توجہ دین سے ہٹ جائے گی۔ اس لئے آنحضرت ﷺ نے فرمایا کہ عشاء کی نماز کے بعد بغیر کلام کئے سو جانا چاہئے تاکہ دینی خیالات پر ہی آنکھ

جاگ اے شرمسار! آدھی رات

چوہدری محمد علی مضطرؔ عارفی

جاگ اے شرمسار! آدھی رات
اپنی بگڑی سنوار آدھی رات

یہ گھڑی پھر نہ ہاتھ آئے گی
باخبر، ہوشیار! آدھی رات

وہ جو بستا ہے ذرّے ذرّے میں
کبھی اس کو پکار آدھی رات

اس کے دربارِ عام میں جا بیٹھ
سب لبادے اتار آدھی رات

دو گھڑی عرضِ مدّعا کر لے
وقت ہے سازگار آدھی رات

بابِ رحمت کو کھٹکھٹانے دے
میرے پروردگار! آدھی رات

شدّتِ غم میں کچھ کمی کر دے
اب تو اے غمگسار! آدھی

کھلتے کھلتے کُھلے گا بابِ قبول
عرض کر بار بار آدھی رات

اپنے داتا کے در پہ آیا ہے
ایک اُمّیدوار آدھی رات

ہوش و صبر و قرار کا دامن
ہو گیا تار تار آدھی رات

میری فریاد کا جواب تو دے
بول اے کِردگار! آدھی رات

بے کسوں کو تری کریمی کا
آ گیا اعتبار آدھی رات

اشک در اشک جھلملانے لگا
میرا قرب و جوار آدھی رات

کس لیے بے قرار ہے مضطرؔ
کس کا ہے انتظار آدھی رات

☆... آدھی کو پنجابی لفظ ادّھی کے معنوں میں سمجھا جائے۔

میں نہیں ہوتی اور یہ طریق خدا کی مدد اور استعانت کے بغیر حاصل نہیں ہو سکتا۔ اور جب تک انسان دعاؤں میں نہ لگا رہے اس طرح کا خشوع اور خضوع پیدا نہیں ہو سکتا۔"

پس نماز کا حظ اور سرور حاصل کرنے کے لئے اللہ تعالیٰ کے فضل کو حاصل کرنے کی ضرورت ہے اور اللہ تعالیٰ کا فضل مانگنے کے لئے پھر اسی کے آگے جھکنے کی ضرورت ہے اور چلتے پھرتے بھی اس کا ذکر کرنے کی ضرورت ہے اور خشوع مانگنے کی ضرورت ہے۔ یہ حالت انسان پیدا کرے تو پھر نمازوں کا بھی مزا آتا ہے۔

حضور انور نے فرمایا کہ فرائض نمازوں کے ساتھ تہجد کی تاکید بھی آپؑ نے فرمائی اور انصار اللہ کو تو خاص طور پر اس کا التزام کرنا چاہئے۔ آپؑ فرماتے ہیں کہ "اس زندگی کے کل انفاس اگر دنیاوی کاموں میں گزر گئے تو آخرت کے لئے کیا ذخیرہ کیا۔ تہجد میں خاص کر اُٹھو اور ذوق اور شوق سے ادا کرو۔ درمیانی نمازوں میں بہ باعث ملازمت ابتلا آجاتا ہے۔ نماز اپنے وقت پر ادا کرنی چاہئے۔۔۔۔ اگر اللہ تعالیٰ کے لئے تکلیف اٹھاویں تو کیا خوب ہے۔" اللہ تعالیٰ ہم سب کو اپنی نمازوں کی حفاظت کرنے اور پُر سرور نمازیں پڑھنے کی توفیق عطا فرمائے۔

حضور انور نے آخر میں فرمایا کہ آئندہ انصار اللہ کو چاہئے کہ اپنے اجتماعات ایسی جگہ منعقد کریں جہاں پانچوں وقت کی نمازوں کا اہتمام بھی ہو سکے۔ بہر حال اللہ تعالیٰ ان کا اجتماع کامیاب کرے اور ہمیں حقیقی عابد بنائے۔ آمین (خلاصہ خطاب بر موقع انصار اللہ اجتماع)

(الفضل انٹرنیشنل 20 اکتوبر 2017 تا 26 اکتوبر 2017)

نماز مومن کا نور

حضرت انسؓ بیان کرتے ہیں کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

حسد نیکیوں کو اس طرح کھا جاتا ہے جیسے آگ ایندھن کو کھا جاتی ہے۔ اور صدقہ خطاؤں کو بجھا دیتا ہے جس طرح پانی آگ کو۔ اور نماز مومن کا نور ہے۔ اور روزہ آگ سے بچنے کے لئے ڈھال ہے۔

(سنن ابن کتاب الزہد باب الحسد حدیث نمبر 4200)

اعلیٰ درجہ کی عبادت

"یہ جو نماز ہے یہ تو ایک بہت ہی اعلیٰ درجہ کا مقام ہے اور اس نماز کی راہ میں، اس نماز تک پہنچنے کے لئے بہت سی مشکلات ہیں، بہت سی روکیں ہیں اور ایک مبتدی کے لئے جگہ جگہ ٹھوکر کے سامان بھی ہیں۔ لیکن پہنچنا ہمیں اس نماز تک ہی ہے۔ ٹھوکریں ہوں تب بھی اس نماز تک ہمیں پہنچنا ہے کیونکہ یہی زندگی کا مقصود ہے اور اس کے بغیر ہم اپنے اعلیٰ مقصد زندگی کو پا نہیں سکتے۔"

(خطباتِ طاہر جلد ۴ صفحہ ۹۴۱) (خطبہ جمعہ ۲۹ نومبر ۱۹۸۵ء)

گھر میں نماز گاہ

حضرت عتبان بن مالکؓ رسول کریم صلی اللہ وسلم کے پاس گئے اور کہا کہ میری بینائی کمزور ہے میں اپنی قوم کو نماز پڑھاتا ہوں جب بارش ہوتی ہے تو میرے اور میرے قوم کے درمیان وادی پانی سے بھر جاتی ہے اور میں مسجد تک نہیں جا سکتا۔ میں چاہتا ہوں کہ آپ ہمارے گھر تشریف لائیں اور وہاں نماز پڑھائیں جسے ہم نماز گاہ بنالیں۔ چنانچہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ایک دن سورج بلند ہونے کے بعد تشریف لائے اور دو رکعات باجماعت نماز پڑھائی۔

صحیح بخاری کتاب الصلوٰۃ باب المساجد فی البیوت حدیث نمبر 407

حضور صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے فرمایا:

"انسان جس جگہ نماز پڑھتا ہے، جب تک وہاں بیٹھا رہتا ہے، یا اس کا وضو نہیں ٹوٹتا تو فرشتے اس وقت تک اس کے لئے یہ دعا کرتے رہتے ہیں:

اے اللہ اس شخص کو بخش دے اور اس پر رحم کر"

(سنن دارمی، کتاب الصلوٰۃ)



نماز اپنے وقت پر ادا کرنی چاہئے۔ اگر اللہ تعالیٰ کے لئے تکلیف اُٹھاویں تو کیا خوب ہے۔

خلاصہ ۲۹؍ ستمبر ۲۰۱۷ء بمطابق ۲۹؍ تبوک ۱۳۹۶ ہجری شمسی بمقام مسجد بیت الفتوح۔ مورڈن۔ لندن

حضور انور نے تشہد، تعوذ اور سورۃ فاتحہ کی تلاوت کے بعد فرمایا کہ آج اللہ تعالیٰ کے فضل سے مجلس انصار اللہ یوکے کا سالانہ اجتماع شروع ہو رہا ہے۔ اس حوالے سے میں انصار کو ایک انتہائی اہم اور بنیادی چیز کی طرف توجہ دلانی چاہتا ہوں اور وہ ہے نماز۔ نماز ہر مومن پر فرض ہے لیکن چالیس سال کی عمر کے بعد جبکہ یہ احساس پہلے سے بڑھ کر پیدا ہونا چاہئے کہ میری عمر کے ہر دن بڑھنے سے میری زندگی کے دن کم ہو رہے ہیں ایسی حالت میں اللہ تعالیٰ کی عبادت اور نماز کی طرف زیادہ توجہ پیدا ہونی چاہئے۔ ایسی حالت میں ایک مومن کی، ہر اس شخص کی جس کو مرنے کے بعد کی زندگی اور یوم آخرت پر ایمان ہے، فکر ہونی چاہئے کہ ہم اللہ تعالیٰ کے بھی حق ادا کرنے والے ہوں اور اس کے بندوں کے بھی حق ادا کرنے والے ہوں اور ایسی حالت میں اللہ تعالیٰ کے حضور حاضر ہوں جب اپنی کوشش کے مطابق یہ حقوق ادا کر رہے ہوں۔

حضور انور نے فرمایا کہ نماز کے قائم کرنے کا حکم ہے اور نماز کے قائم کرنے کا مطلب ہی نماز کو وقت پر اور باجماعت ادا کرنا ہے لیکن دیکھنے میں آیا ہے کہ باوجود اس کے کہ انصار کی عمر ایک پختہ اور سنجیدگی کی عمر ہے نماز باجماعت کی طرف اس طرح توجہ نہیں ہے جو ہونی چاہئے۔ پس انصار اللہ کو خاص طور پر سب سے زیادہ اس بات کی طرف توجہ دینی چاہئے کہ ان کا ہر ممبر نماز باجماعت کا عادی ہو۔ انصار اللہ حقیقی رنگ میں انصار اللہ تبھی بن سکتے ہیں جب اللہ تعالیٰ کے دین کو قائم کرنے اور اس پر عمل کرنے اور کروانے میں اپنا کردار ادا کریں۔ اگر اللہ تعالیٰ کی عبادت جو انسان کی پیدائش کا مقصد ہے اس پر عمل نہیں کر رہے اور جن کے نگران بنائے گئے ہیں ان سے عمل نہیں کروا رہے، اپنے نمونے پیش نہیں کر رہے تو صرف نام کے انصار اللہ ہیں۔ پس ہر ناصر کو خاص طور پر اپنے جائزے لینے چاہئیں کہ کس حد تک وہ نماز کے پابند ہیں۔ کس حد تک وہ اپنا نمونہ بچوں کے سامنے پیش کر رہے ہیں۔ ان کی نمازوں کی حالت اور کیفیت کیا ہے۔ کیا صرف ایک فرض اور بوجھ سمجھ کر نمازیں ادا ہو رہی ہیں یا حقیقت میں اللہ تعالیٰ کی رضا حاصل کرنے کے لئے یہ سب کچھ کر رہے ہیں۔

حضور انور نے فرمایا کہ یہ انسان کی کمزوری ہے اور نمازوں کی طرف توجہ نہ دینا ہے اور اللہ تعالیٰ کے فضل سے محروم ہونا ہے کہ نماز میں لذت نہیں آتی۔ ہم میں سے جو بھی ایسے ہیں ان کو فکر کرنی چاہئے۔ پھر حقیقی نماز کی وضاحت فرماتے ہوئے حضرت مسیح موعود علیہ السلام فرماتے ہیں کہ ”یاد رکھو! یہ نماز ایسی چیز ہے کہ اس سے دنیا بھی سنور جاتی ہے اور دین بھی۔۔۔۔۔ نماز تو وہ چیز ہے کہ انسان اس کے پڑھنے سے ہر ایک طرح کی بدعملی اور بے حیائی سے بچایا جاتا ہے۔۔۔۔۔ اس طرح کی نماز پڑھنی انسان کے اپنے اختیار

نماز کی پابندی کریں اور ان کو گلہ، شکوہ اور غیبت سے روکو۔ پاکبازی اور راستبازی ان کو سکھاؤ۔ ہماری طرف سے صرف سمجھانا شرط ہے اس پر عمل درآمد کرنا تمہارا کام ہے۔"

(ملفوظات جلد6 صفحہ 145-146۔ ایڈیشن 1985ء مطبوعہ انگلستان)

غیروں کو سمجھائیں، عورتوں کو سمجھائیں یا بچوں کو سمجھائیں تو اس کے لئے خود بھی پاکبازی اور راستبازی کے نمونے دکھانے ہوں گے۔

پھر فرمایا کہ **"پانچ وقت اپنی نمازوں میں دعا کرو۔ اپنی زبان میں بھی دعا کرنی منع نہیں ہے۔ نماز کا مزا نہیں آتا جب تک حضور نہ ہو۔"** (یعنی خاص توجہ پیدا نہ ہو) "اور حضورِ قلب نہیں ہوتا ہے جب تک عاجزی نہ ہو۔ عاجزی جب پیدا ہوتی ہے جو یہ سمجھ آجائے کہ کیا پڑھتا ہے۔ اس لئے اپنی زبان میں اپنے مطالب پیش کرنے کے لئے جوش اور اضطراب پیدا ہو سکتا ہے۔ مگر اس سے یہ ہرگز نہیں سمجھنا چاہئے کہ نماز کو اپنی زبان ہی میں پڑھو۔ نہیں، میرا یہ مطلب ہے کہ مسنون اَدعیہ اور اَذکار کے بعد اپنی زبان میں بھی دعا کیا کرو۔ ورنہ نماز کے ان الفاظ میں خدا نے ایک برکت رکھی ہوئی ہے۔ نماز دعا ہی کا نام ہے اس لئے اس میں دعا کرو کہ وہ تم کو دنیا اور آخرت کی آفتوں سے بچاوے اور خاتمہ بالخیر ہو۔ اور تمام کام تمہارے اس کی مرضی کے موافق ہوں۔ اپنی بیوی بچوں کے لئے بھی دعا کرو۔ نیک انسان بنو۔ اور ہر قسم کی بدی سے بچتے رہو۔"

(ملفوظات جلد6 صفحہ 145-146۔ ایڈیشن 1985ء مطبوعہ انگلستان)

اللہ تعالیٰ ہمیں نمازوں کی حفاظت کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔ ان میں باقاعدگی رکھنے کی توفیق عطا فرمائے۔ اپنی نمازوں کو خالص ہو کر اللہ تعالیٰ کی رضا کی خاطر ادا کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔ ہماری نمازوں میں لذت و سرور پیدا فرمائے۔ کبھی ہم اس میں سستی دکھانے والے نہ ہوں اور اس بات کی حقیقت کو ہم سمجھنے والے ہوں کہ آج دنیا کی آفات اور مصیبتوں سے ہم اسی وقت نجات پا سکتے ہیں جب ہم اللہ تعالیٰ کی عبودیت کا حق ادا کرنیوالے ہوں گے۔ اللہ تعالیٰ ہمیں اس کی توفیق دے۔ آمین

(الفضل انٹرنیشنل 10 فروری 2017 تا 16 فروری 2017)

حضرت خلیفۃ المسیح الرابعؒ فرماتے ہیں:

"سب سے زیادہ عدم توجہی صبح کی نماز پر ہے اور خاص طور پر ان معاشروں میں جن میں راتوں کو دیر تک جاگنے کا رواج ہے صبح کی نماز کو سب سے زیادہ نقصان پہنچتا ہے جس کا مطلب ہے کہ انسان کو سب سے بڑا نقصان صبح کی نماز پر توجہ نہ دینے کے نتیجے میں پہنچتا ہے اور یہ ایک ایسی بیماری ہے جو بعض بڑے بڑے اچھے سمجھے جانے والے خاندانوں میں بھی ہے بلکہ زیادہ متمول گھرانوں میں یہ برائی زیادہ پائی جاتی ہے۔ اکثر میں نے دیکھا ہے کہ ایسے لوگ راتیں دیر تک جاگ کر گزارتے ہیں اور مجلسیں گپوں سے سجتی ہیں۔ ہر قسم کی باتیں جن کا زندگی کی حقیقتوں سے تعلق نہ بھی ہو، محض کپڑوں کی باتیں ہی ہوں، ان باتوں میں بے حد وقت خرچ کیا جاتا ہے اور جب صبح تھک ہار کر انسانی توجہ میں جان نہ رہے اور گہری توجہ کے ساتھ نماز پڑھنے کی اہلیت ہی نہ رہے اس وقت وہ تھکے ہارے سو جاتے ہیں اور پھر صبح دس گیارہ بجے آنکھ کھلی جب کہ نماز ہاتھ سے نکل گئی ۔۔۔ یہ بیماری ہر گھر میں پائی جاتی ہے لیکن اللہ تعالیٰ کا احسان ہے کہ غرباء میں نسبتاً کم ہے جن کے پاس رات کو مجلسیں لگانے کا وقت نہ ہو۔ دن کے تھکے ہارے گھر آکر سو جاتے ہوں، ان کو اس قسم کی عیاشی کا وقت ہی نہیں ملتا نہ ان کے نزدیک یہ کوئی عیاشی ہے کہ جیسا بھی ہو اروکھی سوکھی کھا کر سونے والے اس کے بعد پھر جاگیں اور بے وجہ مجلسیں لگائیں۔ یہ فطرت کے خلاف بات ہے۔ مجلسیں لگانے والوں کے ہاں عموماً چائے بھی چلتی ہے۔ وقتاً فوقتاً کھانے کی دوسری چیزیں بھی پیش ہوتی ہیں اور پھر ان کو مجلس کا مزہ آتا ہے اور مجلس خوب رچتی ہے۔ لیکن یہ مجلس اللہ کی مجلس نہیں۔ ایسی مجلس کے خلاف آنحضرت ﷺ نے مختلف رنگ میں مختلف وقتوں میں بڑی سختی سے اظہار فرمایا ہے۔۔۔ صبح کی نماز کو چھوڑنا اس مرکزی نیکی کو چھوڑنا ہے جس پر باقی نیکیاں قائم ہیں۔ اگر یہ ہاتھ سے جاتی رہے تو گویا سب نمازیں ہاتھ سے جاتی رہیں۔"

(خطبہ جمعہ ۱۰ اکتوبر ۱۹۹۷)

جائے گی تو)"پھر رفتہ رفتہ وہ وقت آجاتا ہے کہ انقطاع کُلّی کی حالت میں انسان ایک نور اور ایک لذت کا وارث ہو جاتا ہے۔"

(ملفوظات جلد 9 صفحہ 11۔ ایڈیشن 1985ء مطبوعہ انگلستان)

پھر انسان دنیا سے کٹ جاتا ہے۔ اللہ تعالیٰ کی طرف توجہ پیدا ہو جاتی ہے اور پھر نمازوں میں وہ لذت اور سرور آنی شروع ہو جاتی ہے۔

پس پہلے نماز کی عادت ضروری ہے۔ اپنے آپ کو نماز کا پابند کرنا ضروری ہے۔ چاہے نمازوں کا فائدہ انسان کو ظاہری حالت میں نظر آتا ہو یا نہ لیکن نمازیں بہر حال پڑھنی ہیں کیونکہ یہ فرض ہیں اور یہ سمجھ کر عادت ڈالنی ضروری ہے کہ میں نے ہر حالت میں اللہ تعالیٰ کی طرف ہی رجوع کرنا ہے۔ اس کے پاس ہی جانا ہے۔ ہر ضرورت کے لئے اسی سے مانگنا ہے۔ یہ مستقل مزاجی اگر رہے گی تو پھر ایک وقت آئے گا کہ نمازوں کے حق بھی ادا ہونا شروع ہو جائیں گے۔ نمازوں میں لذت بھی آنی شروع ہو جائے گی۔ اور پھر بعض لوگ جس طرح پوچھنے پر جواب دیتے ہیں ان کا یہ جواب نہیں ہو گا کہ میں کوشش کرتا ہوں کہ نماز پڑھوں لیکن سستی ہو جاتی ہے۔ آپ نے ایک موقع پر فرمایا کہ سستی ہوتی ہی اس وقت ہے جب نماز کی اہمیت نہیں ہوتی۔

(ماخوذ از ملفوظات جلد 9 صفحہ 6-7۔ ایڈیشن 1985ء مطبوعہ انگلستان)

اور غیر اللہ کو انسان زیادہ اہم سمجھ رہا ہوتا ہے۔ اگر اللہ تعالیٰ پر کامل یقین ہے تو کس طرح ہو سکتا ہے کہ سستی ہو۔ پس آج دنیا کے جو حالات ہو رہے ہیں ان کے بد اثرات سے اپنے آپ کو اور اپنی نسلوں کو بچانے کے لئے اللہ تعالیٰ کی طرف خالص ہو کر جھکنا بہت ضروری ہے اور اس جھکنے کا بہترین ذریعہ اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول اور اس زمانے میں حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام نے یہی بتایا ہے کہ اپنی نمازوں کی ادائیگی اور حفاظت کی طرف ہم توجہ دیں۔

حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام ایک جگہ فرماتے ہیں:

"یاد رکھو کہ اس سلسلہ میں داخل ہونے سے دنیا مقصود نہ ہو بلکہ خدا تعالیٰ کی رضا مقصود ہو کیونکہ دنیا تو گزرنے کی جگہ ہے وہ تو کسی نہ کسی رنگ میں گزر جائے گی۔" فارسی کا مصرعہ ہے۔ آپ نے فرمایا کہ "شب تو رگذشت و شب سمور گزشت"

(کہ رات ٹھنڈی ہو یا گرم ہو گزر ہی جاتی ہے۔ حالات اچھے ہوں یا برے ہوں گزر ہی جاتے ہیں۔) فرمایا کہ

"دنیا اور اس کے اغراض اور مقاصد کو بالکل الگ رکھو۔ ان کو دین کے ساتھ ہر گز نہ ملاؤ کیونکہ دنیا فنا ہونے والی چیز ہے اور دین اور اس کے ثمرات باقی رہنے والے۔ دنیا کی عمر بہت تھوڑی ہوتی ہے۔ تم دیکھتے ہو کہ ہر آن اور ہر دم میں ہزاروں موتیں ہوتی ہیں۔ مختلف قسم کی وبائیں اور امراض دنیا کا خاتمہ کر رہی ہیں۔ کبھی ہیضہ تباہ کرتا ہے۔ اب طاعون ہلاک کر رہی ہے" (اُس زمانے میں طاعون پھیلا ہوا تھا) "کسی کو کیا معلوم ہے کہ کون کب تک زندہ رہے گا۔ جب موت کا پتہ نہیں کہ کس وقت آجائے گی پھر کیسی غلطی اور بیہودگی ہے کہ اس سے غافل رہے۔ اس لئے ضروری ہے کہ آخرت کی فکر کرو۔ جو آخرت کی فکر کرے گا اللہ تعالیٰ دنیا میں اس پر رحم کرے گا۔ اللہ تعالیٰ کا وعدہ ہے کہ جب انسان مومن کامل بنتا ہے تو وہ اس کے اور اس کے غیر میں فرق رکھ دیتا ہے۔ اس لئے پہلے مومن بنو اور یہ اسی طرح ہو سکتا ہے کہ بیعت کی خالص اغراض کے ساتھ جو خدا ترسی اور تقویٰ پر مبنی ہیں دنیا کے اغراض کو ہر گز نہ ملاؤ۔ نمازوں کی پابندی کرو اور توبہ و استغفار میں مصروف رہو۔ نوع انسان کے حقوق کی حفاظت کرو اور کسی کو دکھ نہ دو۔ راستبازی اور پاکیزگی میں ترقی کرو تو اللہ تعالیٰ ہر قسم کا فضل کر دے گا۔ عورتوں کو بھی اپنے گھروں میں نصیحت کرو کہ وہ

پانچ وقت اپنی نمازوں میں دعا کرو۔ اپنی زبان میں بھی دعا کرنی منع نہیں ہے۔ نماز کا مزا نہیں آتا جب تک حضور نہ ہو۔

السلام فرماتے ہیں کہ:

''پس خوب یاد رکھو اور پھر یاد رکھو کہ غیر اللہ کی طرف جھکنا خدا سے کاٹنا ہے''(اللہ تعالیٰ سے تعلق ختم کرنا ہے) فرمایا''نماز اور توحید کچھ ہی ہو''(خود فرماتے ہیں کہ توحید کے عملی اظہار کا نام ہی نماز ہے۔توحید کا منہ سے دعویٰ تو کر دیا لیکن توحید کے عملی اظہار کا نام نماز ہے۔)فرمایا

'' نماز اور توحید کچھ ہی ہو۔۔۔۔،اسی وقت بے برکت اور بے سُود ہوتی ہے جب اس میں نیستی اور تذلّل کی روح اور حنیف دل نہ ہو''۔فرمایا''سنو وہ دعا جس کے لئے اُدْعُوْنِیْٓ اَسْتَجِبْ لَکُمْ فرمایا ہے۔(یعنی مجھے پکارو میں تمہیں جواب دوں گا۔)''اس کے لئے یہی سچی روح مطلوب ہے۔''(اُدْعُوْنِیْٓ اَسْتَجِبْ لَکُمْ کے لئے یہ سچی روح مطلوب ہے۔)''اگر اس تضرع اور خشوع میں حقیقت کی روح نہیں تو ٹیں ٹیں سے کم نہیں ہے۔

(ملفوظات 9 جلد صفحہ 12۔ایڈیشن 1985ء مطبوعہ انگلستان)

(یعنی طوطا جس طرح بولتا ہے اسی طرح ہے) سچی روح پیدا کرنی چاہئے۔تضرع اور خشوع پیدا کرنا چاہئے اگر وہ نہیں تو کوئی فائدہ نہیں۔

پس جیسا کہ پہلے بھی ذکر ہو چکا ہے کہ دعا میں عاجزی اور تضرع ہو تو پھر اللہ تعالیٰ قبول فرماتا ہے۔پھر آپ نے یہ وضاحت فرمائی کہ نماز کی مختلف حالتیں جیسے قیام ہے، رکوع ہے، سجدہ ہے، یہ سب حالتیں جو ہیں کہ ایک اضطراری حالت کو ظاہر کرتی ہے۔ایک بے چینی انسان کو ظاہر کرتی ہے۔انسان کبھی اٹھتا ہے کبھی بیٹھتا ہے۔کبھی سجدے میں جاتا ہے اور ان حالتوں کی وجہ سے جو اضطراری حالت ہے فرمایا کہ ان حالتوں کی وجہ سے دل میں سوزش اور اضطراب پیدا ہونا چاہئے۔دل میں بھی سوزش اور اضطراب پیدا ہونا چاہئے اور جب ایسی حالت ہو گی تو پھر حالت سجدہ میں بھی، قیام میں بھی، رکوع میں بھی پھر لذّت اور سرور حاصل ہو گا۔

پھر عبودیت کے مقام اور حقیقی عاجزی اور گناہوں کو جلا کر ختم کرنے والی نماز کی وضاحت فرماتے ہوئے آپ فرماتے ہیں کہ:

''انسان کی روح جب ہمہ نیستی ہو جاتی ہے''(ہر وقت عاجزی اور اپنے آپ کو کچھ نہ سمجھنا ہو جاتی ہے)''تو وہ خدا کی طرف ایک چشمے کی طرح بہتی ہے''(عاجزی پیدا ہو گی تبھی خدا کی طرف بہے گی)''اور ماسوائے اللہ سے اسے انقطاع ہو جاتا ہے۔اس وقت خدا تعالیٰ کی محبت اس پر گرتی ہے۔''انسان جب کوشش کر کے اور اللہ تعالیٰ سے فضل مانگتے ہوئے اللہ تعالیٰ کے سوا ہر چیز سے تعلق توڑتا ہے تو اس وقت خدا تعالیٰ کی محبت اس پر گرتی ہے اور جب خدا تعالیٰ کی یہ محبت انسان پر گرے تو پھر آپ نے فرمایا کہ گناہ جل کر ختم ہو جاتے ہیں اور پھر نمازوں میں مستقل سرور کی کیفیت پیدا ہو جاتی ہے۔

(ماخوذ از ملفوظات جلد 9 صفحہ 10۔ایڈیشن 1985ء مطبوعہ انگلستان)

دنیاوی خواہشات کے پورا کرنے کے لئے بچوں کی دنیاوی ترقی کے لئے تو ماں باپ فکر کا اظہار کر رہے ہوتے ہیں لیکن جو اصل فکر کا مقام ہے اس کی پرواہ بھی نہیں ہوتی۔

پس بجائے یہ شکوہ کرنے کے یا دل میں یہ خیال لانے کے کہ ہماری نمازیں ہمیں مزہ نہیں دیتیں، ہمیں اللہ تعالیٰ سے اس خاص تعلق کو پیدا کرنے کی کوشش کرنی چاہئے۔اپنی حالتوں کو دیکھیں ہم صرف ٹکریں مار رہے ہیں یا نماز کا حق ادا کر رہے ہیں۔پھر نماز میں نور اور لذت پانے کے طریق کے بارے میں مزید بیان فرماتے ہوئے آپ فرماتے ہیں کہ:

'' نماز کا التزام اور پابندی بڑی ضروری چیز ہے تا کہ اوّلاً وہ ایک عادتِ راسخہ کی طرح قائم ہو۔''(ایک ایسی عادت بن جائے جو پکی ہو جائے۔)'' اور رجوع اِلی اللہ کا خیال ہو''(اللہ تعالیٰ کی طرف جانے کا خیال دل میں ہو۔جب یہ چیزیں ہو جائیں گی، جب عادت پکی ہو

میں خاموشی تھی۔ گو فجر اور عشاء کی نماز کی حاضری کے بارے میں مَیں نے جو استفسار کیا اور جائزہ لیا اس میں جو اعداد و شمار سامنے آئے کافی بہتر تھے۔ لیکن نظام کی اس میں کوئی کوشش نہیں تھی۔ اگر لذت اور سرور پیدا کرنے والے نمازی پیدا ہو جائیں گے تو مالی نظام خود بخود ٹھیک ہو جائے گا کیونکہ تقویٰ کا معیار بڑھنے سے ہی مالی قربانی کی طرف بھی توجہ پیدا ہوتی ہے۔ اور یہی نہیں بلکہ امور عامہ اور قضاء کے جو مسائل ہیں وہ بھی بہت حد تک حل ہو جائیں گے بلکہ اگر سارے نمازیں صحیح طرح ادا کرنی شروع کر دیں تو باقی شعبہ جات بھی ایکٹو (active ہو) جائیں گے۔

اور آجکل تو صرف پاکستان ہی نہیں دنیا کہ عمومی حالات ایسے ہیں کہ جنگ اور تباہی کا خطرہ بڑی تیزی سے بڑھ رہا ہے۔ حکومتوں نے بھی اب اس کا اظہار کرنا شروع کر دیا ہے اور اس کے لئے کچھ نہ کچھ حد تک کاروائیاں بھی شروع کر دی ہیں۔ ایسے وقت میں اللہ تعالیٰ کی پناہ ہی ہے جو بچائے گی۔

بہت سے لوگ لکھتے ہیں کہ جنگ شروع ہو گی تو کیا ہو گا؟ ہم کیا کریں؟ تو ان کو یہی جواب ہے کہ اگر ان خطروں سے بچنا ہے تو پھر جیسا کہ حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا ہے خدائے ذوالعجائب سے پیار کرنا ہو گا۔ اور اس پیار کا ایک ہی طریقہ ہے کہ اپنی نمازوں اور اپنی عبادتوں کو اس حکم کے مطابق ڈھالتے ہوئے ہم لذّت و سرور پیدا کرنے کی کوشش کریں۔

اکثر لوگ ان ممالک میں آکر دنیاوی کشائش دیکھ کر خدا تعالیٰ کو بھلا دیتے ہیں۔ ان کے خیال میں یہ کشائش انہیں ان ملکوں کی ترقی کی وجہ سے ملی ہے۔ اور یہ خیال پیدا ہوتا ہے کی یہ لوگ اتنے ترقی یافتہ ہیں لیکن ان کے کونسے ایسے عمل ہیں، کونسی عبادتیں کر رہے ہیں کہ اس کے باوجود یہ ترقی کر رہے ہیں اور پھر بعض یہ بھی سوچتے ہیں کہ ہم ان سے تو بہتر ہیں کہ اگر پانچ نمازیں فرض ہیں تو پانچ میں سے دو تین نمازیں تو پڑھ ہی لیتے ہیں۔ ہمیں یاد رکھنا چاہئے کہ خدا کو بھولنے والوں کے لئے آخر میں عذاب مقدر ہے تو ان لوگوں کے پیچھے نہ چلیں۔ ہم نے اگر اللہ تعالیٰ کی پکڑ سے بچنا ہے اور اپنی نسلوں کو بچانا ہے تو ان کی یہ ظاہری حالت نہ دیکھیں بلکہ اس تعلیم کے مطابق عمل کریں جو خدا تعالیٰ ہم سے چاہتا ہے۔

اللہ تعالیٰ نے اپنی ذات پر ایمان کے بعد قیام نماز کا حکم دیا ہے۔ پس ہر احمدی مرد کو بھی، عورت کو بھی، اپنی نمازوں کی حفاظت اور مردوں کو خاص طور پر باجماعت نماز کی ادائیگی کی طرف بہت توجہ دینی چاہئے۔

دل نہ چاہنے کے باوجود خوب اچھی طرح وضو کرنا اور مسجد سے دور چل کر آنا اور ایک نماز کے بعد دوسری نماز کا انتظار کرنا یہ گناہوں سے دوریاں پیدا کرتا ہے۔

اس زمانے میں حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام نے نمازوں کی اہمیت، اس کے پڑھنے کے طریق، اس کے فلسفہ کے بارے میں بہت کھول کھول کر بیان فرمایا ہے۔ اللہ تعالیٰ نے اپنا فضل فرماتے ہوئے ہمیں آپؑ کو ماننے کی توفیق عطا فرمائی لیکن اس کے باوجود اگر ہم بنیادی چیز پر عمل نہیں کریں گے جیسا کہ مَیں نے کہا اور غیروں کی طرح دو تین نمازوں پر ہی اکتفا کریں گے جس طرح کہ اکثر غیر احمدی بھی اس طرح کرتے ہیں تو پھر اس بیعت کا کوئی فائدہ نہیں ہے۔

نمازوں کے حوالے سے حضرت مسیح موعود علیہ السلام ہمیں کس معیار پر دیکھنا چاہتے ہیں؟ اس حوالے سے کس کس طریق سے آپ نے ہمیں سمجھایا ہے؟ اس کے لئے آپ کے کچھ ارشادات پیش کرتا ہوں۔ ایک مومن لَااِلٰہَ اِلَّا اللّٰہ کا کلمہ پڑھ کر توحید کا اعلان کرتا ہے۔ اور توحید کیا ہے؟ اس بارے میں حضرت مسیح موعود علیہ

جمعہ سننے کی طرف اتنے ہزار خدّام کی توجہ پیدا ہوئی ہے۔ لیکن جو قابل فکر بات ہے وہ یہ کہ نماز باجماعت کے عادی جمعہ کا خطبہ سننے والوں کا قریباً تیسرا حصہ تھے یا اس سے تھوڑا سا زیادہ تھے۔ اس طرح نمازوں کے عادی خدّام کی تعداد بھی خطبہ سننے والوں سے کافی کم تھی۔ ایسا خطبہ سننے کا کیا فائدہ جس سے ہماری توجہ بھی اللہ تعالیٰ کی طرف نہ ہو اور اس بنیادی فرض کی طرف نہ ہو جو انتہائی ضروری ہے۔ جیسا کی میں نے کہا کہ میں تو ہر دوسرے تیسرے خطبہ میں نماز باجماعت یا عبادت کے بارے میں بات کرتا ہوں۔ اگر اس کا اثر ہی نہیں ہونا تو صرف تعداد کی خانہ پوری کرنے کا تو کوئی فائدہ نہیں ہے۔ پاکستان میں جیسے احمدیوں کے حالات مَیں نے بیان کئے ہیں اگر اس کے بعد بھی اللہ تعالیٰ کی طرف توجہ پیدا نہیں ہو گی تو پھر کب ہو گی؟ کیا ہم اللہ تعالیٰ کا نعوذ باللہ امتحان لینا چاہتے ہیں کہ ہم نے تو ایسے ہی رہنا ہے یہ اللہ تعالیٰ کا کام ہے کہ ہمارے حالات بدلے اگر یہی اظہار ہونے ہیں تو پھر اللہ تعالیٰ سے شکوے کا کوئی حق نہیں ہے۔ اللہ تعالیٰ نے کہیں نہیں فرمایا کہ تم جو چاہے کرتے رہو، میرے حق ادا کرو یا نہ کرو کیونکہ تم نے مسیح موعودؑ کو مان لیا ہے اس لئے مَیں تمہیں کامیابیاں دوں گا۔ کامیابیاں حاصل کرنے کے لئے اپنی حالتوں کو اللہ تعالیٰ کی رضا کے مطابق ڈھالنے کی ضرورت ہے۔

خدّام کی رپورٹ کا مَیں نے ذکر کیا ہے تو اس کا مطلب یہ نہیں ہے کہ یہ کمزوری صرف خدام الاحمدیہ میں ہے۔ انصار کا بھی یہی حال ہے۔ پس پاکستان کے ہر احمدی کو اس کی طرف توجہ دینے کی ضرورت ہے۔ کامیابیاں سونے سے نہیں ملیں گی۔ کامیابیاں لا پرواہی سے نہیں ملیں گی۔ کامیابیاں سرحدوں پر گھوڑے باندھنے اور چھاؤنیاں قائم کرنے سے ملیں گی۔ پاکستان سے نکل کر جو لوگ باہر آئے ہوئے ہیں یا عمومی طور پر ہر جگہ جماعت میں ان ترقی یافتہ ممالک میں بھی اور باقی دنیا میں بھی ان کی حالت بھی یہی ہے۔ ہم یہ نہیں کہہ سکتے کہ باہر آ کر بڑے نمازی ہو گئے یا ہر جگہ نمازی ہیں۔ جماعتوں کا جائزہ لیں تو نمازوں کے معاملہ میں بہت ساری کمزوریاں نظر آئیں گی۔ انصاف سے اگر ہر ملک میں ہر تنظیم اپنے جائزے لے تو نتائج خود بخود سامنے آ جائیں گے۔ لیکن پاکستان سے باہر آئے ہوئے لوگ جو ہیں ان کو خاص طور پر یہ خیال رکھنا چاہئے کہ اللہ تعالیٰ نے ان پر جو فضل کئے ہیں اس کا شکریہ بھی ادا کرنا ہے۔ اس کا اظہار کس طرح کرنا ہے۔

کامیابیاں سونے سے نہیں ملیں گی۔ کامیابیاں لا پرواہی سے نہیں ملیں گی۔ کامیابیاں سرحدوں پر گھوڑے باندھنے اور چھاؤنیاں قائم کرنے سے ملیں گی۔

بعض جماعتوں میں نمازوں کی اچھی حاضری ہوتی ہے لیکن پھر بھی کوئی نہ کوئی نماز کسی نہ کسی کی ضائع ہو رہی ہوتی ہے اور کئی ایسے ہیں جو بعض دفعہ ایک آدھ نماز نہیں بھی پڑھتے۔ اور اس کی ایک وجہ جیسا کہ میں نے کہا یہ بھی ہے کہ نظام اس کی طرف توجہ نہیں دلاتا اور نظام کی بھی دوسری ترجیحات ہیں۔

میرے خطبات اوّل تو ہر ایک سنتا ہی نہیں۔ یہ کہنا کہ سو فیصد لوگ سنتے ہیں یہ بھی غلط ہے۔ اور اگر سن بھی لیں تو پھر بھی مستقل یاددہانی کروانا نظام جماعت کا کام ہے۔ اس لئے نظام قائم کیا گیا ہے کہ تربیت کی طرف توجہ ہو۔

گزشتہ دنوں یہاں کی ایک جماعت کی مجلس عاملہ سے ملاقات تھی تو صدر صاحب نے بتایا کہ جب سے مَیں صدر بنا ہوں مالی نظام کی طرف میں نے بہت توجہ کی ہے اور اب ہم اس میں بہت تیزی سے آگے بڑھ رہے ہیں۔ تو مَیں نے انہیں کہا کہ ٹھیک ہے یہ کوشش تو آپ نے کی لیکن ایک مومن کے لئے جو بنیادی چیز ہے اور فرض ہے یعنی نماز۔ اس کے لئے آپ نے کیا کوشش کی؟ تو اس بارے

پس مستقل مزاجی کے ساتھ نماز میں اس کا مزہ لینے کی کوشش آخر ایک وقت میں دل کو پگھلا کر وہ مزہ دے دیتی ہے۔ آپ نے اس بات کی بھی تاکید فرمائی اور وضاحت فرمائی کہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ نماز فواحش اور برائیوں سے بچاتی ہے۔ لیکن اس کے باوجود ہم دیکھتے ہیں، لوگ سوال بھی کرتے ہیں کہ باوجود نماز پڑھنے کے لوگ بدیاں کرتے ہیں، برائیاں کرتے ہیں۔ تو آپ فرماتے ہیں کہ اس کا جواب یہ ہے کہ روح اور سچائی کے ساتھ نمازیں نہیں پڑھتے بلکہ صرف رسم اور عادت کے طور پر ٹکریں مارتے ہیں۔

(ملفوظات جلد 9 صفحہ 8۔ ایڈیشن 1985ء مطبوعہ انگلستان)

پس ہمیں ہمیشہ یاد رکھنا چاہئے کہ اللہ تعالیٰ کہتا ہے کہ نماز برائیوں سے بچاتی ہے تو یقیناً یہ سچ ہے۔ اللہ تعالیٰ کا کلام جھوٹا نہیں ہو سکتا۔ جن لوگوں میں نمازیں پڑھنے کے باوجود برائیاں قائم رہتی ہیں ان کی نمازیں صرف ظاہری نمازیں ہوتی ہیں وہ اس کی روح کو نہیں سمجھتے۔ پس یہ بہت ہی قابل فکر بات ہے جس پر ہم میں سے ہر ایک کو اپنی حالت کا جائزہ لینا چاہئے۔ اگر ہمیں لذت اور سرور آرہا ہو یا پکا ارادہ ہو کہ میں نے لذت اور سرور حاصل کرنا ہے تو کس طرح ہو سکتا ہے کہ ہم میں سے کوئی اپنی نمازوں میں باقاعدگی اختیار نہ کرے۔ ہر ایک کو کبھی نہ کبھی اس لذت اور سرور کا تجربہ ہو جاتا ہے اور ہوا ہو گا۔ مشکل اور پریشانی میں جب کوئی ہوتا ہے تو ہم دیکھتے ہیں کہ نمازوں میں بہت سے ایسے ہیں جو بڑے روتے ہیں، گڑگڑاتے ہیں۔ چلتے پھرتے بھی اللہ تعالیٰ سے دعا کرتے ہیں۔ اس کی طرف توجہ رہتی ہے اور اسی وجہ سے پھر عبادت کی طرف بھی توجہ رہتی ہے تو کوئی نہ کوئی ان کے دل میں یہ خیال پیدا ہوتا ہے اور کچھ نہ کچھ توجہ پیدا ہو رہی ہوتی ہے جس کی وجہ سے وہ تکلیف کی صورت میں مستقل دعاؤں میں لگے رہتے ہیں۔ لیکن جب اپنی خواہشات پوری ہو جائیں، جب مشکلات سے نکل جائیں تو پھر بہت سارے ایسے ہیں جن کی نمازوں میں عاجزانہ دعاؤں میں سستی پیدا ہو جاتی ہے۔ پس جیسا کہ حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا کہ ہمیں مسلسل کوشش سے اپنے سامنے یہ ٹارگٹ رکھنا ہے کہ چاہے حالات اچھے ہوں یا برے، تنگی میں بھی اور کشائش میں بھی اس لذت و سرور کو حاصل کرنے کی کوشش کرنی ہے جو نشہ کی کیفیت طاری کر دے اور صرف ذاتی حالات ہی نہیں ایک مومن کو تو معاشرے کے عمومی حالات بھی جو ہیں وہ بھی درد پیدا کرنے والے ہونے چاہئیں اور جب یہ درد کی کیفیت ہوتی ہے تو پھر درد سے دعائیں بھی نکلتی ہیں۔

جب اپنی خواہشات پوری ہو جائیں جب مشکلات سے نکل جائیں تو پھر بہت سارے ایسے ہیں جن کی نمازوں میں، عاجزانہ دعاؤں میں سستی پیدا ہو جاتی ہے۔

پاکستان میں مثلاً جماعتی حالات بہت خراب ہیں ہر طرف سے افراد جماعت کے خلاف نفرتوں کے تیر برسائے جا رہے ہیں۔ بعضوں اور کینوں کے اظہار ہو رہے ہیں۔ مُلّاؤں کے خوف سے یا ان کی باتوں سے غلط فہمی پیدا ہونے کی وجہ سے پرانے تعلق والے غیر از جماعت بھی بعض جگہ مخالفتوں میں بڑھتے چلے جا رہے ہیں۔ عمومی طور پر بھی دیکھیں تو ان ظلموں کی انتہا ہو چکی ہے۔ ایسے میں پاکستان میں تو ہر احمدی کو جہاں لذت و سرور والی نمازیں پڑھنے کی کوشش کرنی چاہئے وہاں مسجدوں کو آباد کرنے کی طرف بھی توجہ دینی چاہئے۔

گزشتہ دنوں خدام الاحمدیہ پاکستان کی طرف سے شوریٰ کے فیصلہ جات کی تعمیل کی ایک رپورٹ آئی جس میں انہوں نے لکھا کہ تعداد کے لحاظ سے تربیتی فیصلہ جات میں ہم نے یہ یہ کامیابیاں حاصل کی ہیں بڑی اچھی بات ہے۔ ترقی کی طرف قدم بڑھے ہیں۔ ان تربیتی امور کی بہت سی باتوں میں سے ایک بات یہ بھی تھی کہ میرا خطبہ

اس بات کا اسے خود خیال رکھنا چاہئے لیکن جماعت میں ایک نظام بھی قائم ہے اس نظام کو بھی اس طرف توجہ دلاتے رہنا چاہئے۔ اس کی حقیقت واضح کرتے رہنا چاہئے۔ میں اکثر خطابات میں اس طرف توجہ دلاتا رہتا ہوں۔ کسی نہ کسی حوالے سے نمازوں کی طرف توجہ دلائی جاتی ہے۔ لیکن پھر اسے آگے پھیلانا مربیان اور نظام جماعت کا کام ہے کہ توجہ دلائیں۔ ہر فرد جماعت تک نماز کی اہمیت کا پیغام بار بار پہنچائیں۔ حقیقت میں تو ہم احمدی ہونے کا حق اس وقت ادا کر سکیں گے جب ہم اپنی نمازوں کی حفاظت کرتے ہوئے ان سے روحانی حظّ اٹھانے والے ہو گئے اور جب یہ روحانی سرور اور حظّ حاصل ہونا شروع ہو جائے گا تو پھر نمازوں کی ادائیگی کی طرف خود بخود توجہ پیدا ہو جائے گی۔

پس اس طرف جیسا کہ مَیں نے کہا ہر احمدی کو خود توجہ پیدا کرنے کی ضرورت ہے کہ کس طرح ہم نے اپنی نماز پڑھنی ہے۔ ایسی نماز پڑھنی ہے جو ہمیں دلی سرور دلوا سکے، جو ہمیں لذّت عطا کرے۔

حضرت مسیح موعود علیہ السلام نے نماز کی ادائیگی کی طرف توجہ دلاتے ہوئے کہ کس طرح یہ سرور حاصل ہو سکتا ہے۔ آپ نے مثال دی فرمایا کہ ”مَیں دیکھتا ہوں کہ ایک شرابی اور نشہ باز انسان کو جب سرور نہیں آتا تو وہ پے در پے پیتا جاتا ہے۔“ (نشہ حاصل کرنے کے لئے شراب پیتا چلا جاتا ہے) ”یہاں تک کہ اس کو ایک قسم کا نشہ آجاتا ہے۔“ فرمایا کہ ”دانشمند اور زِیرک انسان اِس سے فائدہ اٹھا سکتا ہے۔“ (یعنی اس مثال سے اگر کوئی عقلمند انسان ہے تو وہ فائدہ اٹھا سکتا ہے) ”اور وہ یہ“ (کس طرح فائدہ اٹھانا ہے اپنی روحانیت کو تیز کرنے کے لئے نمازوں کی طرف توجہ دینے کے لئے) ”کہ نماز پر دوام کرے۔“ (نماز میں باقاعدگی اختیار کرے اور کبھی نہ چھوڑے۔) فرمایا ”اور پڑھتا جاوے یہاں تک کہ اس کو سرور آجائے۔ اور جیسے شرابی کے ذہن میں ایک لذت ہوتی ہے جس کا حاصل کرنا اُس کا مقصود بالذات ہوتا ہے۔“

”شرابی جب شراب پیتا ہے تو اس نے ذہن میں اپنا کوئی ایک معیار مقرر کیا ہوتا ہے کہ میں نے یہ لذت حاصل کرنی ہے۔ فرمایا کہ جو معیار وہ اپنے نشہ کے لئے حاصل کرتا ہے تو ایک روحانی شخص کو، ایک مومن کو بھی اپنا کوئی مقصود بنانا چاہئے جس کو اس نے نماز کے لئے حاصل کرنا ہے اور اسی طرح بار بار مستقل مزاجی سے کوشش ہو گئی تو تبھی سرور حاصل ہو سکتا ہے۔ آپ فرماتے ہیں کہ ”اسی طرح سے ذہن میں اور ساری طاقتوں کا رجحان نماز میں اسی سرور کو حاصل کرنا ہو۔“ ایک نمازی جب نماز پڑھے تو ذہن میں یہ بات رکھے اور اپنی جو بھی توجہ ہے اور جتنی طاقتیں ہیں ان کو نماز پڑھتے ہوئے استعمال کرے کہ میں نے یہ سرور حاصل کرنا ہے اور اس کے لئے قوت ارادی کو بڑھانے کی ضرورت ہے۔ اگر قوت ارادی ہو گی تو پھر ہی مستقل مزاجی رہ سکے گی۔ آپ فرماتے ہیں کہ ”اور پھر ایک خلوص اور جوش کے ساتھ کم از کم اس نشہ باز کے اضطراب اور قلق اور کرب کی مانند ہی ایک دعا پیدا ہو کر وہ لذت حاصل ہو تو مَیں کہتا ہوں اور سچ کہتا ہوں۔۔۔۔۔۔ کہ یقیناً یقیناً وہ لذت حاصل ہو جائے گی“۔ پھر ایک درد اور فکر ہو گی۔ ایک کرب ہو گا۔ ایک بے چینی ہو گی کہ کاش مجھے نماز میں سرور حاصل ہو۔ نماز پڑھتے ہوئے اس بے چینی کا بار بار اللہ تعالیٰ کے آگے اظہار ہو تو آپ فرماتے ہیں کہ یقیناً پھر وہ سرور حاصل ہو جائے گا، لذت حاصل ہو جائے گی۔

مستقل مزاجی کے ساتھ نماز میں اس کا مزہ لینے کی کوشش آخر ایک وقت میں دل کو پگھلا کر وہ مزہ دے دیتی ہے۔

(ملفوظات جلد 9 صفحہ 7-8۔ ایڈیشن 1985ء مطبوعہ انگلستان)

جو زیادہ ثواب رکھا ہے)''اس میں یہی غرض ہے کہ وحدت پیدا ہوتی ہے اور پھر اس وحدت کو عملی رنگ میں لانے کی یہاں تک ہدایت اور تاکید ہے کہ باہم پاؤں بھی مساوی ہوں''۔(یعنی پاؤں بھی جب سیدھے صف میں کھڑے ہو تو برابر ہوں۔اس کے لئے ایڑھیاں برابر کی جاتی ہیں۔) ''اور صف سیدھی ہو اور ایک دوسرے سے ملے ہوئے ہوں۔اس سے مطلب یہ ہے کہ گویا ایک ہی انسان کا حکم رکھیں''۔(صف بندی ہو گی تو ایک انسان کی طرح بن جائیں گی۔یعنی اس میں طاقت پیدا ہو گی۔''اور ایک کے انوار دوسرے میں سرایت کر سکیں''۔فرمایا

''وہ تمیز جس سے خودی اور خود غرضی پیدا ہوتی ہے نہ رہے''۔(یعنی امیر بھی ،غریب بھی سب ایک صف میں کھڑے ہوں گے۔بعض لوگوں کے دماغوں میں خودی ہوتی ہے یا خود غرضی ہوتی ہے اس کو با جماعت نماز ختم کرتی ہے۔)

فرمایا کہ

''یہ خوب یاد رکھو کہ انسان میں یہ قوت ہے کہ وہ دوسرے کے انوار کو جذب کرتا ہے۔''

(ملفوظات جلد 8 صفحہ 247-248۔ایڈیشن 1985ء مطبوعہ انگلستان)

(کسی میں نیکی کا زیادہ اثر ہے۔نیکیوں کے اچھے اونچے مقام پر ہے تو دوسرا بھی اس کے اثر کو قبول کرے گا)

پس نیکیوں کے اثر کو قبول کرنے کے لئے باجماعت نماز بھی فائدہ دیتی ہے۔پس نماز باجماعت سے جہاں ایک وحدت کا اظہار ہے جو اللہ تعالیٰ اُمت میں پیدا کرنا چاہتا ہے وہاں ایک دوسرے کی نیکیوں کا بھی اثر ہوتا ہے۔جب ایک ہی صف میں زیادہ نیکیاں بجالانے والے اور روحانی لحاظ سے بڑھے ہوئے اور اسی طرح کمزور لوگ جو ہیں وہ بھی کھڑے ہوں گے تو کمزوروں پر نیکیوں کا اثر پڑے گا اور ان میں بھی نیکیوں میں بڑھنے اور ترقی کرنے اور روحانیت کے بڑھانے کی قوت بڑھے گی اور جب یہ وحدت پیدا ہوتی ہے اور جب روحانیت بڑھتی تو پھر شیطانی طاقتیں کمزور ہو جاتی ہیں۔

اس زمانے میں اللہ تعالیٰ نے آنحضرت ﷺ کے غلام صادق کو بھیجا جنہوں نے ہمیں عبادتوں اور نمازوں کا صحیح اِدراک پیدا کرنے کی طرف رہنمائی فرمائی۔پس اگر ہم ایک طرف تو یہ دعویٰ کریں کہ ہم نے اپنی روحانی حالت کی بہتری اور وحدت کے قیام کے لئے آنحضرت ﷺ کے غلام صادق اور مسیح موعود اور مہدی موعود کو مان لیا ہے اور دوسری طرف ہمارے عملوں اور خاص طور پر بنیادی اسلامی حکم کے بجالانے میں کمزوری ہو۔جو بنیادی فرض ہے اس میں کمزوری ہو۔اس چیز میں کمزوری ہو جو ہماری پیدائش کا مقصد ہے۔اس مقصد کے حصول کے لئے اللہ تعالیٰ نے جو کم از کم معیار مقرر فرمایا ہے اس چیز میں کمزوری ہو تو ہم کس طرح دعویٰ کر سکتے ہیں کہ ہم نے اپنی روحانی حالت کی ترقی اور اللہ تعالیٰ کے احکام پر چلنے کے لئے آنحضرت ﷺ کے حکم پر لبیک کہتے ہوئے ،حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کو مانا ہے۔

اس زمانے میں اللہ تعالیٰ نے آنحضرت ﷺ کے غلام صادق کو بھیجا جنہوں نے ہمیں عبادتوں اور نمازوں کا صحیح اِدراک پیدا کرنے کی طرف رہنمائی فرمائی۔

جیسا کہ مَیں نے بتایا کہ قرآن کریم میں بھی متعدد جگہ پانچ نمازوں کی فرضیت بیان ہوئی،اہمیت بیان ہوئی ہے۔آنحضرت ﷺ کے ارشادات بھی بڑے واضح ہیں جو میں نے بیان کئے ہیں۔یہ نمازیں تو ہر احمدی کے لئے ضروری ہیں ہی لیکن ساتھ ہی جیسا کہ آنحضرت ﷺ نے باجماعت نماز کی اہمیت بیان فرمائی ہے ہر عاقل (عقل رکھنے والے) بالغ مرد پر باجماعت نماز فرض ہے۔لیکن اس کی طرف ہم دیکھتے ہیں کہ پوری توجہ نہیں ہے اور کمزوری ہے۔بیشک ایک حقیقی مومن پر نماز فرض ہے اور

سے اس کا روحانی میل کچیل دور ہوتا ہے جیسا کہ آنحضرت ﷺ نے ایک مثال دیتے ہوئے فرمایا کہ کیا تم سمجھتے ہو کہ اگر کسی کے دروازے کے پاس سے نہر گزر رہی ہو اور وہ اس میں پانچ بار روزانہ نہائے تو اس کے جسم پر کوئی میل رہ جائے گی؟ صحابہ نے عرض کیا یا رسول اللہ! یقیناً کوئی میل نہیں رہے گی۔ اس پر آپ ﷺ نے فرمایا تو پھر یہی مثال پانچ نمازوں کی ہے۔ اللہ تعالیٰ ان کے ذریعہ گناہ معاف کرتا اور کمزوریاں دور کرتا ہے۔

(صحیح البخاری کتاب مواقیت الصلاۃ باب الصلوات الخمس کفارۃ حدیث 528)

پانچ نمازیں پڑھنے والے کی روح پر کوئی میل نہیں رہتی۔ پس یہ ہے نماز کی اہمیت جو آنحضرت ﷺ نے ایک خوبصورت مثال کے ذریعہ بیان فرمائی ہے۔ لیکن جیسا کے میں نے کیا صرف نماز پڑھنے کا ہی حکم نہیں بلکہ حقیقی مومن مردوں کو اس روح کی میل اتارنے کے لئے مزید وضاحت فرمائی ہے۔ آپ ﷺ نے فرمایا جس شخص نے گھر سے وضو کیا پھر وہ اللہ تعالیٰ کے گھر یعنی مسجد کی طرف گیا تا کہ وہاں فرض نماز ادا کرے تو مسجد کی طرف جاتے ہوئے جتنے قدم اس نے اٹھائے ان میں سے اگر ایک قدم سے اس کا ایک گناہ معاف ہو گا تو دوسرے قدم سے اس کا ایک درجہ بلند ہو گا۔ یعنی ہر قدم ہی اسے ثواب دینے والا ہے۔

(صحیح مسلم کتاب المساجد و مواضع الصلاۃ باب المشی الی الصلاۃ۔۔۔۔ حدیث 1406)

پھر ایک موقع پر با جماعت نماز کی اہمیت کو آپ ﷺ نے اس طرح بیان فرمایا کہ کیا مَیں تمہیں وہ بات نہ بتاؤں جس سے اللہ تعالیٰ گناہ مٹا دیتا ہے اور درجات بلند کرتا ہے؟ صحابہ رضوان اللہ علیہم نے جو ہر وقت اس بات کے لئے بے چین تھے کہ ہمیں کب کوئی موقع ملے اور ہم اللہ تعالیٰ کو راضی کرنے کی کوشش کریں، اس کو راضی کرنے کے طریقے سیکھیں، اس کا قرب حاصل کریں، اپنے گناہوں سے دوریاں پیدا کریں، انہوں نے عرض کیا یا رسول اللہ ضرور بتائیے۔ آپ ﷺ نے فرمایا۔ دل نہ چاہنے کے باوجود خوب اچھی طرح وضو کرنا اور مسجد سے دور چل کر آنا اور ایک نماز کے بعد دوسری نماز کا انتظار کرنا یہ گناہوں سے دوریاں پیدا کرتا ہے۔ آپؐ نے فرمایا اتنا ہی نہیں یہ ایک قسم کا رباط ہے۔

(صحیح مسلم کتاب الاطھارۃ باب فضل اسباغ الوضوء علی المکارہ حدیث 475)

یعنی سرحد پر چھاؤنیاں قائم کرنے کے برابر ہے۔ جس طرح ملک اپنی حفاظت کے لئے سرحدوں پر چھاؤنیاں بناتے ہیں، فوجیں رکھتے ہیں یہ اسی طرح ہے۔

سرحدوں پر چھاؤنیاں کیوں قائم کی جاتی ہیں؟ جیسا کہ میں نے کہا اپنے ملک کی حفاظت کے لئے۔ اس لئے تا کہ دشمن کے حملے سے محفوظ رہا جائے اور حملے کی صورت میں فوراً مقابلے کے لئے تیار ہوا جا سکے۔

پس ایک مومن کو سب سے بڑا خطرہ جس سے بچنے کے لئے اس کو ضرورت ہے، جس کے بچنے کے لئے چھاؤنی قائم کرنے کی ضرورت ہے، وہ خطرہ شیطان کا ہے۔ دنیاوی خواہشات کا خطرہ ہے جو شیطان دل میں پیدا کرتا۔ ان کے ذریعہ سے شیطان حملہ کرتا ہے، پس ان سے بچنے کے لئے نماز با جماعت کی چھاؤنی ہے۔ یہی محافظوں کا دستہ ہے جو شیطان کے حملوں سے بچائے گا۔ گناہوں سے انسان بچے گا اور نیکیوں کی طرف توجہ پیدا ہو گئی۔

پانچ نمازیں پڑھنے والے کی روح پر کوئی میل نہیں رہتی۔

اسی طرح نماز با جماعت میں اکیلے نماز پڑھنے کی نسبت 27 گنا زیادہ ثواب ہے۔ اس کے بارے میں بھی آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا۔

(صحیح البخاری کتاب الاذان باب فضل صلاۃ الجماعۃ۔۔۔۔ حدیث 645)

حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام با جماعت نماز کی اہمیت بیان فرماتے ہوئے ایک جگہ فرماتے ہیں کہ:

”نماز میں جو جماعت کا زیادہ ثواب رکھا ہے“ (یعنی نماز با جماعت میں



عبادتوں اور نمازوں کا صحیح اِدراک پیدا کرنے کی طرف رہنمائی

حقیقت میں تو ہم احمدی ہونے کا حق اس وقت ادا کر سکیں گے جب ہم اپنی نمازوں کی حفاظت کرتے ہوئے ان سے روحانی حظّ اٹھانے والے ہوں گے۔

خطبہ جمعہ سیدنا امیر المومنین حضرت مرزا مسرور احمد خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز خطبہ جمعہ فرمودہ مورخہ 20 جنوری 2017ء بمطابق 20 صلح 1396 ہجری شمسی بمقام مسجد بیت الفتوح، مورڈن

تشہد، تعوذ اور سورۃ فاتحہ کی تلاوت کے بعد حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصر العزیز نے فرمایا!

ہم میں سے کون نہیں جانتا کہ مسلمانوں پر نماز فرض ہے۔ قرآن کریم میں متعدد جگہ نماز کی اہمیت مختلف حوالوں سے بیان کر کے اس طرف توجہ دلائی گئی ہے۔ آنحضرت ﷺ نے بھی فرمایا ہے کہ نماز عبادت کا مغز ہے۔

(ماخوذ از سنن الترمذی کتاب الدعوات باب ماجاء فی فضل الدعاء حدیث 3371)

بلکہ آپ ﷺ نے یہاں تک فرمایا کہ نماز کو چھوڑنا انسان کو کفر اور شرک کے قریب کر دیتا ہے۔

(صحیح مسلم کتاب الایمان باب بیان اطلاق اسم الکفر علی من ترک الصلاۃ حدیث 149)

پھر آپؐ نے نماز کی اہمیت بیان فرماتے ہوئے فرمایا کہ قیامت کے دن سب سے پہلے جس چیز کا بندوں سے حساب لیا جائے گا وہ نماز ہے۔ اگر تو یہ حساب ٹھیک رہا تو کامیاب ہو گیا اور نجات پالی ورنہ گھاٹا پایا، نقصان اٹھایا۔

(سنن الترمذی ابواب الصلاۃ باب ماجاء ان اول مایحاسب۔۔۔۔۔ حدیث 413)

پھر بچوں کو بھی نماز کا پابند بنانے کے لئے آنحضرت ﷺ نے ارشاد فرمایا اور فرمایا کہ سات سال کی عمر کو پہنچنے پر بچے کو نماز کی تلقین کرو اور دس سال کی عمر میں اس کو نماز کا پابند کرنے کے لئے کوئی سختی بھی کرنی پڑے تو کرو۔

(سنن ابی داوٗد کتاب الصلوٰۃ باب متی یؤمر الغلام بالصلاۃ حدیث 495)

> **قیامت کے دن سب سے پہلے جس چیز کا بندوں سے حساب لیا جائے گا وہ نماز ہے۔ اگر تو یہ حساب ٹھیک رہا تو کامیاب ہو گیا اور نجات پالی ورنہ گھاٹا پایا، نقصان اٹھایا۔**

اگر ماں باپ ہی نمازوں کے پابند نہ ہوں گے تو بچوں کو کس طرح کہہ سکتے ہیں یا اگر بچے اپنے اجلاسوں یا مختلف ذریعوں سے یہ حدیث سن لیں، آنحضرت ﷺ کا ارشاد سن لیں لیکن وہ گھر میں اپنے باپوں کو نمازوں کا پابند نہ دیکھیں تو ان پر کیا اثر ہو گا؟ یقیناً ایسے باپوں کے بچے یہ خیال کریں گے کہ اس حکم کی کوئی اہمیت نہیں ہے۔ بلکہ ایک حکم کی اہمیت کو نظر انداز کرنے سے بچے کے دل پر ہر اسلامی حکم کی اہمیت کا اثر ختم ہو جائے گا۔ ایسے لوگ نہ صرف پھر آنحضرت ﷺ کے ارشاد کے مطابق خود گھاٹا پانے والوں میں شامل ہو رہے ہوتے ہیں بلکہ اپنی اولاد کو بھی گھاٹا پانے والوں میں شامل کروا رہے ہوتے ہیں۔ دیناوی خواہشات کے پورا کرنے کے لئے بچوں کی دیناوی ترقی کے لئے تو ماں باپ فکر کا اظہار کر رہے ہوتے ہیں لیکن جو اصل فکر کا مقام ہے اس کی پرواہ بھی نہیں ہوتی۔

پھر ایک حقیقی مومن کے لئے صرف نماز ہی ضروری نہیں ہے جس

پاکیزہ منظوم کلام

کلام حضرت مسیح موعود علیہ السلام

جو خاک میں ملے اُسے ملتا ہے آشنا
اے آزمانے والے ! یہ نسخہ بھی آزما

زندہ وہی ہیں جو کہ خُدا کے قریب ہیں
مقبول بن کے اُس کے عزیز و حبیب ہیں

وہ دور ہیں خُدا سے جو تقویٰ سے دور ہیں
ہر دم اسیرِ نَخوت و کِبر و غُرور ہیں

تقویٰ یہی ہے یارو کہ نخوت کو چھوڑ دو
کِبر و غرور و بخل کی عادت کو چھوڑ دو

اِس بے ثبات گھر کی محبت کو چھوڑ دو
اُس یار کے لئے رہِ عشرت کو چھوڑ دو

تلخی کی زندگی کو کرو صِدق سے قبول
تا تم پے ہو ملائکۂ عرش کا نزول

اِسلام چیز کیا ہے؟ خُدا کے لئے فنا
ترکِ رضائے خویش پئے مرضئ خُدا

جو مر گئے اُنہی کے نصیبوں میں ہے حَیات
اِس رہ میں زِندگی نہیں مِلتی بجُز مَمات

اَے کِرمِ خاک! چھوڑ دے کبر و غرور کو
زیبا ہے کِبر حضرتِ ربِّ غیور کو

بَد تر بنو ہر ایک سے اپنے خیال میں
شاید اِسی سے دخل ہو دارُالوِصال میں

چھوڑو غُرور و کِبر کہ تقویٰ اِسی میں ہے
ہو جاؤ خاک مرضئِ مولا اِسی میں ہے

تقویٰ کی جڑ خُدا کے لئے خاکساری ہے
عِفّت جو شرطِ دیں ہے وہ تقویٰ میں ساری ہے

جو لوگ بد گُمانی کو شیوہ بناتے ہیں
تقویٰ کی راہ سے وہ بہت دُور جاتے ہیں

جو متقی ہے اس کا خُدا خود نصیر ہے
انجام فاسِقوں کا عذابِ سَعیر ہے



ارشادات

حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز

حضرت خلیفہ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز فرماتے ہیں کہ:

1۔ ”ہم میں سے بہت سے ایسے ہیں جو وقت مقررہ تو علیحدہ رہا، نمازوں میں اکثر سستی کر جاتے ہیں۔ کیا ایسا کر کے ہم اس حکم پر عمل کر رہے ہیں کہ (حٰفِظُوۡا عَلَی الصَّلَوٰتِ وَالصَّلٰوۃِ الۡوُسۡطٰی ۫ وَقُوۡمُوۡا لِلّٰہِ قٰنِتِیۡنَ ۔)(البقرۃ:239) تو نمازوں کا اور خصوصاً درمیانی نماز کا پورا خیال رکھو۔ اور اللہ کے فرمانبردار ہو کر کھڑے ہو جاؤ۔

پس ہر احمدی کو اپنی نمازوں کی حفاظت کی طرف توجہ دینی چاہئے اور انہیں وقت مقررہ پر ادا کرنا چاہئے۔ اگر اپنے آپ کو اللہ تعالیٰ کی حفاظت میں لے کر آنا ہے، اگر توحید کو قائم کرنے کا دعویٰ کرنے والا بننا ہے تو اپنی عبادتوں کے معیار بلند کرنے ہوں گے۔ اپنی نمازوں کی بھی حفاظت کرنی ہو گی، کاموں کے عذر کی وجہ سے دوپہر کی یا ظہر کی نماز اگر آپ چھوڑتے ہیں تو نمازوں کی حفاظت کرنے والے نہیں کہلا سکتے۔ بلکہ خدا کے مقابلے میں اپنے کاموں کو، اپنے کاروباروں کو اپنی حفاظت کرنے والا سمجھتے ہیں۔ اور اگر فجر کی نماز تم نیند کی وجہ سے وقت پر ادا نہیں کر رہے تو یہ دعویٰ غلط ہے کہ ہمارے دلوں میں خدا کا خوف ہے اور ہم اس کے آگے جھکنے والے ہیں۔ اسی طرح کوئی بھی دوسری نماز اگر عادتاً یا کسی جائز عذر کے بغیر وقت پر ادا نہیں ہو رہی تو وہی تمہارے خلاف گواہی دینے والی ہے کہ تمہارا دعویٰ تو یہ ہے کہ ہم خدا کا خوف رکھنے والے ہیں لیکن عمل اس کے برعکس ہے۔ اور جب یہ نمازوں میں بے توجہگی اسی طرح قائم رہے گی اور نمازوں کی حفاظت کا خیال نہیں رکھا جائے گا تو پھر یہ رونا بھی نہیں رونا چاہئے کہ خدا ہماری دعائیں نہیں سنتا۔“ (خطبہ جمعہ 24 جون 2005ء)

2۔ ”نمازوں کی حفاظت اور نگرانی ہی اس بات کی ضامن ہو گی کہ ہمیں اور ہماری نسلوں کو گناہوں اور غلط کاموں سے پاک رکھے۔ ہماری نمازوں میں باقاعدگی یقیناً ہمارے بچوں میں بھی یہ روح پیدا کرے گی کہ ہم نے بھی نمازوں میں باقاعدہ ہونا ہے۔ اس کی اسی طرح حفاظت کرنی ہے جس طرح ہمارے والدین کرتے ہیں۔ اور جب یہ بات ان بچوں کے ذہنوں میں راسخ ہو جائے گی، بیٹھ جائے گی کہ ہم نے نمازوں میں باقاعدگی اختیار کرنی ہے تو پھر والدین کو یہ چیز اس فکر سے بھی آزاد کر دے گی کہ اس مغربی معاشرے میں جہاں ہزار قسم کے کھلے گند اور برائیاں ہر طرف پھیلی ہوئی ہیں، ہر وقت والدین کو یہ فکر رہتی ہے کہ ان کے بچے اس گند میں کہیں گر نہ جائیں۔ دعا کے لئے لکھتے ہیں، کہتے بھی ہیں اور خود کوشش بھی کرتے ہوں گے، دعا بھی کرتے ہوں گے۔ اگر اپنے بچوں کو ان گندگیوں اور غلاظتوں میں گرنے سے بچانا ہے تو سب سے بڑی کوشش یہی ہے کہ نمازوں میں باقاعدہ کریں۔ کیونکہ اب ان غلاظتوں اور اس گند سے بچانے کی ضمانت ان بچوں کی نمازیں اللہ تعالیٰ کے وعدے کے مطابق دے رہی ہیں۔

(بحوالہ خطباتِ مسرور جلد سوم صفحہ ۳۷۳۔ ۳۷۲)



ارشادات

حضرت خلیفۃ المسیح الرابع رحمہ اللہ تعالیٰ

حضرت خلیفہ المسیح الرابع رحمہ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں کہ:

1۔ ”اوّل یہ کہ پانچ وقت نماز کی عادت ڈالیں۔ یہ مومن کی زندگی کی حفاظت کے لئے ضروری ہے۔ دوسرے یہ کہ ہر نماز کو اللہ کی محبت کے رنگ سے بھرنے کی کوشش کریں۔ اگر ایک نماز بھی انسان کو ایسی نصیب ہو جائے جس میں اللہ تعالیٰ کا عشق موجزن ہو تو وہی نماز ہمیشہ کے لئے اس کی نجات کی ضمانت بن جایا کرتی ہے۔ چناچہ لیلۃ القدر میں یہی راز ہے اور یہی پیغام ہے کہ بعض اوقات انسان کو ایک ایسی عبادت نصیب ہو جاتی ہے جس کے نتیجہ میں آئندہ ہمیشہ اس کی عبادت کی ضمانت مل جاتی ہے۔ انسان کو اس کی عبادت کی حفاظت کا پیغام ملتا ہے۔ اسی لئے ایسی نمازیں پڑھنے کی کوشش کریں جن سے اللہ تعالیٰ راضی ہو جائے اور اس کے نتیجہ میں وہ تمہیں اپنا بنالے۔“

(بحوالہ خطباتِ طاہر جلد 1 صفحہ 115)

2۔ ”جہاں تک میں نے جائزہ لیا ہے۔ میرا تاثر یہ ہے کہ جو مائیں بے نماز ہوتی ہیں، اگر باپ کوشش بھی کریں تب بھی ان کی کوشش اتنا اثر نہیں رکھتی جتنا اس صورت میں کہ جب مائیں نمازی ہوں اسی لئے قرآن کریم مردوں کو یہ تعلیم دیتا ہے کہ سب سے پہلے اپنی عورتوں کی حفاظت کرو اور ان کو تربیت دو۔ چناچہ حضرت اسماعیل علیہ السلام والی مثال میں بچوں کا ذکر نہیں فرمایا بلکہ یہ فرمایا کہ وہ اپنے خاندان کے ہر فرد کو نماز کی تعلیم دیتے تھے۔ آنحضرت ﷺ کا بھی یہی طریق تھا کہ آپؐ اپنی بیویوں کو نماز کے لئے اٹھاتے تھے۔ پھر بچوں اور دامادوں کو بھی جگایا کرتے تھے۔ چناچہ حضرت علی کرم اللہ وجہہ کے متعلق آتا ہے کہ حضور ان کے ہاں گئے اور فرمایا اٹھو، نماز کا اور عبادت کا وقت ہو گیا ہے۔“

(خطبہ جمعہ یکم اپریل 1983ء)

3۔ ”پس ہمیں بھی اپنے گھروں میں یہی اسوہ زندہ کرنا پڑے گا۔ مرد اپنی بیویوں کو نماز کا پابند کریں اور ان سے یہ توقع رکھیں کہ جب وہ خود گھر پر نہ ہوں تو عورتیں ان کے نائب کے طور پر بچوں کی نمازوں کی حفاظت کریں گی۔ اگر گھروں میں نمازوں کی فیکٹریاں نہ بنیں تو پھر جماعتی تنظیم کی کوششیں پوری طرح کارآمد نہیں ہو سکتیں۔ خدام الاحمدیہ اور انصاراللہ کو ان بچوں کے لئے بہت محنت کرنی پڑتی ہے جن کے والدین نماز سے غافل ہوتے ہیں۔ ہزار کوشش کے بعد ان کو وہ پھل ملتا ہے جو گھر میں والدین صرف چند کلمات کے ذریعہ حاصل کر سکتے ہیں۔ جب دیکھیں کہ نماز کا وقت ہو گیا ہے تو بچے کو بتائیں اور نماز کے لئے کہیں چنانچہ لجنہ اماء اللہ کی طرف سے ماؤں کو تاکید ہونی چاہئے اور خاوندوں کی طرف سے بیویوں کو تاکید ہونی چاہئے کہ وہ اس کام میں مدد کریں اور اپنی اولاد کو بچانے کی کوشش کریں۔“

(خطباتِ طاہر جلد 2 صفحہ 199)



ارشادات

حضرت خلیفۃ المسیح الثالث رحمہ اللہ تعالیٰ

حضرت خلیفہ المسیح الثالث رحمہ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں کہ:

1۔ ”پرستش کا دعویٰ کرنا اور یہ کہنا کہ ہم عبادت کر رہے ہیں آسان ہے لیکن کرنا مشکل ہے کیونکہ عبادت صرف نمازیں پڑھنے کا نام نہیں قیامِ رکوع اور سجود کو ظاہری شکل میں بجالانے کا نام ہی عبادت نہیں ہے خالی زکوٰۃ دے دینا بھی عبادت نہیں محض روزے رکھنا بھی عبادت نہیں بلکہ اِس کے پیچھے ایک روح ہے جس کی ضرورت ہے۔ اگر ہماری نماز، اگر ہمارے روزے، اگر ہماری زکوٰۃ اور اگر ہماری دوسری عبادات زندہ ہیں تو وہ قبول ہوں گی، اگر مردہ ہیں تو جو مردوں سے سلوک کیا جاتا ہے وہی ان سے کیا جائے گا۔

(بحوالہ خطباتِ ناصر جلد دوم صفحہ ۱۶۴)

2 ۔ ”نبی کریم ﷺ کا ارشاد یہ ہے کہ ہر نماز پہلی نماز اور اپنے درمیان کے وقفہ (میں سرزد ہونے والی خطاؤں کو معاف کرواتی ہے) اس درمیانی وقفہ میں جہاں نماز کی عبادت کی علاوہ دوسری ذمہ داریاں انسان نباہتا ہے۔ ان میں کوئی ایسا وقفہ نہیں جو دو نمازوں کے درمیان نہ ہو۔ صبح کی نماز اور ظہر کے درمیان، ظہر اور عصر کے درمیان، عصر اور مغرب کے درمیان، مغرب اور عشاء کے درمیان، عشاء اور صبح کی نماز کے درمیان، یہی ہماری زندگی ہے۔ دن اسی کا مجموعہ ہے۔ پانچ نمازوں کے اوقات مل کر ایک دن بن جاتے ہیں اور یہ دن مل کر ہفتے بن جاتے ہیں اور ہفتے پھر سال بن جاتے ہیں اور کئی سال اکٹھے ہو کر ہماری عمر بن جاتے ہیں۔ خدا تعالیٰ نے نبی کریم ﷺ کی معرفت ہمیں یہ بشارت دی کہ نماز، نماز کے درمیان کی جو کوتاہیاں اور غفلتیں ہیں ان کے لئے نماز میں دعا کرو اور اللہ تعالیٰ سے کہو کہ جو ہم سے غفلتیں ہو گئی ہیں وہ دور کر اور ہمیں معاف کر دے لیکن غفلتوں سے مراد کبائر نہیں بلکہ چھوٹے چھوٹے گناہ ہیں جو انسانی کمزوریوں کے نتیجہ میں اس سے سرزد ہو جاتے ہیں اور نبی کریم ﷺ نے فرمایا ہے کہ جمعہ اور جمعہ کے درمیان کے وہ صغائر، وہ چھوٹے چھوٹے گناہ جو ہماری نمازیں معاف نہیں کروا سکیں جمعہ کی بعض گھڑیاں ایسی ہیں جن میں خدا کے حضور جھکو اور کہو کہ اے خدا ہم نے کوشش کی لیکن ہماری کمزور کوششوں کے نتائج پورے نہیں نکل سکتے جب تک تیرا فضل شامل حال نہ ہو۔

(بحوالہ خطبات ناصر جلد پنجم صفحہ ۶۷۶۔۶۷۵)(خطبہ جمعہ ۱۱ / اکتوبر ۱۹۷۴ء)

2 ۔ ”میں جس چیز کی طرف جماعت کو متوجہ کرنا چاہتا ہوں اور جس پر زور دینا چاہتا ہوں وہ یہ ہے کہ نماز باجماعت میں باقاعدگی پیدا کی جائے اور اُس کے لئے بشاشت پیدا کی جائے پھر (بیعت) کے ماحول سے محبت پیدا کرنا ضروری ہے اور اُس کی طرف ساری جماعت کو انصار اللہ کو بھی خدّام الاحمدیہ کو اور جماعت کی تنظیم کو بھی متوجہ ہونا چاہیئے۔“ (خطباتِ ناصر جلد 2 صفحہ 643)

ارشادات

حضرت خلیفۃ المسیح الثانی رضی اللہ تعالیٰ عنہ

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الثانی رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ:

1۔ ”نماز جو ہے وہ پہلا قدم ہے عبودیت کا۔ جو شخص کبھی کبھی نماز چھوڑ دیتا ہے وہ یہودیوں اور ضالین میں شمار ہو گا۔ پس جن سے خطا ہوئی ہے وہ سنبھل جائیں اور اپنے ایمان کی فکر کریں۔ جو شخص نماز چھوڑتا ہے میں اس کو یقین دلاتا ہوں کہ اس کو کبھی ایمان کی موت نصیب نہ ہو گی۔ موت سے پہلے کوئی ضرور ایسا حادثہ اسے پیش آجائے گا کہ جس کی وجہ سے وہ ایمان سے محروم ہو گا اور اس طرح بے ایمان ہو کر مرے گا۔ کیا ساری عمر تم قربانیاں کر کے پھر مرتے وقت بے ایمان ہو کر دنیا سے چلے جاؤ گے۔ پس نماز کو چھوڑنا کوئی معمولی بات نہیں۔ عام طور پر لوگ جو نماز پڑھتے ہیں اور کبھی کبھی چھوڑ دیتے ہیں وہ رسم کے طور پر جنبہ داری کے طور پر دکھلاوے کے لئے نماز پڑھتے ہیں۔“

(الفضل ۲۸ ستمبر ۱۹۲۳ء)

2۔ ”میں یہاں کی جماعت کو..... خصوصیت سے نصیحت کرتا ہوں وہ نمازوں میں سستی کو چھوڑیں۔ خدا کے لئے نمازیں پڑھو۔ پھر دیکھو خدا کے کیا فضل تم پر ہوتے ہیں۔ میں تو کہتا ہوں خواہ کتنا ہی نقصان ہو۔ نماز کو کبھی نہ چھوڑیں۔ بعض کہتے ہیں کہ نماز بھول جاتی ہے۔ میرے نزدیک بھول کر نماز کا چھوڑنا بھی در حقیقت عمداً نماز کا چھوڑنا ہے۔ کیا وہ ماں جس کا بچہ ایک دفعہ اس کے ہاتھ سے نکل جانے کی وجہ سے سٹیشن پر گاڑی کے نیچے آجاتا ہے کیا پھر کبھی وہ اپنے بچہ کو اپنی انگلی سے جدا رکھے گی۔ پھر کیوں کر ممکن ہے کہ ایک شخص کو نماز بھول جاتی ہے۔ یا نماز پڑھنے سے پہلے وہ سو جاتا ہے۔ اگر تم دیکھتے ہو کہ عشاء سے پہلے چارپائی پر لیٹنے سے نیند آجاتی ہے تو تم کیوں اپنی جگہ پر لیٹتے ہو جہاں تم پر غفلت طاری ہوتی ہے۔ اگر تمہاری آنکھوں کے سامنے نماز چھوڑنے کی سزا کا بھیانک نظارہ آجائے تو پھر تم کیسے نماز سے پہلے سو سکتے ہو۔

پس جو شخص بار بار بھول جاتا ہے وہ بھی جان بوجھ کر نماز چھوڑنے والے کے مطابق ہے اور بار بار نماز بھول جانا بھی خطرناک ہے۔ اس لئے اس سے بھی بچو اور نماز کو مظبوطی کے ساتھ پکڑو۔ کم از کم ہمارے اور دوسروں کے درمیان یہ امتیاز تو ہو کہ ہم میں سے ایک بھی بے نماز نہ ہو۔ کوئی تارک نماز نہ ہو۔ باقی میرا تو یہ بھی عقیدہ ہے کہ جو باجماعت نماز نہیں پڑھتا وہ بھی تارک نماز ہے۔ اللہ تعالیٰ ہمیں اس بات کی توفیق دے کہ ہم سچا نمونہ اس کی اطاعت کا ہوں اور کم سے کم یہ کہ ہم نماز باجماعت کے پابند ہوں۔“ (الفضل ۲۸ ستمبر ۱۹۲۳ء)

(بحوالہ خطباتِ محمود جلد ۸ صفحہ ۲۰۶)

3۔ ”مسجد کی نماز معمولی چیز نہیں۔ یہ ایک بہت بڑی نیکی ہے۔ جو قومیں مسجدوں کو آباد نہیں کرتیں وہ بڑے بڑے مدارج حاصل نہیں کرتیں۔ مسجد امیر غریب کا امتیاز مٹاتی ہے۔ دونوں پہلو بہ پہلو کھڑے ہوتے ہیں۔ پھر کبھی غریب آگے ہوتا ہے اور امیر پیچھے تو امیر کا سر غریب کے پاؤں سے لگتا ہے۔ اس طرح امراء کا تکبر ٹوٹتا ہے اور پھر مساجد میں مسلمانوں کو ایک دوسرے کی حالت دیکھ کر پتہ لگتا ہے کہ وہ کس حالت میں ہیں۔ پھر جب کمزور جماعت کے ساتھ نماز ادا کرتا ہے تو اوروں کے ساتھ مل کر اس کی دعا بھی قبول ہو جاتی ہے تو اس مسئلے میں بڑے بڑے فوائد ہیں۔ (خطباتِ محمود جلد ۵ صفحہ ۱۰۴۔۱۰۳)



ارشادات

حضرت خلیفۃ المسیح الاوّل رضی اللہ تعالیٰ عنہ

حضرت خلیفہ المسیح الاوّل رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ:

1۔ ”صلوٰۃ کیا ہے؟ اس کا جواب خود اللہ تعالیٰ نے اپنی پاک کتاب میں دیا ہے اِنَّ الصَّلٰوۃَ تَنْھٰی عَنِ الْفَحْشَاءِ وَالْمُنْکَرِ (العنکبوت:۴۶) نماز تمام بے حیائیوں اور بدکاریوں سے روکتی ہے پس اگر نماز پڑھ کر بھی بے حیائیاں اور بدیاں نہیں رکتی ہیں تو سمجھ لینا چاہیے کہ ابھی تک نماز اپنے اصل مرکز پر نہیں اور وہ سچا مفہوم جو نماز کا ہے وہ حاصل نہیں ہوا۔ اس لئے میں تم سب کو جو یہاں موجود ہیں مخاطب کر کے کہنا چاہتا ہوں کہ تم اپنی نمازوں کا اسی معیار پر امتحان کرو اور دیکھو کہ کیا تمہاری بدیاں دن بدن کم ہو رہی ہیں یا نہیں۔ اگر نسبتاً ان میں کوئی فرق واقع نہیں ہوا تو پھر یہ خطرناک بات ہے۔“ (بحوالہ خطبات نور صفحہ ۱۹۰)

2۔ ” نماز ایک حکم ہے اس کی تعمیل ضروری ہے، لذت حاصل کرنے کے لئے نہیں بلکہ فرمانبرداری کے واسطے۔ اگر لذت والی شے ہوتی تو ہر ایک اس کو کرتا اور لذت لینے کے لئے کرتا۔ پھر ثواب کہاں سے حاصل ہوتا۔ ارشاد الٰہی کی تعمیل انسان کے واسطے ضروری ہے ۔ مالک راضی ہو گیا تو سارے جہان کے نفعے اس میں آجاتے ہیں۔“

(ماخوذ از کلام امیر۔ البدر جلد ۱۲ نمبر ۳۱ تا ۳۳ مورخہ ۲۷ فروری ۱۹۱۳ء صفحہ ۹ تا ۱۲)

(بحوالہ ارشادات نور جلد سوم صفحہ ۲۷۲)

3۔ ” نماز ایک معراج ہے مومن کی۔ ایک بادشاہ آتا ہے تو کس قدر اس کے لیے تیاریاں ہوتیں اور کیسی کیسی صفائیاں ہوتی ہیں۔ مومن نماز میں اپنے ربّ سے سرگوشی کرتا ہے اس کے لیے بادشاہ کی ملاقات سے کہیں زیادہ تیاری کرنی چاہئے۔“

(بحوالہ ارشادات نور جلد دوم صفحہ ۵۱۲)

4۔ ”اَقِیْمُوا الصَّلٰوۃَ (البقرۃ:۴۴) نماز کو قائم کرو۔ بعض کام روزمرہ کی عادت بن جاتے ہیں پھر ان کا لطف نہیں رہتا۔ دیکھا گیا ہے کہ زبان سے اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی ہو رہا ہے مگر قلب کی توجہ کام کی طرف ہے۔ پس نماز کو سنوار کر پڑھو اور جو معاہدہ نماز میں کرتے ہو عملی زندگی میں اِس کا اثر دیکھو۔ زبان سے کہتے ہو اِیَّاکَ نَعْبُدُ (الفاتحہ:۵) ہم تیرے فرمانبردار ہیں مگر کیا فرمانبرداری پر ثابت قدم ہو؟ پھر واعظوں کو ڈانٹا ہے کہ تم دوسروں کو نیکی کی نسبت کہتے ہو اور اپنے تئیں بھلاتے ہو۔ پس تم دونوں سنانے والے اور سننے والے ثابت قدمی سے کام لو اور دعا کرو۔ نماز پڑھو کہ یہ دونوں کام خَاشِعِیْنَ پر گراں نہیں۔ جب مذکر و مئونث دونوں جمع ہوں تو عربی قواعد کے لحاظ سے ضمیر مئونث کی طرف جاتی ہے۔ انگریزی میں بھی مرد و عورت میں سے عورت کو پہلے مخاطب کرتے ہیں۔ جن کو اللہ تعالیٰ کے حضور حاضر ہونے کا یقین ہو وہی حقیقی خشوع کر سکتے ہیں۔“ (بدر جلد ۸ نمبر ۵۔۔۔ ۱۰ دسمبر ۱۹۰۸ء صفحہ ۲)

(بحوالہ خطبات نور صفحہ ۳۶۶۔۳۶۵)

ارشادات

حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام

حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام فرماتے ہیں کہ:

1۔ ”اس نسخہ کو ہمیشہ یاد رکھو اور اس سے فائدہ اٹھاؤ کہ جب کوئی دکھ یا مصیبت پیش آوے تو فوراً نماز میں کھڑے ہو جاؤ اور جو مصائب اور مشکلات ہوں ان کو کھول کھول کر اللہ تعالیٰ کے حضور عرض کرو کیونکہ یقیناً خدا ہے اور وہی ہے جو ہر قسم کی مشکلات اور مصائب سے انسان کو نکالتا ہے۔ وہ پکارنے والے کی پکار کو سنتا ہے۔ اس کے سوا کوئی نہیں جو مددگار ہو سکے۔ بہت ہی ناقص ہیں وہ لوگ کہ جب ان کو مشکلات پیش آتی ہیں تو وہ وکیل، طبیب یا اور لوگوں کی طرف تو رجوع کرتے ہیں مگر خدا تعالیٰ کا خانہ بالکل خالی چھوڑ دیتے ہیں۔ مومن وہ ہے جو سب سے اوّل خدا تعالیٰ کی طرف دوڑے۔“ (بحوالہ ملفوظات جلد پنجم صفحہ ۹۶)

2۔ ”خدا بڑی دولت ہے۔ اس کے پانے کے لئے مصیبتوں کے لئے تیار ہو جاؤ۔ وہ بڑی مراد ہے۔ اس کے حاصل کرنے کے لئے جانوں کو فدا کرو۔ عزیزو! خدائے تعالیٰ کے حکموں کو بے قدری سے نہ دیکھو۔ موجودہ فلسفہ کی زہر تم پر اثر نہ کرے۔ ایک بچے کی طرح بن کر اس کے حکموں کے نیچے چلو۔ نماز پڑھو، نماز پڑھو کہ وہ تمام سعادتوں کی کنجی ہے اور جب تُو نماز کے لئے کھڑا ہو تو ایسا نہ کر کہ گویا تو ایک رسم ادا کر رہا ہے بلکہ نماز سے پہلے جیسے ظاہری وضو کرتے ہو ایسا ہی ایک باطنی وضو بھی کرو اور اپنے اعضاء کو غیر اللہ کے خیال سے دھو ڈالو۔ تب ان دونوں وضوؤں کے ساتھ کھڑے ہو جاؤ اور نماز میں بہت دعا کرو اور رونا اور گڑگڑانا اپنی عادت کر لو تا تم پر رحم کیا جائے۔“

(ازالہ اوہام حصہ دوم روحانی خزائن جلد ۳ صفحہ ۵۴۹)

3۔ ”غرض محبت سے بھری ہوئی یادِ الٰہی جس کا نام نماز ہے وہ درحقیقت ان کی غذا ہو جاتی ہے جس کے بغیر وہ جی ہی نہیں سکتے اور جس کی محافظت اور نگہبانی بعینہٖ اس مسافر کی طرح وہ کرتے رہتے ہیں جو ایک دشت بے آب و دانہ میں اپنی چند روٹیوں کی محافظت کرتا ہے جو اس کے پاس ہیں اور اپنے کسی قدر پانی کو جان کے ساتھ رکھتا ہے جو اس کی مشک میں ہے۔“

(تفسیر حضرت مسیح موعودؑ جلد ۳ صفحہ نمبر: ۳۷۱)

(بحوالہ خطبات طاہر جلد ۴ صفحہ ۹۴۱۔۹۴۰)

4۔ ”یاد رکھو اُس نے ایمان کا حظ نہیں اٹھایا جس نے نماز میں لذّت نہیں پائی۔ نماز صرف ٹکروں کا نام نہیں ہے۔ بعض لوگ نماز کو تو دو چار چونچیں لگا کر جیسے مرغی ٹھونگیں مارتی ہے۔ ختم کرتے ہیں اور پھر لمبی چوڑی دُعا شروع کرتے ہیں، حالانکہ وہ وقت جو اللہ تعالیٰ کے حضور عرض کرنے کے لیے ملا تھا۔ اُس کو صرف ایک رسم اور عادت کے طور پر جلد جلد کرنے میں گذار دیتے ہیں اور حضورِ الٰہی سے نکل کر دُعا مانگتے ہیں۔ نماز میں دُعا مانگو۔ نماز کو دُعا کا ایک وسیلہ اور ذریعہ سمجھو۔“ (ملفوظات جلد 1 صفحہ نمبر 402)

حمد رب العالمین

حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام

کس قدر ظاہر ہے نُور اُس مبدَءُ الانوار کا
بن رہا ہے سارا عالَم آئینہ اَبصار کا

چاند کو کل دیکھ کر مَیں سخت بے کَل ہو گیا
کیونکہ کچھ کچھ تھا نشاں اُس میں جمالِ یار کا

اُس بہارِ حُسن کا دِل میں ہمارے جوش ہے
مت کرو کچھ ذِکر ہم سے تُرک یا تاتار کا

ہے عجب جلوہ تری قُدرت کا پیارے ہر طرف
جس طرف دیکھیں وہی رہ ہے ترے دیدار کا

چشمۂ خورشید میں موجیں تری مشہود ہیں
ہر ستارے میں تماشہ ہے تری چمکار کا

تو نے خود روحوں پہ اپنے ہاتھ سے چھڑکا نمک
اُس سے ہے شورِ محبّت عاشقانِ زار کا

کیا عجب تو نے ہر اک ذرّہ میں رکھے ہیں خواص
کون پڑھ سکتا ہے سارا دفتر ان اسرار کا

تیری قُدرت کا کوئی بھی انتہا پاتا نہیں
کِس سے کُھل سکتا ہے پیچ اِس عُقدۂ دشوار کا

خُوبرُویوں میں ملاحت ہے، ترے اس حُسن کی
ہر گل و گلشن میں ہے ، رنگ اس ترے گلزار کا

چشمِ مستِ ہر حسیں ہر دم دکھاتی ہے تجھے
ہاتھ ہے تیری طرف ہر گیسوئے خمدار کا

آنکھ کے اندھوں کو حائل ہوگئے سَو سَو حجاب
ورنہ تھا قبلہ ترا رُخ کافر و دیندار کا

ہیں تِری پیاری نگاہیں دِلبرا اِک تیغِ تیز
جن سے کٹ جاتا ہے سب جھگڑا غمِ اَغیار کا

تیرے ملنے کے لئے ہم مِل گئے ہیں خاک میں
تا مگر درماں ہو کُچھ اس ہجر کے آزار کا

ایک دم بھی کَل نہیں پڑتی مجھے تیرے سوا
جاں گھٹی جاتی ہے جیسے دل گھٹے بیمار کا

شور کیسا ہے تیرے کوچہ میں لے جلدی خبر
خُوں نہ ہو جائے کِسی دیوانہ مجنوں وار کا

اداریہ

نماز دینِ اسلام کے بنیادی ارکان میں سے ہے۔ اللہ اور اس کے رسول ﷺ پر ایمان کے بعد اہم ترین رکن ہے۔ اسلامی عبادات میں سب سے افضل عبادت نماز ہے۔ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے، آپ ﷺ نے فرمایا: یقیناً پہلی چیز جس کا حساب بندہ سے لیا جائے گا وہ نماز ہے پس اگر نماز درست ہو گی تو بندہ کے جملہ اعمال درست ہوں گے اور اگر نماز درست نہ ہوئی تو دوسرے تمام اعمال بھی درست نہیں ہوں گے۔ (ترمذی)

حضرت مسیح موعود علیہ السلام فرماتے ہیں۔

" نماز ساری ترقیوں کی جڑ اور زینہ ہے اسی لئے کہا گیا ہے کہ نماز مومن کا معراج ہے۔ اس دین میں ہزاروں لاکھوں اولیاء اللہ، راست باز، ابدال، قطب گزرے ہیں۔ انہوں نے یہ مدارج اور مراتب کیونکر حاصل کئے؟ اسی نماز کے ذریعہ سے۔ خود آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں قُرَّةُ عَيْنِيْ فِي الصَّلٰوةِ یعنی میری آنکھوں کی ٹھنڈک نماز میں ہے اور فی الحقیقت جب انسان اس مقام اور درجہ پر پہنچتا ہے تو اسکے لئے اکمل اتم لذت نماز ہی ہوتی ہے۔" (ملفوظات جلد چہارم ص605)

انسان فطری طور پر مل جل کر رہنا پسند کرتا ہے اور اجتماعی معاملات کے سلسلے میں آپس میں مشورہ کرتا ہے اور مجالس اس کی بنیادی ضرورت ہے، اسلام زندگی کے ہر شعبہ میں ہماری رہنمائی کرتا ہے اسی لئے ہمارے مذہب نے مجلس کے متعلق ایسے آداب مقرر کیے ہیں جن سے اہل ایمان کی مجلسوں میں متانت و سنجیدگی قائم رہے۔ مجلس کے ہر شریک کو مافی الضمیر بیان کرنے کی اجازت ہو اور اسے کسی قسم کے احساس کمتری کا شائبہ نہ ہو۔ مجلس میں بیٹھنے کے کون سے آداب ہیں؟ اور اہل مجلس سے کیسا برتاؤ کرنا چاہیے؟

حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز اپنے خطبہ جمعہ فرمودہ 16 جولائی 2004ء میں مجالس کی اقسام کے بارے میں فرماتے ہیں کہ:

"مجالس کی بھی کئی قسمیں ہوتی ہیں۔ کچھ مجلسیں دنیاداری کے لئے لگتی ہیں اور کچھ مجلسیں دین کی خاطر ہوتی ہیں۔ لیکن ایک مومن کے لئے دنیاوی مجالس بھی اگر وہ اللہ تعالیٰ کے خوف، خشیت اور تقویٰ پر قائم رہتے ہوئے لگائی جائیں تو اللہ تعالیٰ کی رضا حاصل کرنے والی بن جاتی ہیں۔"

قارئین کرام! "مریم میگزین" کا شمارہ نمبر ۱۰ پیشِ خدمت ہے۔ الحمدللہ۔ گذشتہ سال منعقدہ مجلسِ شوریٰ لجنہ اماء اللہ آئرلینڈ کی جن تجاویز کو حضورِ اقدس نے اظہارِ شفقت منظور فرمایا تھا ان فیصلہ جات کے موضوعات کو امسال میگزین کی زینت بنایا گیا ہے جن میں نماز، مجالس کے آداب اور سوشل میڈیا کا ذمہ دارانہ استعمال شامل ہیں۔ امید ہے ان موضوعات سے متعلق خطبات و مضامین قارئین کی علمی تسکین کا باعث ہونگے۔

دعا ہے کہ ہم عاجزی اور دلی شکر گزاری کے ساتھ اپنی نمازوں کی حفاظت کرنے والے ہوں، مجالس کے آداب کو ملحوظ رکھتے ہوئے مجالس کے حقوق ادا کرنے والے ہوں۔ اور لغویات سے بچتے ہوئے جدید علوم اور سوشل میڈیا سے صحیح معنوں میں فائدہ اٹھانے والے ہوں۔ آمین۔

فرح دیبا

مدیرہ مریم میگزین اردو سیکشن

مکتوب حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز

وَاجْعَلْ لِّي مِنْ لَّدُنْكَ سُلْطَانًا نَّصِيرًا
رَبِّ فَتَحْنَا لَكَ فَتْحًا مُّبِينًا
وَيَنْصُرَكُمُ اللّٰهُ نَصْرًا عَزِيزًا

امام جماعت احمدیہ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

نَحْمَدُهٗ وَنُصَلِّي عَلٰى رَسُوْلِهِ الْكَرِيْمِ وَعَلٰى عَبْدِهِ الْمَسِيْحِ الْمَوْعُوْدِ

خدا کے فضل اور رحم کے ساتھ

ھوالنّاصر

مکرمہ صدر صاحبہ لجنہ اماء اللہ، آئرلینڈ

السلام علیکم ورحمتہ اللہ وبرکاتہ،

آپ کی طرف سے علمی مجلّہ مریم کا نواں شمارہ موصول ہوا۔ جزاکم اللہ تعالیٰ

دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ لجنہ آئرلینڈ کی اس کاوش کو قبول فرمائے آمین۔ نیز دس شرائط بیعت کو تدبر سے سمجھنے اور ان پر کاربند رہنے کی ہمیشہ توفیق دے۔ آمین۔

علمی مجلّہ آپ سب کی اخلاص ولگن سے کی گئی کوششوں کی عکاسی کرتا ہے۔ معیار بھی اعلیٰ ہے۔ الحمدللہ۔

خطبات جمعہ نیز دیگر سب مضامین قارئین کے لئے نافع الناس و ازدیان ایمان کا باعث ہوں۔ آمین۔

اللہ تعالیٰ سے دُعا ہے کہ دس شرائط بیعت کے تناظر میں سب ہی مضامین لجنہ وناصرات دونوں کے لئے مشعل راہ ہوں اور ان کے مطابق زندگیاں گزرنے کے نتیجہ میں دنیوی واخروی جنتوں کی وارث ٹھہریں۔ آمین

اللہ تعالیٰ لجنہ آئرلینڈ کو سلطان القلم عطا فرمائے۔ نیز اللہ تعالیٰ ہمیشہ آپ سب کے ساتھ ہو اور اپنے بے شمار فضلوں وترقیات سے نوازتا رہے۔ آمین۔ والسلام

خاکسار

خلیفۃ المسیح الخامس

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ وَّ بَارِکْ وَ سَلِّمْ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ

❖ حضرت ابو ایّوب انصاریؓ بیان کرتے ہیں کہ ایک آدمی نے آنحضرت ﷺ کی خدمت میں عرض کیا۔ اے اللہ کے رسول! کوئی ایسا عمل بتایئے جو مجھے جنت میں لے جائے اور آگ سے دور کر دے۔ آپ ﷺ نے فرمایا۔ اللہ تعالیٰ کی عبادت کر۔ اس کے ساتھ کسی چیز کو شریک نہ ٹھہرا۔ نماز پڑھ۔ زکوٰۃ دے اور صِلہ رحمی کر یعنی رشتہ داروں کے ساتھ پیار و محبّت سے رہ۔ (بخاری کتاب الادب باب فضل صلہ الرحم)

❖ حضرت جابرؓ بیان کرتے ہیں کہ میں آنحضرت ﷺ کو یہ فرماتے ہوئے سُنا کہ نماز کو چھوڑنا انسان کو شرک اور کفر کے قریب کر دیتا ہے۔ (مسلم کتاب الایمان باب بیان اطلاق اسم الکفر علیٰ من ترک الصلوٰۃ)

❖ حضرت ابو ہریرہؓ بیان کرتے ہیں کہ میں نے آنحضرت ﷺ کو یہ فرماتے ہوئے سُنا۔ کیا تم سمجھتے ہو کہ اگر کسی کے دروازے کے پاس سے نہر گذر رہی ہو اور وہ اس میں دن میں پانچ بار نہائے تو اس کے جسم پر کوئی میل رہ جائے گی؟ صحابہؓ نے عرض کیا۔ یا رسول اللہ! کوئی میل نہیں رہے گی۔ آپ ﷺ نے فرمایا۔ یہی مثال پانچ نمازوں کی ہے اللہ تعالیٰ ان کے ذریعہ گناہ معاف کرتا ہے اور کمزوریاں دور کر دیتا ہے۔

(بخاری کتاب مواقیت الصلوٰۃ باب الصلوٰۃ الخمس کفارۃ للخطاء)

(حدیقۃ الصالحین صفحہ 251-253)

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اللہ کے نام کے ساتھ جو بے انتہا رحم کرنے والا، بن مانگے دینے والا (اور) بار بار رحم کرنے والا ہے۔

- فَاِذَا قَضَیۡتُمُ الصَّلٰوۃَ فَاذۡکُرُوا اللّٰہَ قِیٰمًا وَّ قُعُوۡدًا وَّ عَلٰی جُنُوۡبِکُمۡ ۚ فَاِذَا اطۡمَاۡنَنۡتُمۡ فَاَقِیۡمُوا الصَّلٰوۃَ ۚ اِنَّ الصَّلٰوۃَ کَانَتۡ عَلَی الۡمُؤۡمِنِیۡنَ کِتٰبًا مَّوۡقُوۡتًا ○ ﴿4-104﴾

پھر جب تم نماز ادا کر چکو تو اللہ کو یاد کرو کھڑے ہونے کی حالت میں بھی اور بیٹھے ہوئے بھی اور اپنے پہلوؤں پر بھی۔ پھر جب تمہیں اطمینان ہو جائے تو نماز کو قائم کرو۔ یقیناً نماز مومنوں پر ایک وقتِ مقررّہ کی پابندی کے ساتھ فرض ہے۔

- اُتۡلُ مَاۤ اُوۡحِیَ اِلَیۡکَ مِنَ الۡکِتٰبِ وَ اَقِمِ الصَّلٰوۃَ ؕ اِنَّ الصَّلٰوۃَ تَنۡہٰی عَنِ الۡفَحۡشَآءِ وَ الۡمُنۡکَرِ ؕ وَ لَذِکۡرُ اللّٰہِ اَکۡبَرُ ؕ وَ اللّٰہُ یَعۡلَمُ مَا تَصۡنَعُوۡنَ ○ ﴿29-46﴾

تُو کتاب میں سے، جو تیری طرف وحی کیا جاتا ہے، پڑھ کر سنا اور نماز کو قائم کر۔ یقیناً نماز بے حیائی اور ہر ناپسندیدہ بات سے روکتی ہے۔ اور اللہ کا ذکر یقیناً سب (ذکروں) سے بڑا ہے۔ اور اللہ جانتا ہے جو تم کرتے ہو۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

فہرست مضامین

شمارہ نمبر10

لجنہ اماءِ اللہ آئرلینڈ

1۔ فرمانِ الٰہی	03
2۔ حدیثِ نبوی ﷺ	04
3۔ مکتوب حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ	05
4۔ اداریہ	06
5۔ حمد رب العالمین کلام حضرت مسیح موعود علیہ السلام	07
6۔ ارشادات حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام	08
7۔ ارشادات حضرت خلیفۃ المسیح الاوّل رضی اللہ تعالیٰ عنہ	09
8۔ ارشادات حضرت خلیفۃ المسیح الثانی رضی اللہ تعالیٰ عنہ	10
9۔ ارشادات حضرت خلیفۃ المسیح الثالث رحمہ اللہ تعالیٰ	11
10۔ ارشادات حضرت خلیفۃ المسیح الرابع رحمہ اللہ تعالیٰ	12
11۔ ارشادات حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز	13
12۔ پاکیزہ منظوم کلام حضرت مسیح موعود علیہ السلام	14
13۔ خطبہ جمعہ۔ فرمودہ 20 جنوری 2017	15
14۔ خلاصہ خطبہ جمعہ۔ فرمودہ 29 ستمبر 2017	25
15۔ نظم۔ اپنی بگڑی سنوار آدھی رات (چوہدری محمد علی مضطر عارفی)	27
16۔ تہجد کے لئے اٹھنے کے تیرہ طریق (بیان فرمودہ: حضرت مصلح موعودؓ)	28
17۔ نماز باجماعت کی اہمیت (ناجیہ نصرت ملک ایسٹ جماعت)	32
18۔ اَقِیۡمُوا الصَّلٰوۃَ وَاٰتُوا الزَّکٰوۃَ (منیبہ عارف۔ ویسٹ جماعت)	39
19۔ حقیقی نماز (صباوحید ایسٹ جماعت)	42
20۔ نماز کے سات درجات از تفسیر کبیر	43
21۔ نظم۔ مُنکر و فَحشا سے انساں کو بچاتی ہے نماز	45
22۔ خطبہ جمعہ۔ فرمودہ 22 ستمبر 2017ء	46
23۔ مجالس کے حقوق اور آداب (ساجدہ علیم ایسٹ جماعت)	54
24۔ نظم۔ ذکرِ خدا پہ زور دے ظلمتِ دل مٹائے جا	62
25۔ مساجد کے آداب (دروس رمضان المبارک از این اے ظفر مربی سلسلہ)	63
26۔ ایک مومن عورت اور زندگی کے آداب (قانتہ نونن ویسٹ جماعت)	65
27۔ آدابِ طعام (مرسلہ عنبرین رؤف ایسٹ جماعت)	68
28۔ خلاصہ خطبہ جمعہ۔ فرمودہ 2/ اگست 2013ء	70
29۔ فیس بُک (ارشاد عرشی ملک)	72
30۔ ہجر کی تنہائی کچھ یوں گزار لیتے ہیں (مسرت النساء ایسٹ جماعت)	73
31۔ خلفائے احمدیت کی قبولیتِ دعا کے چند ایمان افروز واقعات (عائشہ ملک ایسٹ جماعت)	75
32۔ نظام جماعت سے وابستگی اور اطاعت عہدیداران (دروس رمضان المبارک از این اے ظفر مربی سلسلہ)	78
33۔ اسلام میں عورت کا مقام (شمیفہ ظہیر ایسٹ جماعت)	80
34۔ رپورٹ مجلس شوریٰ لجنہ اماء اللہ آئرلینڈ 2017	83
35۔ خطوط	86
36۔ بزمِ خواتین	89
37۔ پکوان	90

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

مریم

میگزین 2018

شمارہ نمبر 10

نگرانِ اعلیٰ: ڈاکٹر محمد انور ملک صاحب (نیشنل صدر جماعت آئرلینڈ)

زیرِ نگرانی: ساجدہ علیم صاحبہ (نیشنل صدر لجنہ اماء اللہ آئرلینڈ)

نیشنل سیکرٹری اشاعت: طیبہ مشہود صاحبہ

مدیرہ اردو: فرح دیبا صاحبہ

سرِورق: سحرش ظہور صاحبہ

تزئین وزیبائش: شازیہ مظفر صاحبہ

ایڈیٹوریل بورڈ: طیبہ مشہود صاحبہ ، فرح دیبا صاحبہ ، ناجیہ نصرت ملک صاحبہ

معاونات: فائزہ شمس صاحبہ، شائستہ پینڈر صاحبہ ، حرا ایوب صاحبہ
قرۃ العین حبیب صاحبہ ، صبا وحید صاحبہ ، سحرش ظہور صاحبہ
کائنات مرزا صاحبہ ، سمیرا ملک صاحبہ ، مہرین صبا صاحبہ

خصوصی شکریہ: احمد مظفر صاحب ، شازیہ مظفر صاحبہ